# ماہنامہ طبّی میگزین

## الطب والکیمیاء گروپ

## قسط نمبر 2

فروری 2018ء جمادی الاول 1439 ہجری



"اور جب میں بیمار ہو جاتا ہوں تو وہی مجھے شفاء دیتا ہے" (سورة الشعراء : 80)


ایڈمنز طبّی پینل وکتب




سیف علی خان

تحریر تدوین واشاعت




شیر حسن خان




کسی بھی لاعلاج مرض کے لئے طبّی پینل سے علاج کی سہولت دستیاب ہے رابطے کیلئے سیف علی خان سے رابطہ کر سکتے ہیں


فون نمبر-03129229833

واٹس اپ-03009229833




## اطلاع برائے حکمائے کرام!

جو حکماء حضرات ماہنامہ میں اپنے دواخانے کے بارے میں اشتہار دینا چاہیں وہ رابطہ کر سکتے ہیں



## زیرِ نگرانی

ڈاکٹر زمان صابر

حکیم امجد خان

## ایڈمنز طبّی پینل و کتب

سیف علی خان

## تحریر تدوین و اشاعت

شیر حسن خان

Ashraf Saanji ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 1 at 2:10pm

## کیاجڑی_بوٹیاں_فطری_علاج_ہیں؟

جنت سے جب انسان زمین پر آیا توساتھ ہی اللہ پاک نے اپنے پیغمبر آدم علیہ السلام کو تمام علوم سیکھادیئے جن میں جڑی بوٹیوں کا علم بھی شامل تھا-

جڑی کسی بوٹی کاوہ حصہ ہوتا ھے جو زمین کے نیچے ہوتا ھے اور بطور دوائی استعمال ہوتا ھے جیسے جڑ پان موصلیاں وغیرہ اس بنیاد پر ان کو جڑی کہتے ھیں-

بوٹی ایک مکمل پودا ہوتی ھے جو استعمال کی جاتی ھے دنیا میں لاکھوں اقسام دریافت کی جاچکی ھیں لیکن ابھی تین حصہ ان کا انسان کی پہنچ سے باہر ھے-0اس زمین پر ہر جگہ ان کا وجود ھے جیساماحول ملتاھے ایسی جنس پیدا ہوتی ھے-

نایاب_بوٹیاں :-

صدیوں کی تحقیق کے بعد علم سنیاس نے جو نایاب بوٹیاں دریافت کی آج ان کا علم اپنی موت مرتا جارہا ھے پروفیشنل جیلسی اور کنجوسی لالچی لوگ اپنی یا اپنے استاد کی دریافت اپنے ساتھ لے کر مر گئے اور علم کو محفوظ نہ کیا-

نایاب بوٹیاں جو دھاتوں کے کامل کشتے کرتی ھیں جو اکسیر مایا بھی ھوتے ھیں اکسیر کایا بھی جیسے سرخ پھول والی قاضی دستار جل مل بیت رکتی کالی ھیروی ہرن کھری مگر افسوس اب ان تک انسان کی پہنچ نہیں رہی ان کی اصلی پہچان اور مقام کے علم سے لوگ لاعلم ہو گئے۔

پہچان کیسے ہو؟

جس بوٹی کا داغ کپڑے پر سرخ نشان چھوڑے اور داغ پکا ہو ہر گز نہ مٹے وہ عمل سرخ کو بناتی ھے جیسے گوبی بوٹی سرخ پھول والی اونٹ کٹارا گھیکوار وغیرہ

جن بوٹیوں کا رنگ سفید داغ دے وہ پکا ہو عمل قمر کے لیے ہوتی ھے جیسے ہزار دانی ہرنولا کھٹکل وغیرہ جن کے داغ صاف ہو جائیں وہ بطور دوائی کے استعمال ہوتی ھیں

تین مزاج ھیں۔

الکلائی تیزابی نیوٹرل جو کھٹاس پیدا کریں وہ احساسی اثر رکھتی ھیں وہ امراض معدہ پر اثر کرتی ھیں تیزابی جلن پیدا کرتی ھیں سقیل مزاج لوگوں پر متحرک ہوتی ھیں نیوٹرل تمام مزاج پر کامل ھیں۔

آرسینک :۔

وہ بوٹیاں یا درخت جو آرسینکس ھیں جن کی جلد پوست میں سے سنکھیا کی بُو آئے وہ لمبی عمر پاتے ھیں ان پر مضر حشرات کا اثر نہیں ہوتا وہ ان کی بُو سے ان پر بیٹھ نہیں سکتے ایسے بوٹے بوٹیاں بیمار نہیں ہوتی۔

شوگریس :۔

اس مزاج کے درختوں پودوں میں شوگر مٹھاس ہوتی ھے اور ہر کیڑا مکوڑہ اس پر حملہ آور رہتے ھیں یہ کم عمر اور جلدی مر جاتے ھیں تمام پھل دار درخت بھی اس گروپ کا حصہ ہوتے ھیں۔

روغنی :۔

اس میں فرسکیٹر یس چیڑ بیاڑ پڑتل کچھل دیودار صنوبر اس کی بہت سی اقسام شامل ھیں یہ سدا بہار اور بہت طویل عمر والے ہوتے ھیں ان کے اندر روغن ہوتا ھے جس کی وجہ سے یہ طاقتور ہوتے ھیں اور بہت بلند بھی ان کی عمر ہزاروں سال ہوتی ھے۔

تحقیق و تحریر چوہدری غلام حسین سٹی اُف سٹر س بھلوال۔

منقول- Golden Shah کی وال سے—with Candid Folk.





Abdulkareem Azad ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 1 at 10:46pm ·

# سفوف گروتھ مردانہ سپرم

ثعلب دانہ سو گرام

تخم حیات سو گرام

مصری پچاس گرام

اِن کا باریک سفوف بنالیں

استعمال خوراک :۔

ایک چمچ چائے والا صبح خالی پیٹ

ایک چمچ چائے والا رات کو سوتے وقت دودھ سے

پرہیز :۔

نمکین کھٹی و بادی اشیاء

عبدالکریم آزاد

Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 2 at 7:15pm

## 👁آنکھوں کے نیچے تھیلا نما ورم

## The Bags Under Eyes and its Bio - Chemic treatment

وجہ تسمیہ :

اس کی ایک بڑی وجہ عمر کا بڑھنا بھی ھے۔

ہماری آنکھوں کے نچلے پپوٹوں میں، چربی کی ایک باریک تہہ ہوتی ھے جسکو وہاں پر موجود عضلات نے سہارا دیا ہوا ہوتا ھے۔

عمر کے بڑھنے کے ساتھ یہ ڈھیلے پڑ جاتے ھیں جس کیوجہ سے وہ سہارنے کی قوت کھو کر لٹک جاتے ھیں اور یوں ایک تھیلا نما سوجن آنکھوں کے نیچے ظاھر ہو جاتی ھے۔

اس قسم کی سوجن یا ورم، بایئوکیمک سالٹ Cal care flour کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتی ھے۔

اس قسم کے ورم کی دوسری وجہ، ناک کی بلغمی جھلیوں کی سوزش Rhinitis یا چہرے کے جوفوں کی سوزش □□□□□□□□□□ ھے۔

اس سوزش کی وجہ سے جوڑنے والے ریشے متورم ہو جاتے ھیں اور جب یہ ورم بیٹھ جاتا ھے (بزریعہ علاج) تو وہاں کی جلد ڈھیلی ہو کر لٹک جاتی ھے اور ایسا محسوس ہوتا ھے جیسے تھیلا۔

بعض اوقات اس ورم کی وجہ دوسرے عوامل بھی ہو سکتے ہیں۔

ڈاکٹر شسلر کے مطابق آنکھوں کے نیچے ورم کی وجہ انسان میں، بنیادی معدنیات کی کمی بھی ہے۔

اس سلسلے میں دو ٹشو سالٹس قابل ذکر ہیں۔

- نیٹرم سلف　Natrium Sulphuricum
- نیٹرم میور　Natrium Muriaticum

## 1 - Nat Sulph :

نیٹرم سلف :۔ ہمارے جسم کے ٹشوز، خون، پانی کی مقدار کو مناسب سطح پر برقرار رکھتا ہے۔اور جسم میں موجود فالتو پانی/سیال مادوں کو خارج کر دیتا ہے۔

آنکھوں کے نیچے ورم، جسم میں فاسد مادوں کی موجودگی کی نشانی ہے جو کہ گردوں اور جگر کی ناقص کارکردگی کو ظاہر کرتی ہے۔

جسم میں، نیٹرم سلف کی ضروری مقدار کی عدم موجودگی کی بناپر، جگر ان زہریلے مادوں کو جسم سے باہر نکالنے کی طاقت نہیں رکھتا۔

پاؤں پر ورم، پنڈلی پر ورم، ہتھیلیوں، انگلیوں اور آنکھوں کے نیچے ورم، جسم میں نیٹرم سلف کی کمی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

مریض کی زبان پر سبزی مائل یانسواری رنگ کی تہہ ہوتی ھے، لعابِ دھن کی زیادتی بھی پائی جاتی ھے۔

جگر بڑھ جاتا ھے، جگر کی کارکردگی سست روی کا شکار ہو جاتی ھے، جس کے باعث جگر زہریلے مادے جسم سے دفع کرنے کے قابل نہیں رھتا۔

آنتوں کی حرکات میں بیقاعدگی واقع ہو جاتی ھے، مریض، قبض، اسہال کا شکار ہو جاتا ھے، پیٹ میں ٹھہر ٹھہر کر مروڑ اٹھنے لگتے ھیں۔

پیشاب کا نظام بھی متاثر ہو سکتا ھے، جسکے باعث پیشاب روکنا مشکل ہو جاتا ھے یا پیشاب رک رک کر آتا ھے۔

لبلبہ " بانقراس " Pancreas کی رطوبات کا اخراج بھی متاثر ہو جاتا ھے، نیٹرم سلف، لبلبہ کی رطوبات کو باقاعدہ بنانے میں کردار ادا کرتا ھے۔

نیٹرم سلف کی کمی کی وجہ سے، جسم خامرے بننے اور چربی کو جزو بدن بنانے کا نظام متاثر ہو جاتا ھے۔ نتیجتاً آنتوں میں موجود مفید جراثیم پر ناخوشگوار اثر پڑتا ھے جسکی وجہ سے پیٹ میں پانی پڑ جاتا ھے۔اور مریض کھانے کے بعد انتہائی بدبودار ہوا کا اخراج کرتا ھے۔

جگر، لبلبہ اور گردوں کی ناقص کارکردگی کے باعث، جلد میں بھی فاسد مادے جمع ہو جاتے ھیں جو کہ جلدی خارش کا سبب بنتے ھیں۔

بازوؤں اور ٹانگوں پر دانے نکلتے ھیں جن میں گرمی سے خارش کی زیادتی ہوتی ھے۔ان دانوں میں سے زرد سبزی مائل مواد نکلتا ھے۔

آنکھوں کا سفید ڈھیلہ زرد ہو جاتا ھے۔ ٹھوڑی اور آنکھوں گرد جلد، سبزی مائل ہو جاتی ھے۔ اور ناک کی صورت Drunkard Nose جیسی ہو جاتی ھے۔

## 2- Natrum Mur ( common salt) خوردنی نمک

خوردنی نمک، ہمارے جسم میں، پانی کی مقدار کو اعضاء کی ضرورت کے مطابق باقاعدہ رکھتا ھے۔

ہمارے جسم کے لیئے، خوردنی نمک کی زیادہ سے زیادہ ضروری مقدار 5 گرام ھے۔ لیکن عام طور پر ایک شخص اس مقدار سے کی گنا زیادہ نمک استعمال کرتا ھے۔ تو سوال پیدا ہوتا ھے کہ پھر جسم میں نمک کی کمی کیسے واقع ہو جاتی ھے ؟

سشلر کہتا ھے، انسانی جسم کے خلیئے , cells تحلیل شدہ نمک کی ایک مخصوص مقدار کو اپنے اندر جذب کرنے کی صلاحیت رکھتے ھیں، اور جب اس سے زیادہ حل شدہ نمک خلیے کے اندر داخل ہونے کی کوشش کرتا ھے، تو خلیوں کی جھلی اسکو داخل ہونے سے روک دیتی ھے۔ اور خلیئے اپنے کو نمک سے لبریز ہونے نہیں دیتے۔

جب بار بار، خلیئے اس صورتحال سے دوچار ہوتے ھیں تو وہ نمک کی مطوبہ مقدار کو بھی جذب کرنے کی استعداد بھی کھو بیٹھتے ھیں، اور اسطرح جسم میں نمک کی کمی واقع ہو جاتی ھے، اور نظام جسم اس کمی کو پورا کرنے کی کوشش کرتا ھے جسکی وجہ سے لوگوں میں زیادہ نمک کھانے خواہش پیدا ہو جاتی ھے اور وہ زیادہ نمک کھانے کے عادی بن جاتے ھیں۔

لیکن پھر، چاھے کوئی جتنا بھی نمک استعمال کرلے اُتنا ہی اس کے جسم کے خلیئوں میں نمک کی کمی واقع ہوتی جاتی ھے۔اور پھر پانی کی مقدار کو متوازن رکھنے کے لیئے جسم اپنے اندر سے پانی کا اخراج روک دیتا ھے، خلییوں میں پانی اپنے اندر سے پانی دھکیلنے کی طاقت متاثر ہونے کی وجہ سے جسم میں پانی کی مقدار بڑھ جاتی ھے water retention، مختلف اعضاء پر ورم، سوجن آجاتی ھے، جسم سے نمک بغیر جزوٴبدن بنے نکلتا رھتا ھے۔

جسم کے وہ اعضاء جن میں باریک باریک شریانیں اور وریدیں ھیں، جیسے کری ہڈیاں، بندھن، ریشے، کمر کے مہرے وغیرہ، ان میں رطوبات جمع ہو جاتی ھیں۔

🤔جسم میں نیٹرم میور کی کمی کی علامات🤔

جسم کے جوڑنے والے ریشوں اور بندھنوں کا اچانک کھنچ جانا، موتیابند،

جلد کی خشکی، بلغمی جھلیوں mucus membranes سے رطوبات کی کمی یا زیادتی۔چہرے کے جوفوں کی سوزش , sinusitis گھاس کا بخار ,hay fever ذائقے اور سونگھنے کی حِس کا جاتے رھنا، پسینہ کی زیادتی یا کمی، سینے میں جلن، تیزابیت، جوڑوں کی کڑکن، آنکھوں کے کناروں کی سوزش، چہرے کی گالوں cheeks کی سوزش جیسے ابھرے ہوئے ہوں، سر میں خشکی وغیرہ۔

Treatment علاج🌡️

بندھن اور جوڑنے والے ریشے، چونکہ بہت نرم و نازک ہوتے ھیں، اس لیئے جب ان کی ورمی کیفیت ختم ہوتی ھے تو یہ ڈھیلے پڑ جاتے ھیں۔

چنانچہ ان کو اپنی اصل حالت پر بحال کرنے کے لیئے ہمیں وہاں پانی کی قدرتی اور متوازن ترسیل کو بھی یقینی بنانا ہوگا۔ جب ہی ہم آنکھوں کے نیچے ورم کو ختم کرنے کے قابل ہو سکیں گے۔

اس مقصد کے لیئے ہم چار قسم کے بائیو کیمک نمک، مندرجہ زیل طریقہ سے استعمال کر کے کامیابی حاصل کر سکتے ھیں۔

1- Nat sulph 3x , 2-4 tabs, 3 times a day.

2- Nat Mur 3x , 2-4 tabs 3 times a day.

3- Calcarea flour 3x, two times a day, as above.

4- Silicea 3x, 2 times , as above

علاج افاقہ ہونے تک جاری رکھیں۔

Homeopathic phy🌡️

Muhammad Suhail Laghari

2فروری2018



Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 1 at 5:23pm ·

# ہومیو میڈیسن اور شوگر !!!!!

## شوگر کا ہومیو پیتھک علاج :۔

ہومیو پیتھک ادویات کے ذریعے شوگر کا علاج ممکن ہے اور اگر اس طریقے سے علاج کیا جائے تو اس کا مکمل خاتمہ ہو جاتا ہے۔

ہومیو پیتھک طریقہ علاج کے مطابق ہر مریض کی دوائی ایک جیسی نہیں ہوتی کیونکہ اس طریقہ علاج کے مطابق ہم مرض کا نہیں بلکہ مریض کا علاج کرتے ہیں اس طریقہ علاج کی بنیاد علامات پر ہوتی ہے اور جس طرح کی علامات مریض کے اندر ہوں گی اسی کے مطابق مریض کی دوائی ہو گی اس لیے علامات کے مطابق ادویات منتخب کی جاتی ہیں۔

ہم یہاں آپ کو علامات کے مطابق علاج بتائیں گے جس پر عمل کر کے آپ اپنا علاج کر سکتے ہیں جس مریض میں جو علامات پائی جائے وہ اس کے مطابق دوائی استعمال کرے انشاءاللہ وہ صحت یاب ہو جائے گا اور اگر دوران علاج پرہیز اور اپنی زندگی کے طریقہ کار کو بدل کر زندگی گزارے گا اس کو یہ شکایت دوبارہ نہیں ہو گی

بعض لوگوں کا یہ سوال ہوتا ہے کہ شوگر ٹھیک ہونے کے بعد دوبارہ کیوں ہو جاتی ہے اور پرہیز ساری عمر کیوں ضروری ہے اور ہم ٹھیک ہونے کے بعد دوبارہ وہ چیزیں کیوں نہیں کھا سکتے اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالی نے انسان کو مکمل صحت مند پیدا کیا ہوتا ہے اس کے جسم میں موجود ہر عضو مکمل طور پر صحیح کام کرتا ہے لیکن ہم

لوگ وہ چیزیں اپنی روزمرہ زندگی میں استعمال کر کے اپنے جسمانی اعضاء کو نقصان پہنچاتے ہیں اور اپنے جسمانی اعضاء کی قدرتی صحت کو بگاڑ دیتے ہیں جس کی وجہ سے وہ دوبارہ اپنا قدرتی فعل نہیں کر سکتے اور ہم بیمار ہو جاتے ہیں۔

بیماری کے علاج کے بعد ہمارے جسمانی اعضاء میں جو قدرتی طاقت تھی وہ نہیں رہتی اس لیے وہ دوبارہ سے اس طرح کام نہیں کرتے اس کے علاوہ ہمارے رہن سہن کا طریقہ اور ہماری روزمرہ کی خوراک جو ہم استعمال کرتے ہیں اس میں ہزاروں طرح کے کیمیکل ہوتے ہیں جو دوبارہ ہمارے اعضاء کو قدرتی طور پر اپنا کام نہیں کرنے دیتے جس کی وجہ سے ہمیں تندروست رہنے کے لیے پرہیز اور احتیاطی تدابیر کرنی پڑتی ہیں

اگر ہم قدرتی طریقے کے مطابق سادہ زندگی گزاریں اور سادہ اور قدرتی خوراک کا استعمال کریں تو ہم شوگر اور اس جیسی بہت سی بیماروں سے بچ سکتے ہیں لیکن آج کے دور میں یہ ممکن نہیں ہے

اس لیے ہمیں وہ چیزیں جو شوگر کا باعث بنتی ہیں ان سے مکمل طور پر دور رہنا ہو گا علاج کے دوران بھی اور علاج کے بعد بھی اگر آپ صحت مند زندگی گزارنا چاہتے ہیں

آج میں آپ کو ہومیوپیتھک ادویات کے زریعے شوگر کا علاج بتاتا ہوں اس علاج کے بعد آپ کی شوگر کنڑول ہو جائے گی اور آہستہ آہستہ ختم ہو جائے گی

علامات کے مطابق جس مریض میں جو علامات موجود ہوں وہ مریض وہ دوائی استعمال کرے

پیشاب میں شکر خارج ہوتی ہو

Lacticum acidum 3x

Phseolus Q

Syzygium jambolanum Q

کے پانچ پانچ قطرے کھانے سے پہلے آدھا کپ پانی میں

Gymnemasylvstra Q

دس دس قطرے تھوڑے سے پانی میں ملا کر کھانے کے بعد استعمال کریں

جن مریضوں میں معدہ کی تکلیفات موجود ہوں وہ یہ ادویات استعمال کریں

Arsanicum iod 30

Lacticum acidum 30

Uranium nitricum 30

ہر دوائی کے پانچ پانچ قطرے تھوڑے سے پانی میں ملا کر کھانے سے پہلے استعمال کریں اور

Gymnemasylvstra Q

بیس بیس قطرے تھوڑے سے پانی میں ملا کر کھانے کے بعد استعمال کریں

جسم سے گوشت کم ہو رہا ہو اور کمزوری بھوک اور پیاس کی زیادتی پیشاب کی زیادتی جلد پھوڑے اور جلد پر جلن

Abrom Augusta Q

Acid phos Q

پانچ پانچ قطرے تھوڑے سے پانی میں ملا کر کھانے سے پہلے استعمال کریں اور

Gymnemasylvstra Q

دس دس قطرے تھوڑے سے پانی میں ملا کر کھانے کے بعد استعمال کریں

جن مریضوں کا وزن جلدی جلدی کم ہو رہا ہو اور کمزوری تیزی سے ہو رہی ہو وہ مریض یہ ادویات استعمال کریں

Acid Phos Q

Abrom Augusta Q

Arsanicum album 3x

پانچ پانچ قطرے تھوڑے سے پانی میں ملا کر کھانے سے پہلے استعمال کریں اور ساتھ

Gymnemasylvstra Q

دس دس قطرے تھوڑے سے پانی میں ملا کر کھانے کے بعد استعمال کریں

جن مریضوں کو شوگر کی وجہ سے زخم ہو جاتے ہیں ٹھیک نہیں ہوتے خراب ہو جاتے ہیں وہ اس دوائی کو بیرونی زخم پر لگائیں

Calandula Q

زخم پر روزانہ صبح شام لگائیں

یاد رکھیں علاج کے لیے پرہیز بہت ضروری ہے اگر آپ پرہیز نہیں کرتے تو علاج پر اپنا وقت اور پیسے برباد مت کریں

چینی سے بنی ہوئی یا ہر وہ چیز جس میں چینی کا استعمال ہوتا ہے اس کو چھوڑ دیں ساری زندگی کے لیے جن میں سب سے پہلے کولڈ ڈرنک کوئی بھی ہو شوگر فری بھی ہر گز استعمال نہ کریں

سبزیوں کا استعمال کریں اور جو سبزیاں کچی کھائی جا سکتی ہیں ان کو زیادہ استعمال کریں

زیتون کا تیل دو چمچ روزانہ صبح ناشتے سے آدھا گھنٹہ پہلے پیئں

دودھ اور انڈے استعمال کریں

پھلوں کا استعمال کریں مناسب مقدار میں مثلاً کوئی بھی سیزن کا پھل ایک دن میں ایک پھل استعمال کر سکتے ہیں زیادہ استعمال نہ کریں

اناج میں ایسی چیزیں استعمال کریں جن میں فائبر پایا جاتا ہے

میدہ سے بنی ہوئی بیکری کی اشیاء کم سے کم استعمال کریں

روزانہ پیدل سیر کریں پیدل سفر زیادہ کیا کریں

بیٹھ کر کام کرنے والوں کو کم از کم پانچ کلو میٹر پیدل چلنا چاہیے

زیادہ چکنائی اور مصالحوں والے کھانے کم کھائیں

بارش کا پانی جمع کریں اور اس کو پینے میں زیادہ سے زیادہ استعمال کریں

تمام دوائیاں ہومیو فزیشن کے مشورے سے استعمال کریں

تحریر!

ڈاکٹر محمد گلزار خان 1فروری2018



الطب و الکیمیا جدید ▸ محمد شفیق کمبوہ
February 2 at 9:26pm · Lahore ·

# ریکی کی تربیّت کے مراحل

پہلے ایک مضمون میں لکھا جاچکا ہے کہ ریکی ہر کوئی عمر کے کسی بھی حصّے میں بہت آسانی سے سیکھ سکتا ہے آپ بھی یقیناً سیکھ سکتے ہیں طریقہ بھی مشکل نہیں ہے اس کے لئے سب سے پہلے تو آپ کو ریکی سیکھنے کا فیصلہ کرنا ہو گا اور یہی چیز سب سے اہم بھی ہے یہ فیصلہ کرنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ کو ریکی کے بارے میں زیادہ نہیں تو کم از کم بنیادی معلومات ضرور ہوں ورنہ آپ "سیکھوں یا نہ سیکھوں" کی حالت میں ہی رہیں گے معلومات کے لئے آپ اس موضوع پر لکھی گئی کتابوں سے یا انٹرنیٹ سے استفادہ کر سکتے ہیں ریکی سیکھنے کے لئے بہت زیادہ عرصہ نہیں چاہئے اور نہ ہی بہت سی کتابیں پڑھنا پڑتی ہیں۔

ریکی کی تربیّت کے عموماً چار مراحل ہوتے ہیں

جو کورس یا درجے بھی کہلاتے ہیں ظاہر ہے کہ ہر نیا سیکھنے والا پہلے درجے سے ہی شروع کرے گا اگلے درجوں کی باری بعد میں آئے گی اس کی ترتیب کچھ اس طرح سے ہے۔

پہلا درجہ :۔اس میں جسم پر ہاتھ رکھ کر علاج کرنا سکھایا جاتا ہے اور بنیادی معلومات اور طریقوں پر مشتمل ہوتا ہے مخصوص سمبل سکھایا جاتا اس درجے کے لئے بنیادی تعلیم اور عام فہم و فراست کافی ہوتی ہے۔

دوسرا درجہ :۔اس میں فاصلے سے علاج اور نفسیاتی بیماریوں کا علاج کرنا سکھایا جاتا ہے فاصلے سے علاج کا مطلب یہ ہے کہ اگر مریض آپ کے پاس موجود نہ بھی ہو اور دنیا میں کہیں بھی رہتا ہو، تب بھی آپ اس کا علاج کر سکیں گے اس درجے میں تین سمبل اور کچھ مخصوص طریقے سکھائے جاتے ہیں جنہیں یاد رکھنا اور پھر درست طریقے سے استعمال کرنا ضروری ہوتا ہے جن کا دارومدار عموماً طالب علم کی صلاحیت پر ہوتا ہے۔

جب آپ ریکی سیکھنے کا فیصلہ کر چکیں تو باقی کام نسبتاً آسان ہے ریکی ٹیچر سے رابطہ کریں، وقت لیں اور جا کر سیکھ لیں۔

جاری ھے....

محمد شفیق کمبوہ





Drshoaib Akhtar ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 1 at 2:10pm

# الیکٹروہومیوپیتھی کا روشن مستقبل

الیکٹروہومیوپیتھی طریقہ علاج پر کچھ عرصہ پہلے تک بہت کم توجہ دی جاتی تھی اور بہت کم لوگ سائنسی نکتہ نظر سے اس میں دلچسپی لیتے تھے۔ لیکن اب صورتحال تبدیل ہو چکی ھے۔

جب لوگ ایلوپیتھک سے مایوس ہوئے تو انہیں الیکٹروہومیوپیتھی میں اُمید کی کرن نظر آئی۔

حقیقت بھی یہ ھے کہ اگر ایلوپیتھی طریقہ علاج کے تباہ کن اثرات کی زد میں نہ آیا جائے تو حاد امراض کے علاج کیلئے الیکٹروہومیوپیتھی جیسے جدید ترین طریقہ علاج سے زبردست کامیابی حاصل کی جاسکتی ھے۔

دراصل فطرت کی شفابخش قوت حاد امراض کا علاج اسطرح کرتی ھے کہ وہ ازخود ختم ہو جاتے ہیں ورنہ پرانا مکتبہ فکر تو تمام حاد اور طبعی امراض کو لاعلاج قرار دے دیتا ھے جن میں کینسر، تپ دق، کساح اور دیگر خبیث امراض شامل ھیں۔

یہی حال سرجری کا ھے۔ اس محدود احاطہ کار کے بارے میں وی آنا کے مشہور پتھالوجسٹ پروفیسر ہائیٹری نے نہایت دلچسپ انداز مس تبصرہ کیا تھا۔ انہوں نے اپنے طالب علموں سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔ ”عزیز طلبا...... نشتر کے ساتھ اپنی قسمت آزماتے ہوئے کبھی بھی بڑھ ہانکنے کی کوشش نہ کریں۔ اپنے آپریشن کی کامیابی کیلئے کبھی خوش فہمی میں نہ رہیں۔ کیونک یہ تو صرف اتنی بات ثابت کرتے ہیں کہ آپ اپنے مریض کو شفا نہیں دے سکتے“۔

یہی وجہ ہے کہ ایک کامیاب سرجیکل آپریشن حقیقی مفہوم سے بہت دور ہوتا ھے. زیادہ ترکیسوں میں یہ ہوتا ھے کہ مرض اپنی ظاہری شکل اور مقام تبدیل کرلیتا ھے.

یہاں تک ہوتا ھے کہ ایسے حاد امراض جو فطرت سے ہم آہنگی پیدا کرنے پر آسانی سے ٹھیک ہو سکتے ہیں اگر انہیں دیگر علاج کے طریقوں سے قابو میں لانے کی کوشش کی جائے تو وہ ہئیت تبدیل کرلیتے ہیں

کیونکہ دیگر طریقے فطرت سے متصادم ہوتے ہیں چنانچہ ان کی وجہ سے حاد امراض، مزمن امراض میں بدل جاتے ہیں. یہی وجہ ھے کہ ہم پورے اعتماد کے ساتھ دعوی کرتے ہیں کہ دیگر طریقہ ہائے علاج کے عملی نتائج اطمینان بخش نہیں ہوتے.

وقت نے ثابت کیا ہے کہ الیکٹرو ہومیو پیتھی کی دریافت ادویات کے میدان میں ایک ممتاز سنگ میل ثابت ہوئی ھے.

Dr Shoaib Akhtar Diraj

Electrohomeo physion

Ashraf Saanji ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 2 at 8:25pm


## ٹماٹر

اگر ہم اپنی روزانہ کی خوراک میں اس کا مخصوص حصہ شامل کرلیں تو یقین کریں کہ جیسا اس کا رنگ ہے ویسا ہی ہمارے چہرے کا بھی کردے گا۔

آپ اگر ٹماٹر کو درمیان سے کاٹ کر غور سے دیکھیں گے تو اس کی شکل ہمارے مرکزی عضو "دل" سے مشابہ نظر آئے گی دل کے چار خانوں کی طرح جو کہ ہمیں رب کی طرف سے تحقیق کی ترغیب دیتی ہے۔

سائنس کی تحقیق کے مطابق اس میں ایک مادہ لائیکوپائن (Lycopine) کی بھرپور مقدار پائی جاتی ہے جو کہ دل کی طاقت کے لیئے ناگزیر ہے لہٰذا کمزور دل والے یا دل کے مریض اور خون کی کمی کے لئے قدرت کی عطا کردہ یہ بھرپور طاقت کی حامل غذائی دوا ہے جو کہ شائد ہی کسی گھر میں موجود نہ ہوتی ہو ہر ایک کی دسترس میں ہے لہٰذا اپنی خوراک میں روزانہ اس کو شامل کریں اور اللہ کریم کی نعمتوں کا شکر ادا کرتے رہیں۔

دل کے مریض اس کا ایک کپ جوس روزانہ دن میں پیئیں ان شاءاللہ دنوں میں ان کی دلی و جسمانی کمزوری دور ہو گی۔





Saif Ali Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
February 2 at 10:08pm

# جگر کے امراض اور ان کا ہومیوپیتھک علاج

## Chelidonium 6

جب جگر کی لو، (یعنی دائیں پہلو) متاثر ہو مریض دائیں پہلو میں درد محسوس کرتا ہے جو چھونے پر نرم محسوس ہوتا ہے یہ دوا یرقان کے لئے مخصوص ہے درد پھیل کر دائیں کندھے کی ہڈی اور چھاتی نیز معدہ تک پہنچ جاتا ہے یہ جگر کی پتھری نکالتی ہے

## Carduus m Q

یہ جگر کی عمدہ دوا ہے جبکہ جگر کے بائیں پہلو میں سوزش ہو یا پھر وہ متاثر ہو مدہم سر درد کے ساتھ یرقان ہوتا ہے قے اور متلی ہوتی ہے پیشاب کا رنگ سنہری پیلا ہوتا ہے جگر کے داغ اس کی مخصوص نشانی ہے

## Myrica Q

مدھم سر درد رہوتا ہے صبح کے وقت ابتری ہوتی ہے آنکھیں میلی، گندی اور پیلاہٹ مائل رنگت والی ہوتی ہے زبان پر زرد ملمع ہوتا مریض کمزور ہو جاتا اور عضلات میں میں دکھن، بازوؤں اور ٹانگوں میں درد، نبض سست گہرے رنگ کا پیشاب، دائیں پسلیوں میں درد، بھوک نہیں ہوتی، تیزابوں کی خواہش، ناآسودہ نیند

## Nux vomica 3x

شراب نوشی کے بعد جگر کی تکالیف، بہت زیادہ مصالحوں والی غذا، کونین یا مسہلات کے استعمال سے جگر کی تکالیف، مرغن غذاؤں کے استعمال سے یرقان، نظام ہضم خراب، پیاس بالکل نہیں، مریض چڑچڑا اور صبح کے وقت غصیلا ہوتا ہے

## Raphnus 3

جگر میں ٹانکے لگنے جیسے درد، ابکائیاں اور قے ہو، کھانے کی خواہش نہیں رہتی پیٹ تنا ہوا، ڈھول کی طرح بجنے والا اور سخت ہوتا، ناف کے قریب جکڑن ہوتی ہے

## Chionanthus Q

جگر کا بڑھ جانا اور جگر میں رکاوٹ پیدا ہو جانا، قبض ہوتی ہے مٹی کے رنگ کا پاخانہ ہوتا ہے مزمن یرقان ہوتا ہے پانچ پانچ قطرے ایک گھونٹ پانی میں کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے دن میں تین ٹائم

## Vipra, theridion, Kali iodide, Lachsis,

تمام دوائیاں اپنے ہومیو فزیشن کے مشورے سے استعمال کریں

تحریر ڈاکٹر محمد گلزار خان صاحب 2 فروری 2018

Hakeem Ejaz Hakkeemjee ▸ الطب و الكيميا جديد
February 3 at 9:40am

## ماسخورہ

نیلا تھوتھا50 گرام عرق گلاب500 ملی لیٹر

مکس کرر کھیں

روئی پہ تھوڑا سا محلول لگا کر مسوڑھوں پہ ملیں لعاب دھن باہر پھینکیں اس دوران منہ نیچے کے طرف رکھیں

ایک منٹ بعد کلی کرلیں

ایک ہفتہ دن میں ایک بار کریں

مسوڑھوں سے خون آنا۔ سوجن۔پیپ وغیرہ کا حتمی حل ہے اس کے ساتھ کیکر کی مسواک ایک وقت لازمی کریں

اللہ شافی کامل ہے

حکیم اعجاز حکیم جی

Amjad Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 3 at 11:19pm

سر تسلیم خم ہے۔۔جو مزاج یار میں آئے

سلام مسنون !!

معزز ممبران۔ گزشتہ دو ہفتوں سے زیادہ کی غیر حاضری پر معذرت خواہ ہوں۔۔اگرچہ جو بندے انباکس رجوع کرتے رہے ھیں یا گروپ میں لگنے والی پوسٹ پر جواب و کمنٹس دیتا رہا ہوں مگر اپنی پوسٹ لگانے کا وقت نہ مل سکا ھے جن میں کچھ میری ذاتی مجبوریاں آڑے آتی رہی ھیں کچھ احباب کی فرمائشیں اور مریضان کی ادویہ سازی میں وقت کٹتا رہا ھے۔۔آج کی اس نشست میں کچھ گزارشات پیش خدمت ھیں امید ھے کہ آپ صاحبان توجہ فرمائیں گے۔

سب سے پہلی بات کہ اکثر احباب کی خواہش ہوتی ھے کہ انباکس چیٹ کر کے ان کے امراض کی تشخیص۔ معالجہ تجویز وغیرہ کی جائے جبکہ اس کام کے لئے میرے پاس صرف عصر سے عشا تک کا وقت ہوتا ھے جس میں بسا اوقات بیسیوں مریض نپٹانے ہوتے ھیں اس لئے فون نمبر یہاں گروپ میں بھی اور انباکس بھی دیا جاتا ھے کہ جو کام لکھ لکھ کر دو گھنٹے لگائے جائیں اسے پانچ منٹ میں انجام دیا جائے۔۔۔۔

کئی احباب تقاضہ کرتے ھیں کہ انہیں جنسی ادویات خصوصاً طلاوغیرہ بلا قیمت فی سبیل اللہ دیا جائے۔۔ طلا کا میرا نسخہ خاص بے شمار مرتبہ لوگوں نے شیئر کیا ھے۔ سب جانتے ھیں کہ کتنی محنت و مشقت اور خرچے سے بنایا جاتا ھے۔ بلاشبہ کئی مستحقین کو بلا قیمت فی سیل اللہ بھی فراہم کی جاتی ھیں مگر ان کا تعلق زندگی اور صحت

عمومی کے تحفظ سے۔ جنسی طور پر بیمار بندہ کہ خدانخواستہ مرض مہلک نہ ہو تو زندگی گزار سکتا ھے مگر مثلا بواسیری خون کے اخراج۔ گردوں کے ورم مزمنہ۔وجع المفاصل کے مریض وغیرہ کی زندگی اجیرن ہوتی ھے لہٰذا درخواست گزار ہوں کہ اپنے خادم کو ایسے شرمندہ نہ فرمایا کریں۔

اپنے معالج کے ساتھ تعاون آپ کو جلد از جلد صحت کی جانب گامزن کرنے کا ضامن ہوتا ھے۔ براہ کرم میری مجبوریوں کو بھی مد نظر فرمایا کریں۔

الداعی الی الخیر

حکیم امجد الٰہی خان

Ahsan Abdul Haseeb ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 2 at 6:57pm ·

صرف حکماء حضرات کے لیے!

## حب ممسک دائمی وباہ

سم الفار سفید مدبر 1 تولہ. لوبان 1.5 تولہ. موم دیسی 2 تولہ.

1 لاکھ چوٹ لگائیں بعدہ حب بقدر مونگ بنائیں. اوپر ورق نقرہ چڑھائیں.

1 گولی ہمراہ دودھ نیم سیر.

10 تا 15 روز.

Abdulkareem Azad ▸ الطب و الكيميا جديد
February 2 at 10:26pm

## بالوں کی خشکی کو ختم کرنے کے لئے

تارامیرا کا خالص تیل دو چمچ

دہی چار چمچ مکس کر کے صبح کے وقت سر کے بالوں کی جڑوں تک ہلکا مساج کریں دس سے پندرہ منٹ

پھر دھوپ میں پندرہ منٹ بیٹھیں اس کے بعد نہا لیں

نوٹ :۔اس کے استعمال سے کچھ دیر تک جلن ہو گی جسے برداشت کریں

نہانے کے بعد بھی جلن ہو گی دس پندرہ منٹ تک

خیال رہے تیل بالوں کی جلد کے علاوہ باقی جلد پر نا لگنے پائے ورنہ جلن زیادہ ہو گی

پندرہ دن کے استعمال کرنے سے بالوں کی خشکی ختم ہو جاتی ہے

فوائد :۔بالوں کے امراض میں مفید ھے

جسے رات کو وقت پر نیند نا آتی ہو یا میڈیکل کی ادویات کے استعمال سے نیند کے عادی بن گئے ہوں ان کے لیے بھی مفید ھے چند دنوں کے استعمال سے سکون کی نیند آنے لگتی ھے۔

عبدالکریم آزاد



Amjad Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
February 5 at 1:31am

معزز ممبران ! سلام مسنون !

سب سے پہلے ان اطباء کا تہہ دل سے ممنون ہوں جو میری غیر حاضری میں مطب الجدید بالخصوص اور دیگر گروپس میں بالعموم مریضان کی رہنمائی فرماتے رہے ھیں۔۔اللہ تعالیٰ انہیں اجر عظیم عطافرمائے آمین۔۔

قارئین کرام آیئے میں اپنے مخصوص صنف زوجین سے ابتدا کرتا ہوں.

## زوجین ! برائے اطباء کرام

ھوالشافی۔۔۔

کشتہ فولاد بارد ایک تولہ۔۔دہی بالائی دور کردہ پانچ سیر۔۔۔

دونوں کو ملا کر گرمیوں کی تیز دھوپ میں خشک کریں اور پھر پیس لیں۔۔۔

ضعف جگر۔۔ بھس۔اور فساد ہضم کو دور کر کے دنوں میں چہرہ لال سُرخ کر دیتا ھے۔۔ سنگرھنی کا شرطیہ علاج ھے۔۔ بڑھی ہوئی تلی کے لئے انجیر کے ہمراہ کھلانے سے مرض کو دفع کرتا ھے۔۔۔بلڈ کینسر کے مریضوں کو بھی نافع ھے۔

مقدار خوراک۔۔

ڈیڑھ ماشہ تا تین ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ

## زوجین! برائے عوام الناس

ھوالشافی۔۔

تل سیا ایک پاؤ۔۔پرانا گڑ ایک چھٹانک

دونوں کو پیس کر قدرے کڑاہی کو گرم کر کے معمولی بریاں کر لیں کہ رنگ قدرے گہرا ہو جائے۔

ضعف مثانہ کو مفید ھے۔۔جن بزرگوں کو پیشاب کے بعد پیشاب کے قطرے آتے ہوں یا پھر ایسے بچے جو سوتے میں بستر پر پیشاب کرتے ہوں ان کو مفید ھے علاوہ ازیں اگر گڑ کی بجائے ایک تولہ ورق چاندی ملا لیں تو غدہ قدامیہ یعنی پراسٹیٹ کے افعال کو بہتر بنا کر آپریشن سے بچاتا ھے۔۔

مقدار خوراک۔۔

ایک کھانے والا چمچ صبح وشام دودھ یا پانی کے ساتھ۔

طالبِ دُعا !

طبیب امجد الٰہی۔چیف ایڈمن

Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 4 at 5:04pm ·

# Homeopathic material medica

## Angustura Vera

**علامات دوا :۔**

انگس چورا کا اثر نکس وامیکا، روٹا اور مرکیورس سے ملتا جلتا ہے تھوڑی سی بات کو زیادہ محسوس کرتا ہے اور جلد غصہ میں آجاتا ہے نکس کی طرح اس کی طبیعت پریشان ہو جاتی ہے اور اس میں چڑ چڑا پن آجاتا ہے روٹا کی طرح پٹھوں اور جوڑوں میں سختی اور اکڑن نیز کھنچاؤ بڑے جوڑوں کے دردوں اور فالجی شکایت میں بالخصوص مفید ہے جبکہ چلنے پھرنے میں سخت دقّت پیش آتی ہو، تمام جوڑوں میں کڑک کی آواز پیدا ہوتی ہے، قہوہ پینے کی ناقابل مزاحمت خواہش۔ لمبی ہڈیوں کے ناسور۔ فالج، کزاز (اکڑن) پٹھوں و جوڑوں کی سختی۔ ذکاوتِ حس۔ اس دوا کا خاص دائرہ اثر ہے، ریڑھ کے اعصاب اور بلغمی جھلیاں۔

**سر :۔**

نہایت ذکی الحس، سر درد کے ساتھ ساتھ چہرے میں گرمی آئے رخساروں میں تیز درد، چہرے کے پٹھوں میں کھنچاؤ ہو، جبڑا کھولنے سے کنپٹیوں میں درد ہو جبڑے کی ہڈیوں اور چبانے کے پٹھوں میں درد ہو، جیسے وہ زیادہ چبانے سے تھک گئے ہوں، گال کی ہڈی میں اینٹھن کے ساتھ درد ہو۔

معدہ :۔

منہ کاذائقہ کڑوا، قہوہ پئے بغیر نہ رہ سکے، ناف لسی جوف سے نہ تک درد ہو۔ نقاہت کے باعث بد ہضمی، ڈکاریں آئیں، کھانسی ہو (امبرا)

پیٹ :۔

دست اور قولنج، مروڑ ہو کر نرم پاخانہ آئے، دستوں کی پرانی شکایت جس میں کمزوری زیادہ ہو اور جسم کا گوشت سوکھتا چلا جائے۔ مقعد میں جلن ہو۔

پُشت :۔

کمر کے ساتھ ساتھ خارش، گردن کے مہروں میں درد، گردن میں کھنچاؤ آئے۔ ریڑھ کی ہڈی، گردن کی جڑ اور تکونیہ ہڈی میں درد ہو جو دباو پڑنے سے زیادہ ہو، کمر کے ساتھ ساتھ پھڑکن آئے۔ اور جھٹکے آئیں، جسم پیچھے کی طرف جُھک کر اکڑ جائے۔

ہاتھ پاؤں :۔

پٹھوں اور جوڑوں میں اکڑن اور کھنچاؤ آئے، چلے تو ہاتھ پاؤں میں درد ہو، بازو تھکے ہوئے بھاری بھاری، لمبی ہڈیوں کے ناسور، ہاتھ کی انگلیاں درد، گھٹنوں میں درد ہو، جوڑوں میں کڑکڑاہٹ ہو۔

## جلد :۔

ناسور، تکلیف دہ زخم جو ہڈیوں کو متاثر کریں۔

## تعلقات :۔

مقابلہ کریں: نکس، روٹا، مرک، بروسیا (یہ نکس وامیکا یا انگسٹورا فالسا کی چھال ہے) کمزازے غنی جسم کمان کی طرح اکڑ جات، جبکہ اس کے ساتھ بے ہوشی نہ آئی ہو، اور تکلیف شور غل اور سیال اشیاء سے شدّت اختیار کرتی ہو، نچلے دھڑ کا فالج، معمولی سا چھوا جانا بھی برداشت نہ ہو، مبادا کوئی چھو نہ دے مریض اس خوف سے ہی چیخ اٹھتا ہے، ٹانگوں میں درد کے ساتھ جھٹکے آنا، گھٹنوں کا تشنجی درد، فالج میں ہاتھ پاؤں کی سختی، پیشاب میں پتھری نکلتے وقت درد ہونا۔

## طاقت: 6

## تحریر!

ڈاکٹر محمد گلزار خان صاحب 4 فروری 2018





Sanaullah Khan Ahsan ▸ الطب و الکیمیا
جدید
February 4 at 5:33pm ·

تازہ پھلوں کا رس پیجئے۔۔۔رس کسی بھی پھل کا ہو وہ غذائیت اور وٹامن و معدنیات سے بھرپور ہوتا ہے۔بلاشبہ اگر آپ ایک ہفتہ بلاناغہ انار سیب گاجر اور چقندر کا رس ملا کر پی لیں تو صحت کی سرخی اور چمک چہرے پر چھلکتی نظر آتی ہے۔ پھلوں کا رس ڈپریشن ختم کرتا ہے۔مزاج میں خوشگواری لاتا ہے۔طاقت بخشتا ہے۔ جگر کو بہت بہتر بناتا ہے۔اور دیگر بے شمار فوائد۔

صبح ناشتے میں ایک گلاس نارنگی کا رس موڈ کو سارا دن خوشگوار رکھتا ہے۔

حیرت کی بات ہے کہ قدرت کی اتنی اعلی نعمتوں کے ہوتے ہوئے لوگ کڑوے کسیلے گیس بھرے نقلی مشروبات پیتے ہیں جو بجائے صحت کے صرف نقصان دیتے ہیں۔جب تازہ پھل دستیاب ہیں تو کیا ضرورت ہے وہ سب گیس بھرے نقلی رنگ والے تیزابی مشروب جو آپ کے معدے اور آنتوں تک کو اندر سے گلا دیتے ہیں۔آپ نے جانور کی اوجھڑی تو دیکھی ہو گی۔۔۔اس پر تولیہ جیسا رواں یا کانٹے جیسے ہوتے ہیں۔ہماری آنتوں میں بھی ایسا ہی رواں ہوتا ہے جو کھانا ہضم کرنے اور نظام ہضم کو درست کرنے میں انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔۔۔فزی کولڈ ڈرنک اتنے تیز ہوتے ہیں کہ اگر آپ مستقل ان کو پیتے ہیں تو یہ آنتوں کے اس روئیں کو گلا دیتے ہیں جس کے بعد آپ کو ہاضمے کی بہت سی تکالیف اور بیماریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔پھر آپ کولڈ ڈرنک کے بغیر کھانا ہضم نہیں کر سکتے۔خاص طور پر اپنے بچوں کو لاڈ اور پیار میں آکر اس زہر کا عادی نہ بنائیں۔یہ آپ کا پیار نہیں دشمنی ہو گی۔۔۔آجکل ایک اور انتہائی مضر صحت مشروب جو کہ مصنوعی توانائی فراہم کرتے ہیں کولڈ ڈرنک کی شکل میں دستیاب ہیں جیسے کہ sting, Redbull, وغیرہ۔ان میں انتہائی مضر صحت اجزا

شامل ہیں جو بلڈ پریشر اور دل کی دھڑکن کو تیز کر دیتے ہیں۔ نوجوان بڑی تیزی سے ان کے عادی بنتے جا رہے ہیں کیونکہ ان میں شامل کچھ اجزا منشیات کی طرح جسم کو اپنا عادی بنا لیتے ہیں۔ پھر اگر ان کو نہ پیا جائے تو بے چینی، سانس پھولنا، کمزوری، چکر اور بے چینی پیدا ہوتی ہے۔

خود بھی ان سے بچیئے اور اپنے بچوں پر بھی نظر رکھیئے۔

**Sanaullah Khan Ahsan**



Syedhasan Qayamraza ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 5 at 7:37am

## تلی کی بیماریاں۔۔۔۔۔ تلی کا بڑھ جانا۔

اس بیماری میں طحال کا حجم معمول سے بڑھ جاتا ہے۔اوپیٹ کے بائیں طرف پسلیوں کے کنارے۔نیچے دبا کر دیکھنے سے تلی اچھی طرح محسوس کی جاسکتی ہے۔اکثر پرانے متعدی امراض سل دق، آتشک،اور ملیریا، کالا آزار نیز خون کی بیماریاں، مثلاً ورم ابیض، نقرم الدم مہلک،اور یرقان طحال میں تلی کا حجم بڑھ جاتا ہے۔بعض اوقات تلی اتنی بڑھ جاتی ہے کہ ،پورے پیٹ کو گھیر لیتی ہے۔مریض کا پیٹ بڑھ جاتا ہےاور ہضم خراب ہو جاتا ہے جسم اور چہرے کا رنگ سفید پھیکا سیاہی مائل ہو جاتا ہے۔مریض دبلا اور کمزور ہو جاتا ہے۔

علاج :-

صبح خمیرا بریشم حکیم ارشد والا۔5 گرام کھلائیں۔

غذا کے بعد دونوں وقت جامن کا سرکہ 6 گرام شہد 6 گرام ملا کر پلائیں۔

سہ پہر شیرہ برگ عجوبہ 2عدد۔، فلفل سیاہ 4عدد، پانی شیرہ نکال کر پلائیں۔

لرزین، صبح شام 2-2عدد کھلائیں۔

سید حسن قائم رضا

گلبرگہ کرناٹک اِنڈیا

Mazhar Hussain ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 4 at 11:53am

## آجکل کے موسم کے لیے اکسیر و مجرب دوا

بچوں کی پسلی چلنا، سانس پھولنا، سردی لگنا، نمونیا، کھانسی کا بار بار اٹھنا اور دیگر امراض سینہ اطفال میں تیر بہدف ہے۔ گئو دنتی سوختہ 10 تولہ آب اسگندہ آدھا سیر سبز پتوں کا میں کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر خشک کر کے گل حکمت کر کے 10 سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالکر پیسکر محفوظ کر لیں۔ مقدار خوراک 1 چاول تا 1 رتی تک ساتھ مناسب بدرقہ۔

Zarr Gull ▸ الطب و الکیمیا جدید
January 22 at 1:53pm

☆ معدہ کی طاقت کے لئے کونسا قہوہ فائدہ مند ہے ؟

**Hakeem Ejaz Hakkeemjee**
ادرک سونف دارچینی پودینہ
5
2 wks Like Reply More

**Muhammad Mustafa**
محترم قبضی کرتا ہے اور پیٹ کم نہیں ہوتا اس سے بلکہ بڑھ جاتا ہے

**Hakeem Ejaz Hakkeemjee**
آپ کا تجربہ ورزش سیر اور پرہیز کے بغیر ہوگا
وگرنہ پیٹ اور وزن دونوں کم ہو جاتے ہیں

**Muhammad Mustafa**
ورزش میں باقاعدگی نہیں تھی کیا کوئی مسہل چیز اس میں شامل کر سکتے ہیں جو ٹیسٹ بھی خراب نا کرے؟

**Hakeem Ejaz Hakkeemjee**
مسہل شامل نہ کریں

Saif Ali Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
February 5 at 1:20am ·

لاہور میں مطب ٹاپ ٹریٹمنٹ کے لئے کوالیفائیڈ فاضل الطب والجراحت/بی ای ایم ایس کوالیفائیڈ اور قومی طبّی کونسل حکومت پاکستان سے رجسٹرڈ اطباء سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

کم از کم پانچ سالہ تجربہ کے حاملین کو ترجیح دی جائے گی۔

امیدواران اپنی سی وی میل کر سکتے ہیں۔

haider.farzand@gmail.com

THE SIGN OF HEALTH & BEAUTY
THE SIGN YOU CAN TRUST

الطب و الکیمیا جدید ◂ المعالج حکیم عارف
February 5 at 4:02pm

## بلڈپریشر اور سر چکرانے کا مستقل علاج

ھوالشافی ! ست گلو ایک تولہ /صندل سفید ایک تولہ /کشنیز خشک ایک تولہ /کشتہ مرجان ایک تولہ /ورق یا کشتہ چاندی ایک تولہ /گل سرخ 6 تولہ.

ترکیب تیاری:۔سب کو باریک پیس کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک:۔چار رتی تا ایک ماشہ دن میں تین بار ہمراہ مربہ آملہ یا سیب کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد:۔مقوی دماغ، سر چکرانا، دل دھڑکنا، ہائی بلڈپریشر اور جریان خون کو فوراً روکتا ہے۔



Shahbaz Abdullah ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 4 at 10:16pm

## * پپیتا کھانے کے فوائد *

پپیتا فارسی زبان کا لفظ ہے اور اس کو انگریزی میں پپایا (Papaya) کہتے ہیں۔اس پھل کی پیدائش چین اور فلپائن میں ہوئی اس کے علاوہ پاکستان، ہندوستان اور کئی گرم ممالک میں پیدا کیا جا سکتا ہے۔آپ اس پھل کو اپنے گھر کے کچن گارڈنز میں بھی آسانی سے اگا سکتے ہیں۔سو گرام پپیتا میں صرف 39 کیلوریز ہیں۔یہ کچا اور پکا دونوں حالتوں میں استعمال میں لایا جاتا ہے۔

پپیتا ایک مزیدار، رس دار اور بہت ہی خوبصورت زرد رنگ کا پھل ہے۔یہ پھل گرم مزاج ہے اور ذائقے کے لحاظ سے تلخ ہے۔پپیتا کھانے کے علاوہ ہم اس کو سلاد اور جوس نکال کر بھی پی سکتے ہیں۔اس کے علاوہ کچا پپیتا گوشت گلانے میں بھی مددگار ہے۔اس میں بہت سے اجزاء پائے جاتے ہیں۔اس پھل میں وٹامن اے، وٹامن سی، وٹامن ای، وٹامن کے، سوڈیم، کیلشیم، آئرن، میگنیشیم، زنک، فاسفورس اور پوٹاشیم پایا جاتا ہے۔

پپیتا ہر موسم میں دستیاب ہوتا ہے لیکن گرمیوں کے موسم میں یہ مارکیٹ سے بآسانی مل جاتا ہے۔یہ ایک سستا پھل ہے جو ہر ایک کی دسترس میں ہے۔یہ پھل ایک ٹانک کا کام کرتا ہے اور اس میں کئی بیماریوں کو دور کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔یہ جلدی امراض میں کھانا مفید ہے۔بعض بیوٹی کمپنیاں اسکو اپنی پروڈکٹ میں استعمال کرتی ہیں۔پپیتا کو آپ ناشتے میں بھی لے سکتے ہیں یقین کریں یہ ناشتہ آپ کے لئے صحت مند ناشتہ ہوگا۔نہار منہ اس کا استعمال آپ کے جسم سے فالتو چربی ختم کر دے گا۔

اگر گرم پانی میں اس کے پتے ڈال کر استعمال کیا جائے تو یہ ایسے لوگوں کے لئے بہترین ٹانک ہے جن کو بھوک کی کمی ہو کیونکہ یہ عمل ان کی بھوک بڑھانے میں مددگار ہوگا۔اور اسی پانی کو ایسی خواتین جن کو حیض درد کے ساتھ آتے ہوں ان کو بھی آرام مل جاتا ہے۔پانی میں نمک یا املی کا اضافہ کیا جاسکتا ہے۔اس کے مزید طبّی فوائد جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔

## * پپیتا کے طبّی فوائد *

یہ نظام انہظام کو درست رکھتا ہے۔پپیتا کھانے سے بدہضمی اور سینے کی جلن سے نجات مل جاتی ہے۔

یہ نظام قلب کو فرحت بخشتا ہے۔یہ کولیسٹرول کو کنٹرول کرتا ہے۔یہ چہرے کے دانوں کو ختم اور جلد کو چمکدار بناتا ہے۔پیٹ کی بیماریوں اور السر سے محفوظ رکھتا ہے۔

آنتوں اور چھاتی کے کینسر کے علاج میں مددگار ہے۔خون کے بہاؤ کو نارمل رکھتا ہے جس سے بلڈ پریشر کنٹرول رہتا ہے۔دل کے مریضوں کے لئے مفید ہے۔پپیتا چربی گھلانے اور وزن میں کمی کرنے میں بھی ہماری مدد کرتا ہے۔پیٹ کے کیڑوں کو ہلاک کردیتا ہے خاص طور پر رنگ وارمز کو ! بخار اور ڈینگی بخار کا بہترین علاج ہے۔

پپیتا جسم میں خون کے لوتھڑے بننے کے عمل کو روکتا ہے۔اس کے علاوہ جسم میں غیر ضروری خون کو جمنے سے روکتا ہے۔ جسم کے اندرونی اور بیرونی زخموں کے لئے شفایابی کا کام کرتا ہے۔

☆پپیتا کے بیج جگر (Cirrhosis) میں فائدہ مند ہے۔پانچ سے چھ بیج گرینڈ کر کے لیموں کے جوس میں ملا کر تیس دن تک لئے جاسکتے ہیں۔ گردوں کے فیل ہونے اور گردوں کی دوسری بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔


کے بیج کینسر کے خلیات اور ٹیومر کو بڑھنے سے روکتے ہیں پھیپھڑوں کے کینسر اور پروسٹیٹ کینسر سے بچاتا ہے۔

کھیل کے دوران لگنے والی چوٹ اور الرجی سے محفوظ کرتا ہے اور درد کم کرنے میں مدد کرتا ہے۔

آنکھوں کی بینائی کو تیز کرتا ہے۔ وزن کو کنٹرول میں رکھتا ہے اور بڑھے ہوئے وزن کو کم کرتا ہے۔

گھنٹیا اور جوڑوں کے دردوں میں فائدہ مند ہے۔ جلد کو نرم کرتا ہے اور جھائیوں اور داغ دھبوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ وقت سے پہلے بڑھاپے کو روکنے میں مدد کرتا ہے۔ کھانے اور چہرے پر لگانے سے جلد کا رنگ نکھر جاتا ہے اور جلد چمکدار ہو جاتی ہے۔ جلے ہوئے حصوں پر لگانے سے زخم جلد بھر جاتے ہیں۔

پپیتا غیر ضروری بالوں کو ختم کرنے میں ہماری مدد کرتا ہے۔ آدھی چمچ ہلدی اور ایک چمچ پپیتا کے گودے کو ملا کر متاثرہ جگہ پر لگائیں اور پندرہ منٹ بعد منہ دھو لیں۔ یہ عمل ہفتہ میں صرف ایک بار کریں۔



Tanveer Shahid ▸ الطب و الكيميا جديد
February 4 at 9:50pm

## اکسیر بینائی۔۔۔👁👁 اور الیکٹرو ہومیو پیتھی۔۔۔۔

کمزور بینائی۔۔۔۔سفید یا کالا موتیا کے لیے دیگر علامات میں الیکٹرو ہومیو میڈیسن کا شمار نہ صرف پہلے نمبر پہ ہے بلکہ بینائی کے دیگر عوارضات جو کہ دیگر سسٹم میں لا علاج ہیں وہ بھی قابل علاج ہے۔۔۔۔جس میں شوگر کی وجہ سے بینائی کا کم ہونا یا ختم ہو جانا بھی شامل ہے اور بعض اوقات ہائی بی پی کے پریشر سے جب دماغ کی باریک شریانوں میں دوران خون رکتا ہے جبکہ نارمل حالت میں واپسی کے باوجود بھی آنکھوں کی بینائی ڈسٹرب ہو جاتی ہے۔۔۔۔جو کہ بعد میں بینائی کی پیچیدگیوں کے ساتھ مستقل سر درد کا موجب بھی بن جاتا ہے۔۔۔۔۔

الیکٹرو ہومیو پیتھی ہر لا علاج و مایوس مریض کے لیے نعمت سے کم نہیں ہے۔۔۔۔

الیکٹرو ہومیو پیتھی میں آنکھوں کے جملہ امراض کے آنکھ کا جو ڈروپر معمول طب ہے اسکے اجزاء یہ ہیں

S12 1x

Ven-3 3x

W.E

ڈبلیو۔ای جو کہ سفید بجلی ہے معتدل مزاج کی حامل ہے جبکہ ایس۔12 الیکٹرو ہومیو کی مشہور زمانہ آنکھوں کی بہترین دوا ہے جو کہ اندرونی و بیرونی دونوں طرح سے قابل استعمال ہے اور آنکھوں کی دنیا میں حیرت انگیز دوا ہے۔۔۔۔

اکثر احباب کو شکوہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب نسخہ نہیں بتاتے اس کی بڑی وجہ نمبر ایک تو یہ ہے کہ الیکٹروہومیو میڈیسن باآسانی مارکیٹ میں دستیاب نہیں ہے اور اگر کہیں سے مل بھی جائے تو مطلوبہ میڈیسن یا پوٹینسی نہیں ملتی۔۔۔۔۔۔اور مریض کے پیسے کے ساتھ ساتھ صحت کے ضیاع کا خطرہ بھی رہتا ہے۔۔۔

ڈاکٹر تنویر شاہد

الیکٹروہومیو فزیشن



الطب و الكيميا جديد ▸ محمد شفيق كميوه
February 6 at 8:51am · Lahore

## جلنے والے کیلئے چند ٹوٹکے !!

مگر اکثر لوگ غلط چیزوں کو اپنا کر تکلیف کو بڑھادیتے ہیں اور وہ سنگین مسئلہ بن جاتی ہے،

اس حوالے سے احتیاطی تدابیر کا خیال رکھا جانا چاہئے یا چند چیزوں سے گریز کرنا چاہئے جیسے آپ آبلوں کو پھوڑے نہیں۔ جلنے کے مقام کو انگلی کے ذریعے چھونے سے گریز کریں جس سے بیکٹریا کے حملے سے بچا جاسکے گا۔

اگر جلنے کا زخم سیکنڈ یا تھرڈ ڈگری ہے تو آبلے یا پیپ کو دبا کر نکالنے کی کوشش نہ کریں۔ یا جلنے کے زخم پر کریم، مکھن یا پروٹین کی تہہ نہ لگائیں۔ کریم اور پروٹین وغیرہ حرارت کے اخراج کا عمل روک کر زخم کے ٹھیک ہونے کا عمل سست کردیتا ہے اور درد بڑھادیتا ہے۔ اگر جلنے کے مقام پر آبلے یا کھلے زخم نہیں تو اس کے ارگرد کی جلد پر شیرے کی کوٹنگ کی جاسکتی ہے۔

نیچے درج ذیل میں ایسی گھریلو اشیاء کا ذکر کیا گیا ہے جو معمولی حد تک جلنے کے بعد فوری آرام میں مددگار ثابت ہوتی ہیں، جس کے بعد آپ کو ڈاکٹر کا رخ کرنے کے لیے کچھ وقت مل جاتا ہے۔

جلنے کے بعد کبھی برف کا استعمال نہ کریں، برف کھال کے نیچے دوران خون کو روک سکتی ہے

جس سے متاثرہ جگہ کو مزید نقصان ہو سکتا ہے۔ اس کی بجائے فوری طور پر جلنے والی جگہ کو پانی کے نلکے کے نیچے رکھ دیں جس سے زخم پر قابو پانے میں مدد ملے گی اور ممکن ہو تو متاثرہ جگہ کو دس منٹ تک پانی سے دھوتے رہیں۔

## منٹ (پودینہ) ٹوتھ پیسٹ:۔

جب آپ حادثاتی طور پر کسی گرم چیز کو چھولیں یا ابلتا پانی یا دودھ چھلک کر گر جائے تو منٹ ٹوتھ پیسٹ اس معمولی جلنے کے زخم میں راحت پہنچانے کا کام کر سکتا ہے۔ پہلے متاثرہ حصے کو ٹھنڈے پانی کے نیچے کچھ دیر رکھیں اور پھر اسے نرمی سے کسی کاغذ سے خشک کر کے اس پر ٹوتھ پیسٹ کی تہہ لگادیں۔

## ٹی بیگز:۔

چائے کے ٹی بیگز میں ٹینک ایسڈ ہوتا ہے جو جلنے کے زخم سے حرارت کو کھینچ کر اسے کم تکلیف دہ کر دیتا ہے۔ اگر کوئی جگہ جل جائے تو دو یا تین ٹھنڈے مگر گیلے ٹی بیگز کو متاثرہ جگہ پر رکھ کر اسے دھاگے سے باندھ دیں تاکہ وہ اسی جگہ موجود رہیں۔

## سرکہ:۔

سفید سرکے میں ایسٹیک ایسڈ موجود ہوتا ہے، جو کہ جلن کے بعد تکلیف، خارش اور سوجن میں کمی لانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ اسی طرح سرکہ جراثیم کش بھی ہوتا ہے اس طرح جلنے کی جگہ پر انفیکشن کا امکان کم ہو جاتا ہے۔ سرکہ زخم میں ہونے والی جلن سے درجہ حرارت کو بھی کم کرتا ہے جس سے قدرتی طور پر تکلیف میں کمی محسوس ہونے لگتی ہے۔ سرکے کو کسی صاف کاغذ میں بھگو کر یا روئی سے نرمی سے جلنے والے مقام پر لگائیں۔

شہد:۔

شہد قدرتی طور پر اینٹی بایوٹک ہوتا ہے جس سے جلنے کے بعد انفیکشن کا شکار ہونے کا خطرہ کم ہو جاتا ہے۔

یہ جراثیم کش بھی ہوتا ہے تو اسے زخم پر ایک بار لگانے سے اس میں موجود جراثیموں کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

اسی طرح شہد جلن کو ٹھنڈا کر کے تکلیف میں کمی لاتا ہے اور زخم کو بھرنے میں مدد دیتا ہے۔

دودھ:۔

دودھ میں موجود چربی اور پروٹین جلنے کی تکلیف سے راحت دیتے ہیں اور متاثرہ جگہ کو ٹھیک کرنے کا عمل تیز کر دیتے ہیں اگر ہاتھ جل گیا ہے تو فوری ریلیف کے لیے اسے پندرہ منٹ تک دودھ میں بھگو کر رکھیں۔

دہی بھی جلنے والی جلد کو ٹھنڈا کرنے اور وہاں نمی برقرار رکھنے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔

دلیہ:۔

دلیہ سوجن میں کمی لاتا ہے اور یہ اس صورت میں مددگار ثابت ہوتا ہے جب جلنے کا زخم بھر رہا ہوتا ہے

مگر آپ کے اندر اسے کھجانے کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔ایک کپ دلیے کو بالٹی میں بھگو دیں اور وہاں متاثرہ جگہ کو بیس منٹ تک بھگو کر رکھیں۔

ناریل کا تیل:۔

ناریل کے تیل میں جلدی امراض کو ٹھیک کرنے والے وٹامن ای بڑی مقدار میں ہوتا ہے

جبکہ اس میں فیٹی اسیڈز بھی موجود ہیں جو جراثیم کش ہوتے ہیں جس سے جلنے والی جگہ پر انفیکشن نہیں ہوتا۔

اگر جلنے سے آپ کی جلد پر کوئی نشان رہ جاتا ہے تو لیموں کے عرق میں ناریل کے تیل کو ملائیں اور نشان پر اس محلول سے مساج کریں۔ لیموں کے عرق کی تیزابی خصوصیات سے نشان ہلکا ہوگا جبکہ ناریل کا تیل اسے بھرنے میں مدد دے گا۔

وٹامن سی:۔

وٹامن سی زخم کو بھرنے کی رفتار کو بڑھاتا ہے اور اس جز کی مقدار پیدا کرتا ہے جو نئی جلد کے لیے ضروری ہوتا ہے۔ جلنے کے زخم کو تیزی سے بھرنے کے لیے وٹامن سی سے بھرپور غذاؤں کا استعمال بہترین ثابت ہوتا ہے۔

محمد شفیق کمبوہ



Jahanxeb Gull shared a link.
February 6 at 6:44pm ·

## ملیریا کی فوری شناخت

ساؤ پاؤلو: برازیل کے ماہرین نے ایک ایسا سادہ بایو سنسر بنایا ہے جو صرف آدھے گھنٹے میں ملیریا کی شناخت کر سکتا ہے اور اس سنسر کو حمل بتانے والے سادہ ٹیسٹ کی طرح استعمال کیا جا سکتا ہے۔ طیف نگاری (کروماٹو گرافی) کی طرز پر بنائی جانے والی یہ پٹی (اسٹرپ) کسی بھی شخص میں فوری طور پر ملیریا شناخت کر سکتی ہے۔ اس کے ذریعے پلاز موڈیم فلکی پرم طفیلیے (پیراسائٹ) کی شناخت کر سکتی ہے جو ملیریا کی سب سے خطرناک اور شدید کیفیت کی وجہ بنتا ہے۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ اگر اسے متاثرہ شخص کے تھوک یا خون کے نمونے والے ایک محلول میں ڈبو یا جائے تو یہ فوری طور پر ملیریا سے خبردار کر سکتا ہے۔ اس وقت ملیریا معلوم کرنے والے جتنے بھی ٹیسٹ ہیں وہ ایک سے تین دن میں ملیریا کے ہونے یا نہ ہونے کو ظاہر کرتے ہیں۔ بالفرض اگر خون کے نمونے میں اس پٹی کو ڈبو یا جائے تو اس کا رنگ تبدیل ہو جائے گا جو ایک پروٹین (ایچ آر پی ٹو) کی نشاندہی کرتا ہے۔ یہ پروٹین خون میں ملیریا پیراسائٹ داخل ہونے کے فوراً بعد ہی خارج ہونا شروع ہو جاتا ہے اور اسٹرپ سے اس کا جائزہ لیا جا سکتا ہے۔

جب اس پٹی کو تجربہ گاہ میں آزمایا گیا تو اس نے خون میں ملیریا کو اس وقت بھی بھانپ لیا جب اس میں ایچ آر پی ٹو کی معمولی مقدار موجود تھی جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ملیریا کو شروعات میں ہی شناخت کر سکتا ہے۔ تمام ڈاکٹر متفق ہیں کہ ملیریا کی فوری تشخیص سے علاج آسان ہو جاتا ہے۔ واضح رہے کہ ملیریا اس وقت بھی دنیا کے خوفناک

امراض میں شامل ہے اور افریقا میں بالخصوص ہر سال لاکھوں افراد اس کی بھینٹ چڑھ جاتے ہیں جن میں بچے بھی شامل ہیں۔

دوسرے مرحلے میں بیمار اور صحت مند افراد پر اس سنسر کو آزمایا گیا تو اس کے حیرت انگیز نتائج برآمد ہوئے۔ بایو سنسر کی سب سے اہم بات یہ ہے کہ اس کی قیمت صرف 50 روپے ہے جو غریب ممالک کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں۔

**Copy Past**



Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 4 at 2:09am ·

معزز ممبران السلام علیکم !!!!

تمام معزز ممبران اور حکمائے کرام کو یہ خوشخبری دی جارہی ہے کہ گروپ میں پوسٹ ہونے والے نسخوں کو پی ڈی ایف بکس کی شکل میں محفوظ کرنے کے عمل کو اب ماہنامہ طبّی رسالے کی شکل میں شائع کیا جائے گا اور ہر ماہ کے تمام شائع ہونے والے نسخے آپ کو کتابی شکل میں دستیاب ہوں گے

ابھی چونکہ اسے پرنٹ بکس کرنے کے لیئے ہمارے پاس ممکنہ وسائل نہیں ہیں اس لیئے پی ڈی ایف تک یہ سلسلہ چلے گا ان شاءاللہ اگر وسائل مہیا ہوئے تو اسے پرنٹ بک کی شکل بھی دی جائے گی

اس ماہنامہ رسالے میں وہ تمام حکماء حضرات جو پاکستان بھر میں اپنا مطب چلارہے ہیں اپنا اشتہار بھی دے سکتے ہیں یہ سہولت آئیندہ آنے والے شمارے میں دستیاب ہو گی

امید کرتے ہیں کہ آپ اس کوشش میں ہمارے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھیں گے تا کہ اس سلسلے کو مستقل طور پر جاری رکھا جاسکے

اس ماہ کا نیا شمارہ جنوری 2018 کا مطالعے کے لیئے تیار ہے جیسے آپ اس لنک سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

ایڈمنز ماہنامہ شمارہ الطب والکیمیاء گروپس

3 جنوری 2018

https://files.acrobat.com/a/preview/e5ff9bcc-7b78-43df-84b3-



Ahsan Abdul Haseeb ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 7 at 12:26am

حکماء حضرات کے لیے!

## گٹکا امساکی

مصفی فرار کو 3 روز دھتورا کے رس میں خوب کھرل کریں.

اور دھوئیں. پوست بیضہ مرغ میں ہزار دانی کوٹ کر آدھی نیچے درمیان ایک تولہ فرار ڈالکر باقی اوپر ڈالکر دوسرا خول چڑھائیں اور خوب کپڑ وٹی کر کے خشک ہونے پر معمولی سی آگ دیں. یہ گرہ ہو گا. کام میں لائیں

یہ کسی اچھی بوٹی میں کشتہ بھی جاتا ہے. جو قوت باہ میں مفید ہے.

عبدالحسیب احسن

Hakeem Saleem Sumra ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 5 at 3:08pm

**عرق مفرح خاص**,,,,,ھوالشافی, گل گڑھل, گل نیلوفر, چھال ارجن, الائچی خورد, خس, صندل سفید ، سونف, گل گلاب ایرانی, یا دیسی گلاب تازہ, تخم کاسنی, زرشک شیریں, کشنیز خشک, انار دنہ, آملہ خشک, ہر ایک سو گرام بدستور عرق کشید کریں اب آپ کی مرضی ہے اس عرق کا شربت بنالیں۔ عرق پچاس گرام صبح شام یا شربت دو تین چمچ عرق گلاب یا دودھ سے۔ فوائد,. نہایت مفرح مقوی قلب ہے کثرت پیاس, پیشاب کی جلن ہاتھ پاؤں کی جلن, گرمی جگر مثانہ معدہ کی دور کرنے میں مجرب ہے بے چینی گھبراہٹ دل خوش ہو جاتا ہے گرمیوں میں بکثرت بناتا ہو. آپکی دعاؤں کا طالب۔



Hakeem Ejaz Hakkeemjee ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 6 at 9:26pm

## گھر بھر کیلیئے دماغی اور جسمانی ٹانک

مربہ آملہ، مربہ ہلیلہ، مربہ گاجر، مربہ سیب

ہر ایک، ایک پاؤ

مغز بادام ایک پاؤ، سونف پچاس گرام، خشک دھنیہ پچاس گرام، اِلائچی خُورد بیس گرام

مربہ جات کُوٹ لیں بادام باریک کتر لیں بقیہ ادویات باریک سفوف کر کے تمام اجزاء اچھی طرح مکس کر کے محفوظ کر لیں

ایک بڑا چمچ بڑوں کیلیئے

ایک چھوٹا چمچ بچوں کیلیئے

صبح ناشتے سے قبل اور رات سوتے وقت کھائیں

سر درد چکر جسمانی کمزوری دماغی کمزوری کا بہترین حل ہے

اللہ شافی کامل ہے

حکیم اعجاز حکیم جی

Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 7 at 6:14pm

## مسکولر ڈسٹروپی یا پٹھوں کی وراثتی بیماری

## الیکٹروہومیوپیتھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

### تعارف:

ہمارا جسم بہت چھوٹی چیزوں جن کو سیلز کہا جاتا ہے سے مل کر بنا ہے اور ہر سیل میں اسکا ایک کنٹرولنگ سسٹم بھی موجود ہوتا ہے جسے نیوکلیئس کہتے ہیں موجود ہوتا ہے۔ نیوکلیئس میں کچھ دھاگہ نما ساختیں ہوتی ہیں جسے کروموسوم کہا جاتا ہے۔ انسان میں انکی تعداد 46 ہوتی ہے جس میں سے 2 سیکس اور باقی 44 جسم کے مختلف حصوں پر کام کرتے ہیں جن کو آٹوسومل کروموسومز کہا جاتا ہے۔ یہ کروموسومز تمام زندگی اپنا کام احسن طریقے سے سرانجام دیتے ہیں لیکن کبھی کبھاران کے فنکشن میں ڈسٹربینس سے مختلف قسم کی بیماریاں جنم لیتی ہیں۔ جن کو وراثتی یا جینٹکل بیماریاں کہتے ہیں۔ جن کے کئے تمام سسٹمز یہ کہہ کر جان چھڑوا لیتے ہیں کہ انکا علاج ممکن ہی نہیں۔ اسی ہی بیماریوں میں آج جس کا ذکر کرنے جارہا ہوں وہ ہے مسلز کی بیماری جسے "مسکولر ڈسٹروپی" یعنی جسم کے پٹھوں کا کمزور ہو کر ختم ہو جانا۔

### مسکولر ڈسٹروپی:

" یہ مسلز کی بیماریوں کے ایک گروپ کا نام ہے جس میں سکیلیٹل مسلز کے علاوہ باقی مسلز بھی کمزور ہو کر توڑ پھوڑ کا شکار ہو جاتے ہیں۔"

یہ بیماری کسی بھی مسل پر اٹیک کر سکتی ہے۔ لیکن زیادہ تر اس کا اثر سکیلیٹل مسلز پر ہوتا ہے کیونکہ یہ مسلز زیادہ استعمال میں آتے ہیں۔

**وجوہات:**

یہ بیماری یا تو والدین سے وراثت میں ملتی ہے یا پھر آٹو سومل کروموسومز کے کروموسوم نمبر 11 میں کسی خرابی سے ہوتی ہے۔

اس بیماری میں مسلز کے لئے ضروری پروٹینز Dystrophin یا تو بنتی ہی نہیں یا اگر بنتی ہیں تو ناقص جو کہ مسلز کو سپورٹ نہیں کر پاتی۔

**علامات:**

1۔ جسم کا غیر متوازن ہونا

2۔ کمر اور سپائن کا مڑ جانا

3۔ چلنے میں دشواری

4۔ کولہے کی ہڈی کا کمزور ہونا

5۔ حرکت میں دشواری

6۔ سانس میں تنگی

7۔دل کے مسلز کا کھینچاؤ

8۔ جسم کے مسلز میں کھینچاؤ

9۔پنڈلی کے مسلز میں کمزوری کے باعث چلنے میں دشواری

تشخیص:

اسکی میڈیکل تشخیص مندرجہ ذیل ٹیسٹس سے ہو سکتی ہے۔

1۔ مسلز بائیوپسی

2۔ سٹی سکین

3۔ایکس ریز

4۔CPK

5۔Acetylcholine

علاج:

دنیا کی ماسوائے الیکٹروہومیو کے کسی سسٹم میں اسکا علاج نہیں ہے۔ایلو میں میں تو مریض کو فزیو تھراپسٹ کے حوالے کر دیا جاتا ہے اور کچھ مسلز کی طاقت کی میڈیسن استعمال کروائی جاتی ہیں یا پھر جین تھراپی اور بون میرو

ٹرانس پلانٹ کرنے کی تجویز دی جاتی ہے جو کہ بہت مہنگا علاج ہے اور ریکوری کے چانسز صرف 10% ہو سکتے ہیں۔

الیکٹرو پیتھی علاج: !

الیکٹرو ہو میو میں ایک ایسی میڈیسن بھی جو جینٹکل بیماریوں کے لئے ہے اسکا نام **Ven1** ہے جو ہر طرح کی وراثتی بیماریوں پر کام کرتی ہے اور اسکے ساتھ متاثرہ حصہ کی ادویات شامل کر کے مریض کیا علاج کیا جاتا ہے اور اس طریقہ علاج کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں ہوتا کیونکہ الیکٹرو ہو میو ایک محفوظ اور مکمل طریقہ علاج ہے۔

پٹھوں کی کسی قسم کی اعصابی کمزوری سوکھ جانا حرکت نہ کرنا۔

تحریر !

ڈاکٹر تنویر شاہد صاحب

ڈاکٹر نعیم شاہد صاحب

سیف علی خان 7 فروری 2018

Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 6 at 1:35pm

کمزوری جسمانی ہو یا مردانہ اسکے پیدا ہونے کا سب سے بڑا سبب معدے کے کمزور افعال خوراک کا ہضم نہ ہونا ہے کیونکہ یہ سارے مسائل بڑھتی ہوئی عمر کے ہیں اگر معدے کے افعال جو کہ چھوٹی آنت کے خوراک ہضم کرنے پر دارومدار ہے اگر اسکے افعال درست کر دیئے جائیں تو دوائیوں کی ضرورت نہ ہونے کے برابر رہ جاتی ہے۔

اس پوائینٹ کو نوٹ کرلیں علم میں اضافے کے لیئے، طاقت اور مہنگی ترین دوائیوں کے پیچھے بھاگنے سے پہلے کمزوری کے علاج کی ابتدا نظام ہضم کے اصلاح سے کریں تو انشاءاللہ سو فیصد کامیاب علاج ہو گا۔

سیف علی خان

**DrNaeem Shahid**

**Tanveer Shahid**

**Rizwan Shah**



**Mian Muhammad Ahsan** ▸ الطب و الكيميا جديد
February 7 at 8:08pm

## مرض مخصوصہ مرداں !

ایسے مرد حضرات جواولاد جیسی نعمت ورحمت سے محروم ہیں انکے لیے خاص ہے۔کچھ احباب نے فرمائش بھی کی تھی اور وعدہ بھی کیا تھا کہ نسخہ لکھ دونگا۔مادہ منویہ کا پتلا ہونا،اس میں جراثیم کا کم ہونا یامادہ منویہ کی کمی ہونا۔ان مسائل کاازالہ کرنااس نسخہ کی خاصیت ہے۔

جوہر خصیہ بز،جوہر مغزبز،ہر ایک 60 گرام،ثعلب پنجہ،ثعلب مصری،سنگھاڑاخشک،لاجونتی،مغزپنبہ دانہ،موصلی سفید ہر ایک 4 تولہ۔صندل سفید،دانہ الائچی خورد،تخم اوٹنگن ہر ایک تولہ،کشتہ مروارید،کشتہ مرجان،کشتہ عقیق،کشتہ بیضہ مرغ ہر ایک چھ ماشہ،کشتہ نقرہ در بھنگ تین ماشہ

جواہر سفوف اچھی طرح خشک کرلیں،کشتہ جات کے علاوہ باقی چیزیں کھرل کرکے سفوف بنالیں،پھران میں کشتہ جات شامل کرکے خوب کھرل کریں

ایک چمچ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم لیں

چالیس دن،

مطلوبہ مسائل انشاءاللہ حل ہوجائیں گے۔

میاں محمد احسن

الطب و الکیمیا جدید ▸ محمد شفیق کمبوہ
February 7 at 1:59pm · Lahore ·

# سجوک !

(آکوپریشر و سجوک سیکھنے والے رابطہ کریں)

'سوجوک' تھیراپی کیا ہے؟ یہ ایک جادوئی تھراپی ہے جس سے مختلف دردوں اور مسائل سے بغیر ادویات استعمال کئے نجات پائی جاسکتی ہے لفظ سوجوک دو الفاظ سے مل کر بنا ہے جس میں سو کا مطلب ہاتھ ہے اور جوک کا مطلب پیر ہے، یہ تھراپی بھی دیگر سوجوک تھراپی میں ہتھیلی، پاؤں اور جسم کے تمام اعضاء کی نمائندگی کرتے ہیں۔اس تھراپی کو کوریا سے تعلق رکھنے والے سائنسدان پروفیسر پارک جائے وونے 20 ویں صدی میں ایجاد کیا تھا۔سوجوک کے ماہر ڈاکٹرز کا کہنا ہے سوجوک تھراپی نہ صرف جسم کے مختلف دردوں کو ختم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے بلکہ اس سے یادداشت کے امراض کو بھی حل کیا جاسکتا ہے۔

یہ ایک ایسی ایکیوپنکچر تھراپی ہے جو سو فیصد محفوظ اور سادہ ہے اس تھراپی کے ذریعے ہاتھ کے مخصوص حصوں کو دبا کر نہ صرف مرض یا درد کی تشخیص کی جاسکتی ہے بلکہ اس کا فوری علاج بھی ممکن ہے۔سوجوک تھراپی میں ہاتھ کہ پنجوں اور پیر کہ تلوؤں پر مختلف طریقوں سے جسم کہ تمام آرگن، حصہّ یا جوڑ کا علاج کیا جاتا ہیں۔

سوجوک تھراپی کی تکمیل و تحقیق:

جنوبی کوریا کے سائنسدان و فلاسفر پروفیسر پارک جے وؤ نے ۳۵ سال کی ریسرچ کے بعد کی ہے۔آپ نے سائنٹیفک ریسرچ کے ذریعہ دنیائے طب کو نئے نظریات دیئے اور سوجوک تھراپی کا آغاز کیا۔


سوجوک تھراپی صرف طریقہ علاج ہی نہیں بلکہ زندگی کے بنیادی اُصولوں کو جاننے اور سمجھنے کا بہترین طریقہ ھے یہ طریقہ علاج سائنسی اور قدیمی روائیتوں سے منسلک کیا جاتا ہے سوجوک تھراپی بہت آسان مگر انتہائی مؤثر ہے۔ جس کی وجہ سے دنیا کہ کئی ممالک میں تیزی سے اپنایا جارہا ھے اور بہت سے لوگ اس قدرتی علاج سے فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔

سوجوک دو کورین الفاظ کا مجموعہ ھے۔'سو' لفظ کے معنٰی ہے 'ہاتھ' اور 'جوک' لفظ کے معنٰی ہے 'پیر' ہاتھ و پیر پر کراسپونڈینس پوائنٹ ہیں جو انسانی صحت کو دور سے کنڑول کرنے والے پینل ہے اور یہ پوائنٹ چھوٹے کلینک کی طرح کام انجام دیتے ہیں اس کی مدد سے انسان کی تمام بیماریوں کا علاج قدرتی طریقوں سے کیا جاتا ہیں۔ سوجوک تھراپی میں موجودہ دور میں استعمال ہونے والی تمام تھراپیز اور تمام طریقہ علاج کو نئے انداز میں شامل کیا گیا ھے جو استعمال میں نہایت آسان اور اپنے اندر جامعِ حقیقت رکھتے ہیں۔ مثال کے طور پر سیڈز تھراپی، میگنیٹ تھراپی، کرسٹل تھراپی، کلر تھراپی، نیڈل تھراپی، پریشر تھراپی، موکسی بوشن تھراپی، ٹوئسٹ تھراپی، اروما تھراپی، چکڑا تھراپی، مدرا تھراپی، سمائل یوگا تھراپی، ٹائی چی، سمائل میڈیٹیشن وغیرہ وغیرہ شامل ہیں۔۔

اگر ہم اس بات کا تجزیہ کریں کے ہمارے ہاتھ و پیر کی ہمارے جسم کے ساتھ کتنی گہری مشابہت ھے تو اس علاج کی کارکردگی سمجھ آجائے گی اور ساتھ ہی ہمارے ہاتھ و پیر کی کراسپونڈینس پوائنٹ کی سمجھ ہو جائے گی جن پر بیماری کی علامت کی صورت میں دباؤ پریشر ڈالنا ہوگا۔

سوجوک قدرتی طریقہ علاج ہیں، سوجوک تھراپی ہاتھوں کہ پنجوں اور پیروں کے تلوؤں کہ کراسپونڈینس پوائنٹس پر ڈباؤ ڈال کر علاج کرنے کا طریقہ ہے جواب تک کہ اپنی مدد آپ کے تحت علاج کرنے کہ طریقوں میں اوّل درجہ رکھتا ہے۔

محمد شفیق کمبوہ





Hakeem Ejaz Hakkeemjee ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 5 at 11:59am ·

## دہی !

جولوگ عصبی خرابیوں میں مبتلا ہوں مخرب اخلاق کتابوں کے مطالعہ فحش بینی یا دیگر ناشائستہ حرکات سے ان کی ذکاوت حِس بڑھ گئی ہو تو دہی کے استعمال سے ان کی غیر طبعی خواہش جاتی رہتی ہے

اور ذکاوت حِس دُور ہو کر اعصاب از سرِ نو اپنا فرض ادا کرنے لگتے ہیں

نوجوانوں کیلیئے تو دہی کا استعمال بہت ضروری ہے

تازہ دہی ایک پاؤ کی مقدار میں بغیر کوئی چیز ملائے بعد از فجر کھا لینا

اور سیر اور ہلکی ورزش کرنا نوجوانوں کے تمام جِنسی مسائل کا حل ہے۔

حکیم اعجاز حکیم جی

Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 7 at 7:59pm

## ہم جنس پرستی (gay) کے لئے ہومیو پیتھک میڈیسن

((میرا خیال ہے فیس بک پر اس نوعیت کی یہ پہلی پوسٹ ہے))

تندی شہوت، فحش کلامی، فحش حرکات، ہاتھ مسلسل اعضائے تناسل پر رکھتا ہے

**Stramonium 6**

ہر وقت جنسی خیالات دماغ پر چھائے رہتے ہیں

**Staphy sagria 30**

غیر قدرتی جنسی بھوک

**Platina 30**

جنسی جوش کو کم کرتی ہے

**Sedum acre 6**

نا قابل ضبط جنسی جوش شہوت انگیز جھٹکے، شہوت انگیز خیالات

**Originum 6**

مشت زنی کی نہ رکنے والی خواہش، شہوت انگیز خیالات اور خواب

**Ustilago madis Q**

دس دس قطرے ایک گھونٹ پانی میں کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے دن میں تین ٹائم

تحریر !

ڈاکٹر محمد گلزار خان صاحب 07-02-2018

Aamir Usman ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 7 at 5:14pm ·

🌷السلام علیکم🌷

آج بات کرینگے پیٹ کے موضوع پر !

یعنی معدہ انٹریاں ہماری ناقص غذا بے ٹائم کھانا مرچ مصالحہ کا زیادہ استعمال کرنا جس سے پیٹ میں بہت ساری بیماریاں جنم لیتی ہیں اور پھر ہم لاکھوں روپے اپنے اوپر لگا لیتے ہیں جس سے وقتی طور آرام آجاتا ھے بعد میں السر ورم سنگرہنی اور بہت سارے مسئلے پیدا ہوتے ہیں جگر میں گرمی پیدا ہوتی ھے اور یرقان ہیپاٹائٹس یورک ایسڈ قوت معدافعت کمزور جو بھی کھاتے پیتے ہیں جسم کو نہیں لگتا ہر وقت بے چینی گیس قبض تیزابیت جیسے مسئلے بن جاتے ہیں انگلش دوائی کھا کھا کر ہمارے اندر خشکی پیدا ہو جاتی ھے پھر بہت ساری بیماریاں پیدا ہوتی ہیں اللہ سب کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اب آتے ہیں اس کے حل کی طرف ،

رات کو پانی میں 5 انجیر خشک بگھو دیں صبح پانی کو انجیر سمیت ہلکی آگ رکھ دیں انجیر کا ریشہ باہر نکال لیں اور پانی کو ٹھنڈا کر لیں اور انجیر کھالیں ساتھ وہ پانی پی لیں ناشتے میں دہی کا استعمال ضرور کریں دوپہر کو سبزی سلاد کھائیں

شام کو بھی اسی طرح کریں کم کھانا کھایا کریں چند دن کے استعمال سے آپکے پیٹ کے سارے مسئلے حل ہو جائے گے جسم میں طاقت پیدا ہو گی انٹریوں کو طاقت ملے گی بواسیر جیسا موذی مرض ختم ہو گا.

گیس قبض تیزابیت ختم ہو جائے گی خوب بھوک پیدا ہو گی جو کمزور لوگ ہیں جسم کو طاقت ملے گی جسم موٹا ہو گا جن کو کھایا پیا ہضم نہیں ہوتا وہ سب انشاءاللہ ٹھیک ہو جائے گا.

کھانا کھا کر واک لازمی کریں پانی کا زیادہ استعمال کریں اور بہت سارے فوائد ہیں انشاءاللہ اس کو روزمرہ استعمال کریں اور بیماریوں سے بچیں.

یہ اچھی غذا بھی ہے اور اچھی دوا بھی۔۔۔

🌷دُعا کا طالب🌷





Sajid Butt ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 7 at 10:40am ·

## کرینغ ♡♡♡ - :

کرینغ ----- کریر ۔۔۔ کری ۔۔۔ ڈیلا ۔۔۔۔ اور سائینسی نام

**Capparis decidua .......family: Capparidaceae**

صحرائے چولستان میں ریت کے ٹیلوں اور ٹیلوں کے درمیانی سخت زمین پر بکثرت ملنے والا جھاڑی نما درخت ھے - اور پرانے قبرستانوں میں بھی کثرت سے پایا جاتا ھے - مون سون کی بارشوں کے بعد اس پر جوبن ہوتا ھے - اور اس کے پھول دلکش منظر کی طرح عجب بہار دکھاتے ہیں -

اسکے پھولوں سے حاصل کردہ شہد بہت عمدہ کوالٹی کا سمجھا جاتا ھے - اور اکثر چھوٹے شہد کے چھتے اس کرینغ کے درخت کی جھاڑی میں پائے جاتے ہیں - شکاری حضرات بخوبی واقف ھے - وہ شہد اتار کر لیں جاتے ھے اور جھاڑی کے اندر چھوٹے شہد کی مکھی اپنے آپ کو محفوظ سمجھ کر چھتہ بناتی ھے - اس کے پھولوں پر تتلیاں ریکس کر رہی ھوتی ھے - اور اس کے علاوہ اس کے پھولوں پر چھوٹی چھوٹی چڑیاں جنھیں ہم (پدیاں) کہتے ہیں بغیر اس درخت پر بیٹھے ہوا میں فلائی کھڑی ہیلی کاپٹر کی طرح پھولوں سے رس چوس رہی ہوتی ھے - ایسا نظارہ سحر انگیز قابل دید ھے - نیم پختہ پھل کا اچار بنانے کے کام آتا ھے - جو نہایت لذیذ اور ہاضمہ میدہ ھے اور ادھ کھلی کلیوں کا سالن بنایا جاتا ھے -

ادویاتی_استعمال :۔ 1 اسکی تازہ پتیاں پیس کر ایک پیسٹ بنایا جاتا ھے - اور ایسے گندے زخم جو ٹھیک نہ ہو رہے ہوں - ان پر باندھا جاتا ھے - اسکے علاوہ برص کے داغوں پر بھی لگایا جاتا ھے ۔

## ترکیب_نمبر:-2

اسکے پھول سائے میں خشک کئے ہوئے سے باریک سفوف بنایا جاتا ھے-اور یہ سفوف 5تا7 گرام صبح شام پانی یا گائے کی لسی کے ساتھ دیا جاتا ھے-بواسیر خونی میں مفید ھے-جگر کی صفائی کرتا ھے-بھوک بڑھاتا ھے-

## ترکیب_نمبر:-3

500 گرام نیم پختہ پھل۔۔۔۔۔سائے میں خشک کریں۔۔۔بعدازاں گٹھلی دور کر کے نہایت باریک سفوف بنائیں۔۔۔5تا7 گرام پانی کے ساتھ دینے سے موٹاپا دور کرتا ھے۔۔۔ خراب کولیسٹرول L.D.L . کو میٹابولزم کرواتا ھے اور خون کو پتلا کر کے اسکی روانی کو بہتر کرتا ھے۔اسکے علاوہ شوگر میں بھی مفید ھے۔

## ترکیب_نمبر:-4

اس کی لکڑی کا کوئلہ سفوف بنایا جاتا ھے- اور 3تا5 گرام صبح شام پانی کے ساتھ۔۔۔۔ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کے جوڑنے کے لئے بہت مفید ھے-

## جدید_طبّی_تحقیقات☆ - :

مونوگراف اوف یونانی میڈیسن کے مطابق یہ دافع بخار ھے-درد دور کرتا ھے۔بھوک بڑھاتا ھے-اور جگر کی حفاظت کرتا ھے۔۔۔فیٹی لیور میں مفید ھے- نیز صفرا کے بہاؤ کو متوازن کرتا ھے۔۔۔۔بواسیر۔۔السر دمہ کھانسی جیسے امراض میں مفید ھے-اس کے علاوہ خون کو پتلا کرتا ھے-اور خراب چکنائی کو استحالہ کرواتا ھے۔

## پتال_جنتر☆ - :

لکڑی کے چھوٹے چھوٹے ٹکرے کرکے ایک مٹی کے برتن میں نیچے باریک سوراخ کرکے گڑھا کھودیں کہ نیچے ایک پیالا مٹی میں بند کر کہ اس کے اوپر مٹی کا برتن رکھیں سوراخ برتن کے بیچ میں آئے۔۔۔ پھر اسے آگ دینی ہوتی ھے-کم سے کم تین بوری کہ جب ایک بوری کی آگ ٹھنڈی ہو تو دوسری پھر دیں اسی طرح تین بوری پوری کریں اور مٹکے کو حفاظت سے اٹھائے تا کہ تیل میں راکھ نہ جائے۔۔۔ جیسے پتال جنتر کرتے ہیں-اسی طرح۔۔۔۔ یہ طلاء ھے-اسے درد کی جگہ مالش کریں ان شاءاللہ پانچ منٹ میں درد غائب۔۔اور سکڑے ہوئے آلت کو طلا کریں ایک ہفتہ بہتریں طلاء ھے۔۔اور مکھن میں ایک قطرہ کھلائیں زبردست قوت باہ ھے۔

اور ساجد بٹ صاحب !اس کا کوئلہ ہڈی کو ویلڈ کر دیتا ھے—



Sameer Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
February 7 at 5:14pm ·

## ہلدی کے فوائدنے برطانیہ اورامریکہ میں تہلکہ مچادیا!!

آپ بھی جانیئے! ہلدی، برصغیرپاک وہند میں کئی صدیوں سے دوا کے طور پراستعمال ہوتی چلی آرہی ہے.

لیکن انگریزی دواؤں کے بول بالا ہوتے ہی دیسی نوعیت کی یہ دوائیں منظر سے غائب ہو گئیں.

پاک وہند کے طبّی ماہرین و محققین نے دیس کی جڑی بوٹیوں اورادویاتی پودوں کو حقیر سمجھتے ہوئےانہیں یکسراور مسلسل نظرانداز کئے رکھااور بہت کم ایسا ہوا کہ یہ جڑی بوٹیاں ہمارے ہاں تحقیق کاموضوع بنی ہوں.

لیکن اچھی خبر یہ ہے کہ اب مغرب نے پاک وہند میں پائی جانے والی ان جڑی بوٹیوں پر تحقیق کرنے کا بیڑااٹھالیا ہے. اوراس تحقیق کی روشنی میں آئے دن نئے نئےانکشافات بھی سامنے آتے رہتے ہیں. جن ادویاتی پودوں پر تیزی سے تحقیق ہورہی ہےان میں ہلدی قابل ذکر ہے.

یوں تو مغربی ممالک میں ہلدی کے فوائد پر ہونے والی تحقیق میں تیزی سن 2001 کے بعد آنا شروع ہو گئی تھی لیکن فروری 2017 میں برٹش میڈیکل جرنل میں ہلدی کے متعلق چھپنے والی تحقیق نے میڈیکل سائنس کی دنیا میں تہلکہ مچادیاہے. برطانیہ میں ہونے والی اس تحقیق نے مغربی معاشرے کے ہر خاص وعام کو ہلدی کی افادیت کی طرف متوجہ کیاہے.

اس تحقیق کی کہانی ایک برطانوی خاتون فرگوسن سے شروع ہوتی ہے جسے 2007 میں ڈاکٹروں نے بتایا کہ اسے کینسر کا مرض لاحق ہوچکاہے.

عام طور پر سمجھا جاتا ہے کہ کینسر ایک قابل علاج مرض ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ آج بھی کینسر کی بعض اقسام ایسی ہیں جو نا قابل علاج ہیں اور ان میں سے ایک قسم مائی-لوما کینسر بھی ہے۔ برطانوی خاتون کو یہی کینسر تشخیص ہوا تھا۔

بہر حال فرگوسن کے ممکنہ علاج کے لئے ڈاکٹروں نے اسے کیموتھراپی کا مشورہ دیا۔ کیموتھراپی ایک ایسا طریقہ علاج ہے جس میں کینسر کے مریض کو انتہائی تکلیف دہ عمل سے گزرنا پڑتا ہے۔ حتیٰ کہ مریض کے دانت ٹوٹ کر جھڑ جاتے ہیں۔ سر کے اور بھنوؤں کے بال گر جاتے ہیں۔ مریض کو شدید تھکاوٹ کا احساس رہنے کے علاوہ کئی طرح کی جسمانی و ذہنی پیچیدگیاں بھی پیدا ہو جاتی ہیں۔

لیڈی فرگوسن کیموتھراپی کے ان نقصانات سے آگاہ تھی لہٰذا اس نے کیموتھراپی کروانے سے انکار کر دیا۔

لیکن جلد ہی اس کی حالت اتنی زیادہ بگڑ گئی کہ اسے کیموتھراپی کے عمل سے گزرنے کا فیصلہ کرنا ہی پڑا۔

حیران کن بات یہ ہے کہ اس کی ایک نہیں بلکہ تین مرتبہ کیموتھراپی ہوئی لیکن ہر کیموتھراپی کے بعد اس کی حالت پہلے سے بدتر ہوتی چلی گئی۔

فرگوسن انگریزی علاج سے مایوس ہو چکی تھی اور اس نے کوئی متبادل طریقہ علاج ڈھونڈنے کے لئے انٹرنیٹ کو کھنگالنا شروع کر دیا۔ اسے انٹرنیٹ کی دنیا سے معلوم ہوا کہ ہلدی میں قدرت نے کینسر کے خلاف لڑنے کی صلاحیت رکھی ہے۔

فرگوسن نے یہ بات جانتے ہی ہر طرح کا انگریزی علاج بند کر دیا اور ہلدی کو دوا کے طور پر کھانا شروع کر دیا۔

فرگوسن نے روزانہ شام کو 8 گرام ہلدی کا جوہر (کرکیومن) خالی پیٹ استعمال کرنا شروع کردیا۔

فرگوسن نے ہلدی کا استعمال جاری رکھا اور جلد ہی اس نے محسوس کیا کہ اس کی طبیعت بہتر ہو رہی ہے۔ حتیٰ کہ 15 مہینے کے اندر اندر وہ مکمل طور پر صحت یاب ہو گئی۔

فرگوسن اپنا طبّی معائنہ برٹس ہسپتال لندن میں موجود ایک انتہائی سینئر ڈاکٹر جیمی سے کرواتی رہی۔ ڈاکٹر جیمی نے فرگوسن کی صحتیابی پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ فرگوسن کی صحتیابی کے حوالے سے یہ بات تسلیم کئے بغیر چارہ نہیں ہے کہ ہم مان لیں کہ یہ محض ہلدی ہی تھی جس نے فرگوسن کو صحت مند کیا۔

صحت یابی کے بعد ڈاکٹروں نے فرگوسن کو مسلسل زیرِ معائنہ رکھا اور 5 سال کے مسلسل مشاہدے کے بعد بالآخر اعلان کردیا کہ فرگوسن نے ہلدی کے ذریعے اپنے کینسر کا کامیاب علاج کرلیا ہے۔ برٹش جرنل میں محققین نے لکھا ہے کہ کینسر کے خلاف ہلدی کی کارکردگی ناقابلِ یقین ہے۔

فرگوسن آج بھی ہلدی استعمال کر رہی ہے۔ چند ماہ پہلے بی بی سی لندن نے اس کا انٹرویو کیا ہے۔ فرگوسن نے اپنا ایک فیس بک پیج بنا رکھا ہے جس کے ذریعے وہ لوگوں کو ترغیب دے رہی ہے کہ ہلدی کے ذریعے اپنا علاج معالجہ کریں۔

یہ تو تھی فرگوسن کی کہانی... لیکن مغرب میں ہلدی پر ہونے والی تحقیق سے جو نتائج سامنے آئے ہیں ان کی روشنی میں یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ ہلدی کو بطور دوا استعمال کرکے درج ذیل بیماریوں سے چھٹکارا حاصل کیا جا سکتا ہے۔

نمبر-1 بڑی آنت کا کینسر

نمبر-2 لبلبے کا کینسر

نمبر-3 چھاتی کا کینسر

نمبر-4 عضو خاص کے غدود کا کینسر

نمبر-5 مائی-لوما کینسر (یہ فرگوسن والا ہی کینسر ہے)

نمبر-6 پھیپھڑوں کا کینسر

نمبر-7 کینسر لئی ژن

نمبر-8 گردن اور سر کا کینسر

نمبر-9 مقعد اور ریکٹم (نضام ہضم کی آخری آنت) کا السر

نمبر-10 بڑی آنت کا السر

نمبر-11 معدے کی سوزش

نمبر-12 کھانے کے بعد خوراک کا معدے سے اوپر کو آنا اور دل خراب ہونا

نمبر-13 جوڑوں کا درد (آرتھرائٹس)

نمبر-14 جوڑوں کا گھس کر سوزش ہو جانا

نمبر-15 آنکھ کی درمیانی تہہ کی سوجن

نمبر-16 ہر طرح کی سوزش

نمبر-17 معدے کے دو طرح کے السر

نمبر-18 جلد کی دو بیماریاں

نمبر-19 دماغ کے متعلقہ دو بیماریاں

نمبر-20 دل کی دو بیماریاں

نمبر-21 تین طرح کی شوگر

نمبر-22 پیشاب کے نظام سے متعلق ایک بیماری

نمبر-23 ایڈز

واضح رہے یہ وہ بیماریاں ہیں جن کے خلاف لڑنے کی صلاحیت کا ہلدی میں موجود ہونا سائنسی تجربات کی روشنی میں سامنے آچکا ہے. مزید تحقیق ابھی جاری ہے.

ہلدی کا کینسر کے علاج کے طور پر سامنے آنے کے بعد نیچرل ہیلتھ نامی ویب سائٹ نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ کینسر کی صنعت سے وابستہ کمپنیاں ہلدی کی افادیت اور اس کے استعمال پر ہونے والی تحقیق کے خلاف کوئی سازش کر سکتی ہیں. کیونکہ ہلدی کی افادیت نے ان کمپنیوں کا اربوں ڈالر کا کاروبار داؤ پر لگا دیا ہے.

لہٰذا پیش کردہ حقائق کی جیسے جیسے مغرب میں جانکاری بڑھتی جائے گی ویسے ویسے ہلدی کی طلب میں بھی اضافہ ہوتا جائے گا. اور اسی طلب کی بدولت پاکستان زیادہ سے زیادہ ہلدی کاشت کر کے بیش بہا فائدہ اٹھا سکتا ہے.

ہلدی کی کاشت اور اس سے کمائی جانے والی آمدن کے بارے میں بھی بات ہو گی لیکن آئندہ مضمون میں پہلے ہم آپ کو یہ بتائیں گے کہ خالص اور اصلی ہلدی کی پہچان کیا ہے. اور پاکستان میں جو ہلدی ہم کھا رہے ہیں کیا اس میں ہلدی کا جوہر موجود بھی ہے یا کہ نہیں.

تحریر!

-1ڈاکٹر شوکت علی....ماہرِ توسیعِ زراعت، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

-2انجینئر ڈاکٹر محمد اظہر....ماہرِ مشینی امور برائے ہلدی، زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد

**Copy/paste**



Mohammad Shoib ▸ الطب و الكيميا جديد
February 8 at 6:11pm ·

ماہنانہ طبّی میگزین (الطب والکیماء) پڑھنے کا موقع ملا میرے مطالعے کی اب تک کی بہت ہی عمدہ کتاب ہے ماشاءاللہ ہر لفظ صاف صاف اور اطباء کے بیان اور ان کے نام کے ساتھ بہت بہترین ہے۔ میں اُمید کروں گا کہ یہ میگزین اسی طرح جاری رہے اور اس میں جو لوگ معاون بنے ہیں اللہ کریم انہیں جزائے خیر عطاء فرمائے آمین.





Hakeem Ejaz Hakkeemjee الطب و الکیمیا جدید
February 8 at 2:23pm ·

مربہ آملہ اور مربہ ہلیلہ

دونوں دو دو دانے پانی سے دھوکر بوقتِ عصر کھالینا

فولاد کیلشیم اور وِٹامن سی کی کمی دُور کردیتا ہے۔

حکیم اعجاز حکیم جی



Mian Muhammad Ahsan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 6 at 8:06pm ·

امراض دانت : دانت درد میں مشک کافور ایک حصہ، تیل تارپین دو حصہ ملا کر روئی سے دانت یا کھوڑ میں رکھیں درد ٹھیک ہو جائے گا۔

دانت سے خون آنے کی صورت میں : گل بابونہ۔ تخم السی۔ تخم میتھی۔ ہلدی ہموزن لے کر پانی میں ابالیں اور غرارے کریں۔

مسوڑوں کا پھول جانا : کالی مرچ۔ پھٹکڑی خام۔ سنڈھ۔ سہاگہ۔ نمک ہموزن باریک کر کے بطورِ منجن استعمال کریں۔

پائیوریا: نیلا تھوتھا بریاں 3 ماشہ۔ پھٹکڑی، مائیں۔ صدف۔ مازو سوختہ ہر ایک تولہ سفوف بنا کر بطور منجن استعمال کریں۔

Tanveer Shahid ▸ الطب و الكيميا جديد
February 8 at 10:29pm

# نظام انہضام والیکٹرو ہومیوپیتھی ۔۔۔۔۔

نظام انہضام میں معدہ جگر تلی چھوٹی و بڑی آنتیں شامل ہیں۔۔۔ ملیریا یا میل نیوٹریشن کے سبب کوئی بھی مرض نہ صرف جسم میں داخل ہوتا ھے تو امیون سسٹم جو کہ جسم کا دفاعی نظام ھے کو کمزور پاور ملنے کے سبب بیماری نہ صرف یہ کہ پاور میں آجاتی ھے بلکہ مزید بیماریاں بھی مریض کو ادھ مواء کر ڈالتی ہیں۔۔۔اور مریض کا بی پی لو ہونا شروع ہو جاتا ھے اور دائمی قبض اسکا نصیب بن جاتی ہے۔۔۔۔

جبکہ جگر کی لپڈز پروفائل اور ایل۔ایف۔ٹی اینزائمز بڑھنے سے موٹاپا و ہائی بلڈ پریشر کیساتھ ساتھ فیٹی لیور کے مسائل آجاتے ہیں اور چھوٹی آنت کے فنکشنز کی ڈسٹربنس سے مفید خوراک بھی جسم کے لیے زہر بننا شروع ہو جاتی ہے۔۔۔جب انکی مقدار حد سے بڑھتی ہے تو نہ صرف بلڈ میں انکی زیادتی ہونے لگتی ھے بلکہ مریض کی نارمل لائف بھی متاثر ہونے لگتی ہے جنہیں علامات کی بنیاد پر مختلف امراض کا نام دے دیا جاتا ہے اور علاج بھی انہی علامات کا کیا جاتا ھے جبکہ علامات ایک شکل سے دوسری شکل اختیار کر جاتی ہیں اور مریض کے ساتھ ساتھ معالج بھی ادھ مواء ہو کر ہاتھ کھڑا کر دیتا ھے۔۔۔

اب تک کی صورت حال تک مریض بے چارہ مایوس ہو کر اپنے مرض کو لاعلاج سمجھ کر مایوس ہو جاتا ھے جبکہ معالج کے پاس نیو مریض آجاتے ہیں جو کہ اسی طرح کے سرکل سے گزر کر لاعلاج ہو جاتے ہیں۔۔۔۔

ایلو سسٹم میں وقتی سکون کے نام پہ سٹیرائڈز دیئے جاتے ہیں جو کہ مخصوص وقت کے بعد اپنے اثرات ختم کردیتے ہیں اور معالج حضرات خود ہی مرض کو لاعلاج ڈیکلیئر کردیتے ہیں۔۔۔

جبکہ الیکٹرو ہومیو پیتھی میں نظام انہضام سے شروع ہونے والی پہلی مرض سے لیکر آخری مرض کی علامات تک کا علاج کیا جاتا ھے جو کہ ایک ہی وقت میں دل جگر دماغ و نظام انہضام کو تقویت دیتا ھے بلکہ امراض کا جڑ سے بھی خاتمہ کرتا ھے۔۔۔۔۔۔اور بہت جلد لپڈز پروفائل، یورک ایسڈ اور (ایل۔ایف۔ٹی) بھی نارمل ہو جاتے ہیں۔۔۔


اس سسٹم میں 80 سال کے فرد کا بھی نظام انہضام نہ صرف ٹھیک ہوتا ھے بلکہ جگر بھی بے بہا خون بنانے کے قابل ہو جاتا ھے۔۔۔۔۔

الیکٹرو ہومیو پیتھی جو کہ جرمنی و آسٹریلین بیس میڈیسن ہے اور انڈیا میں ایلو کو ناکوں چنے چبوا رہی ہے نہ صرف یہ کہ تیزی سے دنیا بھر میں پھیل رہی ھے بلکہ پاکستان میں بھی لوگ دھڑا دھڑ اس سسٹم کی افادیت کی طرف متوجہ ہو رہے ہیں مگر پاکستان میں ڈپلومہ فروشی و معیاری میڈیسن کا نہ ہونا اور معالج کی سستی و ریسرچ کی کمی کے سبب یہ سسٹم جس طرح آیا تھا اس طرح پھیل نہ سکا مگر آپ سب دوست واحباب کی محبتیں و حوصلہ ہے کہ ہر لاعلاج مرض میں نہ صرف یہ کہ مسائل حل ہوئے ہیں بلکہ مریضوں کا اعتماد بڑھنے کے ساتھ ساتھ نیو لاعلاج مریض بھی ریفر ہوئے ہیں۔۔۔۔۔

احباب سے گزارش ہے کہ کسی بھی عمر کے افراداور کسی بھی لاعلاج مرض میں مبتلا مریض جو پانچ یادس سال سے مریض ہیں وہ اپنی رپورٹس ارسال فرما کر کم از کم ایک بار الیکٹرو ہومیو پیتھی کو ضرور آزمائیں اللہ پاک اپنا فضل، کرم اور رحم ضرور فرمائے گا ویسے بھی مایوسی بھی گناہ ہے اور کوئی مرض ایسا نہیں ہے جسکا علاج اللہ سبحان وتعالٰی نے پیدا نہ کیا ہو۔۔۔۔۔۔

ڈاکٹر تنویر شاھد

الیکٹرو ہومیو فزیشن ... 08-02-2018



**Ahasn Mohsin** ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 7 at 8:08pm ·

| Sample Receiving Date: | 07-Feb-18 | Report Date: | 07-Feb-18 |
|---|---|---|---|

| Test | Report | Normal Range |
|---|---|---|
| Blood Sugar (F) | 113 mg/dl | Up to 110 mg/dl |
| B. Urea | 27 mg/dl | Up to 45 mg/dl |
| S. Creatinine | 0.9 mg/dl | Up to 1.0 mg/dl |
| S. Uric Acid | 8.5 mg/dl | M=3.0 - 7.0 F=2.5 - 6.0 mg/dl |
| B. Bilirubin (Total) | 0.7 mg/dl | Up to 1 mg mg/dl |
| S.G.P.T (ALT) | 59 U/L | 8 to 55 U/L |
| S.G.O.T (AST) | 41 U/L | 8 to 55 U/L |
| S. Alkaline Phosphates | 177 U/L | Up to 306 U/L |
| LIPID PROFILE Cholesterol | 224 mg/dl | (150 - 200) |
| LIPID PROFILE Triglycerides | 238 mg/dl | (50 - 150) |
| H.D.L. Cholesterol | 45 mg/dl | (M>45) (F>55) |
| L.D.L | 131 mg/dl | (150 - 190) |

**Hakeem Ejaz Hakkeemjee**

سادہ غذا ورزش اور سیر

سبزیوں اور پھل کا زیادہ استعمال

چائے چکنائی چینی اور چاول سے پرہیز

اس کا حل ہے ، یہ دوا بھی کھائیں

معجون سورنجاں۔۔۔چھ گرام صبح شام قبل از غذا

دوالمسک معتدل جواھر دار۔۔چھ گرام صبح شام بعد از غذا

ایک ماہ کھائیں اور ٹیسٹ کروائیں

اللہ شافی کامل ہے۔

Saif Ali Khan ▶ الطب و الکیمیا جدید
February 8 at 8:24pm

حکومت نے PHF کے زیر اہتمام ہومیوپیتھک ڈاکٹرز اور حکیموں کیلئے اپنے اپنے کلینک کھولنے یا کلینک میں مزید سہولیات مہیا کرنے کیلئے، روزگار بنانے کیلئے سمارٹ لون سکیم SMART LOAN SCHEME متعارف کروائی ہے۔ جو ہومیوپیتھک طلباء یا حکیم یا ڈاکٹرز اس لون سکیم سے فائدہ حاصل کرنا چاہتے ہیں، یا معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ وہ اس واٹس اپ گروپ کو جوائن کر لیں۔ دوسرے افراد ہر گز ہر گز اس گروپ کو جوائن نہ کریں۔ صرف ہومیوپیتھک طالب علم، ڈاکٹرز یا حکیم جو قرضے کی معلومات حاصل کرنا چاہتے ہوں۔ ان کو فارم فل کرنے کا طریقہ اور درخواست فارم جمع کرنے کی معلومات اس گروپ میں دی جائیں گی۔ کوئی بھی ممبر اس موضوع کے علاوہ دوسری کوئی پوسٹ اس گروپ میں نہ کرے۔ شکریہ۔

https://chat.whatsapp.com/DKSMg7TvPxn7sWO4SZwUKT

اس پوسٹ کو شئیر کردیں۔ شکریہ ڈاکٹر ماس گجرات پاکستان مشرف علی زیدی




Naeem Javed طب اور کیمیا کے کمالات
February 4 at 6:35pm ·

## سفوفِ کمال اعجازی

یہ نسخہ برادر محترم جناب حکیم محمد اعجاز صاحب کا ہے اور یہ نسخہ اکسیر ہے. تبخیر معدہ. گھبراہٹ. بے چینی. بلاوجہ غصہ کا آجانا. رونے کو دل چاہنا. کہیں بھی دل نہ لگنا. ہر وقت کھوئے کھوئے رہنا. تنہائی پسند. چڑچڑاپن. مایوسی کا گھیراؤ. اپنے آپ پر غصے کا آتے رہنا. ان سب مسائل سے دوچار لوگوں کے لیے بہترین دوا ہے.

اجزاء نسخہ :۔ الائچی خورد. پودینہ خشک. آملہ خشک. گل سرخ. گل گاؤزبان. کشنیز. گاؤزبان. انار دانہ. فلفل سیاہ. ہر ایک 50 گرام چینی یا مصری 250 گرام.

سب کا سفوف بنا کر ایک گرام کی مقدار خوراک دن میں 3 بار خالی پیٹ تازہ پانی کے ساتھ لینی ہے. غذا میں سادہ شوربہ والا سالن اور خشک روٹی استعمال کرنی ہے. پرہیز :۔ بازاری کھانوں مصالحہ دار اشیاء چاول. آلو گوبھی بڑا گوشت.









طب اور کیمیا کے کمالات ▸ محمد شفیق محمد
February 9 at 5:38pm · Lahore ·

# ایک مقوی باہ مٹھائی

ھوالشافی:۔ستاور نامی بوٹی پنساری سے عام مل جاتی ہے اس کو سو گرام لے لیں اور اچھی طرح پیس لیں۔پیسنے کے بعد کسی حلوائی کے پاس جائیں جو جلیبیاں نکالتا ہو،اس کو کہیں کہ ایک پاؤ جلیبیاں وہ چاہئیں جو شیرہ میں ڈوبی نہ ہوں،بغیر شیرہ کے ہوں اور جلیبیاں خالص دیہاتی دیسی گھی میں نکالے۔جلیبیاں نکالنے سے پہلے جتنے میدے سے پاؤ جلیبیاں نکلتی ہوں اس میں پچاس گرام پِسا ہوا ستاور ڈال کر اچھی طرح مکس کر کے جلیبیاں نکالے۔ان جلیبیوں کو کاغذ کے لفافہ میں ڈال لیں۔

طریقہ استعمال:۔آدھا کلو گرم دودھ میں سو گرام جلیبیاں توڑ توڑ کر ڈال لیں تا کہ وہ اچھی طرح ڈوب جائیں اس میں حسب ذائقہ شہد ڈالیں اور پندرہ منٹ کیلئے رکھ دیں،پندرہ منٹ کے بعد جلیبیاں نرم ہو جائیں گی، چمچ سے نوش فرمائیں اور دودھ بھی پی لیں۔

پرہیز:۔کھٹی، تلی اور گرم مصالحہ والی اشیاء۔رات کو کھانا نہیں کھانا،سونے سے دو گھنٹہ پہلے صرف یہی درج بالا ٹوٹکہ کھائیں۔کمزور معدہ والے اس کی آدھی خوراک کھائیں۔بعد میں آہستہ آہستہ بڑھا لیں۔نسخہ کھانے کے بعد پانی نہیں پینا۔اگر یہ چالیس دن استعمال کریں تو کمزوری ساری زندگی قریب سے بھی نہیں گزرے گی۔

محمد شفیق کمبوہ

Ashraf Saanji ▸ طب اور کیمیا کے کمالات
February 9 at 9:54pm

## قدرت کا قیمتی انعام !

## کریلہ

ڈھلتی عمر اور چہرے پر اس کے اثرات، آج کل خواتین تو ایک طرف مرد حضرات بھی کم عمر اور جوان نظر آنے کیلئے طرح طرح کے ٹوٹکے آزماتے نظر آتے ہیں۔

مگر ہم یہاں آپ کو ان ٹوٹکوں اور سائیڈ ایفیکٹ کی حامل کاسمیٹکس اور ادویات سے نجات دلانے اور جوان نظر آنے کا ایسا طریقہ بتانے جا رہے ہیں جس سے اب تک ہزاروں افراد استفسادہ حاصل کر چکے ہیں۔

نباتات میں اللہ تعالٰی نے بے پناہ فوائد پنہاں رکھے ہیں اور ان پر ریسرچ کرنے والے افراد روزان کے حیرت انگیز فوائد سے متعلق آگاہ کرتے نظر آتے ہیں۔

ایسی ہی ایک سبزی کریلا بھی ہے جس کا جوس پینے سے آپ کی عمر جیسے رک سی جاتی ہے اور چہرہ سے آپ کئی برس چھوٹے نظر آنے لگتے ہیں۔

اطباء حضرات کریلے کو دافع زہر، دافع بخار، اشتہاء انگیز، مقوی معدہ دافع صفرا اور مسہل قرار دیتے ہیں۔

یہ ذیابیطس کا ایک دیسی علاج بھی ہے۔اس میں انسولین سے مشابہہ ایک مادہ پایا جاتا ہے اسے نباتی انسولین کا نام دیا گیا ہے۔

یہ مادہ خون اور پیشاب میں شوگر کی مقدار کم کرتا ہے۔ حکماء پچھلے کئی برس سے ذیابیطس کے علاج میں کریلے استعمال کرارہے ہیں۔

شوگر کے مریضوں کو چار پانچ کریلوں کا پانی روزانہ صبح نہار منہ پینا چاہیے۔

کریلا خطرناک بیماری بواسیر پر بھی مفید ہے۔اس کے تین چمچ پتوں کا جوس ایک گلاس لسی میں شامل کر کے روزانہ صبح ایک ماہ تک پینا بواسیر کا عارضہ دور کرتا ہے۔

کریلوں کی جڑوں کا پیسٹ بواسیر کے مسوں پر لگانا بھی مفید ہے۔ کریلا کا جوس خون کو صاف کرتا ہے اور کئی طرح کے جلدی امراض میں تریاق کا درجہ رکھتا ہے۔

خون کے متعدد امراض جن میں فساد خون سے پھوڑے، پھنسیاں نکلنا، خارش، چنبل، بھگندر، جالندھر شامل ہیں۔تازہ کریلوں کا جوس ایک کپ، ایک چائے کا چمچ لیموں کا رس ملا کر صبح نہار منہ ایک ایک چسکی پینا مفید ہے۔ پرانے امراض میں یہ علاج چار سے چھ ماہ تک جاری رکھنا پڑتا ہے۔ کریلا کی جڑیں بھی کئی امراض کیلئے دوا کا درجہ رکھتی ہیں, جن میں سانس کی بیماری بھی شامل ہے۔

جڑوں کا ملیدہ ایک چائے کا چمچ، اسی مقدار میں شہد یا تلسی کے پتوں کا جوس ملا کر ایک ماہ تک روزانہ رات کو پینے سے دمہ، برونکائٹس، زکام، گلے کی سوزش اور ناک کے استر کی سوزش کا عمدہ علاج ہے۔

موسم گرما میں عموماً پسماندہ اور غیر ترقی یافتہ علاقوں میں ہیضے کی وبا پھوٹ پڑنے کی خبریں میڈیا کی زینت بنتی رہتی ہیں۔ ہیضہ اور اسہال کے ابتدائی مرحلوں میں کریلوں کے پتوں کا تازہ جوس شفاء بخش دوا ہے۔


چائے کے دو چمچ جوس ہم وزن پیاز کے جوس اور ایک چائے کا چمچ لیموں کا رس ملا کر دینا شافی علاج ہے۔

کریلا نشہ چھڑوانے کا بھی کام آتا ہے۔ کریلے کے پتوں کا جوس شراب کے بد اثرات کا اچھا علاج ہے۔

شراب کے زہریلے مادوں کے لئے موثر تریاق کا کام دیتا ہے۔ شراب نوشی سے جگر کو پہنچنے والے نقصان کی بھی اصلاح ہوتی ہے۔

مفادِ عامہ_کیلئے .... ماخذ: انٹرنیٹ





Ihsanelahizaheer Ihsanelahizaheer shared his post.
February 11 at 12:45pm ·

# کستوری / مشک

کستوری کو دل ودماغ کی ادویات میں جزو اعظم کی حیثیت حاصل ہے۔ماہرین طب نے اس کی بہت تعریف کی ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ہر میدانی ہرن سے نافہ یا مشک کی تھیلی حاصل ہو سکتی ہے اور ایک خاص قسم کی بلی سے بھی نافہ نکلتا ہے۔یہ خیال غلط ہے۔اس غلط فہمی کو دور کرنے اور قارئین کی معلومات کیلیئے اس مضمون کو پیش کیا جارہا ہے۔

کستوری ایک نہائیت ہی قیمتی اور کار آمد مرکب ہے اسے مختلف ادویات میں استعمال کیا جاتا ہے۔

مردانہ کمزوری کو دور کرنے والی اکثر ادویات میں استعمال ہوتی ہے بہت سے ملکوں میں کستوری سے عطر تیار کیا جاتا ہے۔اس عطر کی خوشبو نہائیت فرحت بخش اور دیرپا ہوتی ہے۔

## اصل کستوری کی پہچان:۔

اصل کستوری کی پہچان یہ ہوتی ہے کہ اگر سوئی کو دھاگے سمیت لہسن کی پوتھی سے گزارا جائے اور پھر اس سوئی دھاگے کو نافے سے گزارا جائے اور لہسن کی بو غائب ہو جائے تو سمجھ لیں کہ کستوری خالص ہے۔ کستوری چونکہ بہت قیمتی اور نایاب ہے اس لیے نافہ میں خشک خون یا خشک کلیجی کا سفوف نافے میں وزن بڑھانے کے لیے ملا دیا جاتا ہے۔لوگوں کا خیال ہے کہ ہر میدانی ہرن کے نافے سے مشک کی تھیلی بر آمد ہوتی ہے۔یا پھر ایک خاص قسم کی میدانی بلی سے بھی نافہ نکلتا ہے۔اس غلط فہمی کو دور کرنے کے لیے یہ مضمون پیش کیا جارہا ہے۔ کستوری

والا ہرن خاص جنگلوں میں آٹھ سے دس فٹ کی بلندی پر پایا جاتا ہے۔ چین نیپال گلگت اور اور روس کے بالائی پہاڑی علاقوں میں یہ ہرن پایا جاتا ہے۔ یہاں اسکی باقائدہ فارمنگ کی جارہی ہے۔ یہ بھورے رنگ کا ایک چھوٹا سا ہرن ہے۔ جس کے بال بھورے اور گھاس کی طرح ہیں۔ اس کے کان کافی لمبے قد ڈھائی تین فٹ اور اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں۔ نر ہرن کے منہ سے دو دانت نکل کر نچلی طرف بڑھے ہوئے ہوتے ہیں۔ مادہ کے دانت ایسے نہیں ہوتے۔ کستوری صرف نر سے نکلتی ہے۔ جو اس کی ناف میں تھیلی کی شکل میں ہوتی ہے۔ حلال کرنے سے پہلے فوری طور پر اسے رسی سے باندھ دیا جاتا ہے تا کہ خون میں تحلیل نہ ہو۔ کستوری کلیجی کے رنگ جیسی گاڑھے سے محلول کی شکل میں ہوتی ہے جو کہ نکالنے کے بعد چند منٹوں میں جم کر سخت ہو جاتی ہے۔ ناف میں بال نماء تھیلی کو بمعہ کھال کاٹ کر محفوظ کر لیا جاتا ہے۔

کستوری والے ہرن کا شکار:۔

اس ہرن کا شکار دشوار بھی ہے اور تجربہ کاروں کے لیے آسان بھی۔ جس جھاڑی یا چٹان کے نیچے یہ رہائش رکھتا ہے وہ جگہ نہائیت صاف ہوتی ہے۔ فضلہ اپنی رہائش سے دور ڈالتا ہے۔ جس چٹان کے ساتھ رہتا ہے بڑی خوبصورتی سے اسی کا حصہ بن جاتا ہے۔ اور زمین کے ساتھ زمین۔ ناواقف شکاری پاس سے گزر جاتا ہے یہ ہرن اپنا بسیرا جھاڑی دار جنگل میں برف کے نزدیک کرتا ہے۔ تجربہ کار شکاری چار پانچ ساتھیوں کے ساتھ خود نالے کے منہ پر اور ساتھیوں کو نالے کے نیچے بٹھا دیتا ہے۔ ایک بالکل تہہ میں جبکہ باقی نالے کے کناروں پر بیٹھ جاتے ہیں۔ تہہ والا آدمی زور سے ڈنڈا درخت پر مارتا ہے۔ ہرن اپنی پناہ گاہ سے نکل کر بھاگتا ہے۔ دائیں اور بائیں والے آدمی بھی اسے طرح ڈنڈے درخت پر مارتے ہیں اور ہرن سیدھا دہانے پہ بیٹھے شکاری کے پاس پہنچ جاتا ہے۔ عام

طور سے ان علاقوں میں شکاری چوری چھپے کستوری کی تلاش میں شکار کرتے ہیں۔اس کا شکار ہر ملک میں ممنوع ہے اور سخت سزادی جاتی ہے۔

کستوری چونکہ سونے سے بھی دگنے داموں بکتی ہے اسلئے شکاری پیسے کی وجہ سے اسے مارتے ہیں۔اس ہرن کی تعداد باوجود پابندی کے بہت کم ہو چکی ہے۔چین میں باقائدہ فارم ہیں جہاں کستوری وقت مقررہ پہ سرنج کے ذریعے نکال لی جاتی ہے۔دوسرے سال پھر کستوری ناف میں پک جاتی ہے۔تب ہرن اسے سورج سے گرم شدہ پتھروں پر رگڑتا ہے۔ حتیٰ کہ یہ پھوڑا نماء بال پھٹ کر چٹانوں پر بہہ جاتا ہے پرانے وقتوں میں شکاری لوگ چٹانوں سے کھرچ کر یہ بھی بطور تحفہ دیا کرتے تھے۔





**Sajid Butt** ▸ طب اور کیمیا کے کمالات
February 9 at 3:40pm ·

## میرا آج کا عنوان قوت باہ یا مردانہ قوت ہے

میری کوشش ہوگی کہ آپکو اپنی کمی کا خود بھی پتا چل سکے۔ نسخہ تو ہر طرح کا لوگ پوسٹ کر رہے ہیں مگر اس طرح آگاہی شائید کوئی نہ دے۔

(1)۔ جب ایک دفع ہمبستری کے بعد دوبارا قوت پیدا نہ ہو تو یہ دماغ کی کمزوری ہوتی ہے۔

(2)۔ اگر قربت کی خواہش بلکل ہی پیدا نہ ہو تو یہ دل کی کمزوری کی علامت ہوتی ہے۔

(3)۔ اگر قربت کی رغبت تو ہوتی ہو مگر دیر بعد تو یہ مادہ منویہ کی کمی کی علامت ہوتی ہے۔

(4)۔ اگر ہمبستری کے بعد جسم میں تھکاوٹ کا احساس اور کمزوری آ جائے تو یہ سوء ہضم کی علامت ہوتی ہے۔

(5)۔ اگر ہمبستری کا دوران عضو سست ہو جائے تو یہ جگر کی خرابی کی علامت ہوتی ہے۔

(6)۔ اگر خروج کے وقت مادہ منویہ زور سے اچھل کر خارج ہو تو یہ حدت مثانہ کی علامت ہوتی ہے۔

(7)۔ اگر منی آہستہ آہستہ خارج ہو اور ساتھ ہی سرعت کی شکائیت ہو تو یہ منی پتلی اور ضعف مثانہ کی علامت ہوتی ہے۔

(8)۔ اگر قربت کی خواہش پر بھی عضو لاغر اور مرجھا رہے اور تناؤ بھی پورا نہ ہو تو اس کا باعث استرخا ہوتا ہے، جو اغلام اور جلق جیسی گندی عادات کا نتیجہ ہوتا ہے، یہ بدترین عادت آج کے دور میں عام ہے۔

نوٹ: بہت سے علاج کرنے والے اپنے آپ کو ماہر امراض جنسیات کہلاتے ہیں مگر علاج کروانے والے پھر بھی بیمار ہیں وجہ یہ ہے کہ ہر درج کردہ مرض کا علاج مختلف ہوتا ہے، لمبے چوڑے نسخے پہ نسخے پوسٹ ہو رہے ہیں مگر دیکھے بغیر کہ کتنے لوگوں کا نقصان ہوگا۔

Sameer Khan ▸ طب اور کیمیا کے کمالات
February 11 at 2:59pm

## ہلدی اُگائیں صحت کے ساتھ روپے بھی کمائیں۔

گنے کے کاشتکاروں کے لئے سونے جیسا مشورہ : ۔ ایک ایکڑ سے دو لاکھ سے زائد منافع

گنے کے کاشتکاروں کے ساتھ اس سال جو کچھ ہوا ہے یا ہو رہا ہے اس پر بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے.

گنے کے کاشتکاروں کی مدد کے لئے نہ تو وفاقی حکومت کی کوششیں رنگ لائیں اور نہ ہی صوبائی حکومتوں نے کسان کے دکھوں کا مداوا کیا. حتیٰ کہ کسانوں کا احتجاج بھی کسی کام نہ آیا.اور آج کی تاریخ تک تمام کوششوں کا مجموعہ صفر جمع صفر برابر صفر ہے.

لہٰذا اس ساری صورتِ حال کے پیشِ نظر گنے کے کاشتکار یہ سوچ رہے ہیں کہ انہیں گنے کی کاشت کے ساتھ ساتھ دوسری فصلوں کو بھی آزمانا چاہیئے. زرعی ماہرین،زرعی محققین اور ترقی پسند کاشتکاروں سے مشاورت کر کے ،گنے کے کاشتکاروں کے لئے ایک سونے جیسا مشورہ حاضر ہے.

ہمارا آپ کے لئے یہ مشورہ ہے کہ آپ گنے کے علاوہ ہلدی کی فصل بھی کاشت کریں.

اس فصل کا مزاج بالکل گنے کی فصل جیسا ہی ہے.یعنی ایک تو یہ 9 مہینے کی فصل ہے.اس پر محنت بھی گنے جتنی بلکہ گنے سے بھی کم ہے.اس پر سپرے بھی گنے کی طرح کم کرنے پڑتے ہیں.اس کو پانی بھی گنے کی طرح بلکہ گنے سے کم لگتے ہیں.اور اس کا منافع بھی گنے سے زیادہ ہے.

آیئے ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ ہلدی کی کاشت سے فی ایکڑ کتنی پیداوار اور آمدن ہوتی ہے؟

ویسے تو ہلدی کی فی ایکڑ پیداوار 3 سو من تک بھی ہوتی ہے لیکن ایک درمیانہ کسان، درمیانی زمین پر، درمیانی محنت کرے تو ہلدی کے ایک ایکڑ سے 2 سو من تک پیداوار حاصل ہو جاتی ہے.

واضح رہے کہ یہ 200 من گیلی ہلدی کا وزن ہوتا ہے.

ہلدی کو عام طور پر کسان خشک کر کے بیچنا پسند کرتے ہیں کیونکہ اس طرح منافع زیادہ ہوتا ہے. 2 سو من ہلدی خشک ہونے کے بعد کم ہو کر 60 من رہ جاتی ہے.

گیلی ہلدی فروخت کرنے سے کتنی آمدن ہو گی؟

اگر کسان گیلی ہلدی ہی فروخت کر دے تو اس کا ریٹ آج کل 8 سو روپے فی من ہے. اس حساب سے کسان کو 2 سو من ہلدی سے ایک لاکھ 60 ہزار کی آمدن ہو گی.

خشک ہلدی فروخت کرنے سے کتنی آمدن ہو گی؟

اگر کسان گیلی ہلدی کو خشک کر کے فروخت کرے تو آجکل کے حساب سے خشک ہلدی کا ریٹ 4000 روپے فی من ہے. اس طرح کاشتکار کو 60 من خشک ہلدی سے 2 لاکھ 40 ہزار کی فی ایکڑ آمدن ہو گی. واضح رہے کہ یہ ہلدی کا کم سے کم ریٹ ہے ورنہ گزشتہ سالوں میں خشک ہلدی 8 ہزار فی من تک بھی بکی ہے.

ہلدی کا پاؤڈر بنا کر فروخت کرنے سے کتنی آمدن ہو گی؟

لیکن اگر کاشتکار اسی ہلدی کو چکی میں پیس کر اس کا پاؤڈر بنا کر بیچے تو یہ 6 ہزار فی من تک فروخت ہو سکتا ہے.
واضح رہے کہ آج کل پسی ہوئی ہلدی کا پرچون ریٹ تقریباً 11 ہزار روپے فی من ہے.

لیکن اگر ہم 60 من ہلدی کا ریٹ 6 ہزار فی من بھی لگائیں تو اس سے آپ کی آمدن 3 لاکھ 60 ہزار ہو سکتی ہے.

آیئے اب ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ ہلدی کی فی ایکڑ کاشت پر کتنا خرچ آئے گا اور کتنا منافع ہو گا؟

ہلدی کی کاشت میں بڑا خرچہ بیج کا ہے.

ہلدی کا ایک ایکڑ کاشت کرنے کے لئے تقریبا 22 من بیج لگ جاتا ہے. کچی اور تازی ہلدی کی گنڈیاں بیج کے طور پر استعمال ہوتی ہیں. ویسے تو کچی ہلدی کا ریٹ 800 روپے فی من ہے لیکن بیج کے طور پر استعمال کرنے کے لئے بہت اچھی ہلدی تقریبا 950 روپے فی من مل جائے گی. اس طرح ہلدی کی کاشت کے لئے بیج کا خرچہ تقریبا 22 ہزار روپے بنے گا.

اس کے علاوہ ہلدی کو پانی خاص طور پر گرمیوں میں ہر ہفتے لگانا پڑتا ہے. اس طرح نو مہینوں میں اسے تقریباً 25 سے 30 پانی لگیں گے. اگر آپ نہری پانی پر فصل کاشت کرتے ہیں پھر تو پانی کا خرچ نہ ہونے کے برابر ہے.
لیکن اگر آپ نے ٹیوب ویل کا پانی بھی لگانا ہے تو اس کا حساب آپ خود لگا سکتے ہیں.

ہلدی کی فصل کو کھاد ڈالنا بھی اسی طرح ضروری ہے جیسے آپ دوسری فصلوں کو کھاد ڈالتے ہیں. ویسے تو ہلدی کو کھاد، کھیت کی مٹی ٹیسٹ کروا کر ہی ڈالنی چاہیئے. لیکن جٹ کا حساب یہ ہے کہ 2 بوری ڈے اے پی، 2 بوری یوریا اور ایک بوری پوٹاش ڈال دیں. اس طرح سے کھاد کا خرچ بھی 12 سے پندرہ ہزار تک چلا جائے گا.

سپرے بھی فصلوں کے لئے ضروری ہے لیکن ہلدی کی فصل کو بہت کم سپرے کرنے پڑتے ہیں. زیادہ سے زیادہ ایک سپرے جڑی بوٹی مار زہر کا اور ایک ہی سپرے کیڑے مار زہر کا کافی ہے. اس کا خرچ آپ 2ہزار لگا لیں.

آخر میں خرچہ ہے ہلدی کو زمین کھود کر نکالنے کا. زمین کھود کر ہلدی نکالنے کا کام زیادہ تر لیبر کرتی ہے. مرد حضرات زمین کھودتے جاتے ہیں اور خواتین ہلدی نکال نکال کر صاف کرتی جاتی ہیں. مزدور ایک ایکڑ سے ہلدی نکالنے کا معاوضہ تقریباً 14ہزار روپے لے لیتے ہیں.

اس طرح ہلدی کا ایک ایکڑ کاشت کرنے پر آپ کا کل خرچ 50ہزار روپے آسکتا ہے. لیکن اگر آپ نے زمین بھی ٹھیکے پر لے رکھی ہو تو پھر ٹھیکہ بھی اس میں جمع کر لیں.

اس طرح ایک لاکھ 60ہزار کی آمدن سے آپ 50ہزار روپے نکال دیں تو آپ کو خالص منافع ایک لاکھ 10 ہزار روپے فی ایکڑ ہو جائے گا.

ہلدی خشک کرنے پر کتنا خرچ آئے گا اور کتنا منافع حاصل ہو گا؟

ہلدی خشک کرنے کے لئے عام طور پر گنے سے گڑ بنانے والے کڑاہے استعمال کئے جا سکتے ہیں. کڑاہوں میں ڈال کر ہلدی کو ابالا جاتا ہے اور پھر زمین کو صاف کر کے سوکھنے کے لئے پھیلا دیا جاتا ہے. اس سارے عمل میں محنت زیادہ لیکن خرچ کم ہے اور اگر آپ کا بالن گھر کا ہے پھر تو کیا ہی بات ہے. گھر کا بالن درختوں کو چھانگ کر حاصل کیا جا سکتا ہے. یا پھر مکئی کے ٹانڈے یا کماد کی کھوری و آغ وغیرہ بھی استعمال میں لائے جا سکتے ہیں. لیکن انجینئر

ڈاکٹر اظہر علی اس بات کے حق میں نہیں کہ ہلدی کو ابال کر خشک کیا جائے. اگر ہم انجینئر ڈاکٹر اظہر علی کی یہ بات مان لیں تو پھر ہلدی ابالنے والی محنت اور خرچے سے بھی ہماری جان چھوٹ سکتی ہے.

لیکن پھر بھی اگر آپ اس کام 500 روپے فی من بھی خرچہ لگا لیں تو 60 من ہلدی پر آپ کا کل خرچ 30 ہزار ہو گا. اس طرح ہلدی اگانے اور خشک کرنے کا کل خرچ 80 ہزار روپے بنتا ہے. 2 لاکھ 60 ہزار کی آمدن سے 80 ہزار روپے خرچ نکال دیں تو آپ کا خالص منافع ایک لاکھ 80 ہزار روپے بنتا ہے.

ہلدی پیسنے پر کتنا خرچ آئے گا اور کتنا منافع حاصل ہو گا؟

ہلدی کو پیسنے کے لئے کٹر والی چائنہ چکی کا استعمال نہیں کرنا چاہیئے. البتہ آپ پتھر والی کسی بھی چکی سے ہلدی پِسوا سکتے ہیں. چکی والا آپ سے ڈیڑھ سے 2 سو روپے فی من کی پِسوائی لے گا. اس طرح 60 من ہلدی کا پاؤڈر بنانے میں آپ کا خرچ تقریباً 9 سے 12 ہزار تک آئے گا. اس طرح ہلدی اگانے، خشک کرنے اور پیسنے کا کل خرچ تقریباً 90 ہزار روپے بنتا ہے. 10 ہزار کرائے وغیرہ کا ڈال کر بھی خرچہ ایک لاکھ سے اوپر نہیں جاتا.

لٰہذا 3 لاکھ 60 ہزار کی آمدن سے ایک لاکھ نکال دیں تو آپ کا خالص منافع 2 لاکھ 20 ہزار تک جا سکتا ہے.

لٰہذا اس ساری جمع تفریق کی روشنی میں ہم گنے کے کاشتکاروں کو پر زور مشورہ دیتے ہیں. کہ وہ گنے کی کاشت کے ساتھ ساتھ ہلدی بھی کاشت کریں. اس سے ایک تو گنے کی کم کاشت کی وجہ سے علاقے میں گنے کا ریٹ بھی کاشتکار بھائیوں کو ٹھیک ملے گا. اور دوسرے ہلدی سے بھی انہیں خاطر خواہ آمدن ہو گی.

مزید یہ کہ اگر خدانخواستہ کسی ایک فصل کے ساتھ کوئی اونچ نیچ ہو جائے تو دوسری فصل کاشتکار کو بچا لے گی.

جب آپ پہلی مرتبہ ہلدی کاشت کریں تو چار کنال سے زیادہ رقبے پر کاشت نہ کریں. پہلی فصل آپ کی تجرباتی فصل ہو گی. اس سے ایک تو آپ کو اگلی فصل کے لئے بیج خریدنا نہیں پڑے ہو گا اور دوسرے اگر خدانخواستہ آپ سے کوئی غلطی ہو گئی تو زیادہ نقصان نہیں ہو گا. اگلے سیزن میں آپ گھر کے بیج سے اپنے آدھے رقبے پر گنا اور آدھے رقبے پر ہلدی کاشت کر لیں.

ہلدی کی کاشت مارچ یا اپریل میں ہو جاتی ہے. ہلدی کیسے کاشت کرنی ہے. آئندہ مضمون میں ہم آپ کو اس کی ساری تفصیلات سے آگاہ کر دیں گے.

تحریر !ڈاکٹر شوکت علی --ماہرِ توسیعِ زراعت، زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد

انجینئر ڈاکٹر محمد اظہر علی --ماہرِ مشینی امور برائے ہلدی، زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد

copy/paste






Danish Ehsaan ▸ الطب و الکیمیا قدیم
February 6 at 11:33am

اسلام علیکم. تمام صاحبِ علم حضرات سے گزارش ہے!

میری عمر 30 سال ہے 3 سال سے بہت سگریٹ پی اب 3 سال ہو گئے چھوڑ ے ہوئے لیکن سینے پر غبُار سا محسوس ہوتا ہے دوسرا دن ہے سانس کا مسئلہ ہے سانس میں مشکل ہوتی ہے پلیز کوئی علاج بتادیں جزاک اللہ.

اور 3۔4 ماہ سے قبض بھی ہے.



Hakeem Ejaz Hakkeemjee
20 hrs

انجیر خشک 4 دانے ایک کپ پانی میں ہلکا جوش دیکر پانی نیم گرم پی لیں انجیر اچھی طرح چبا کے کھا لیں

ایک ہفتہ بوقتِ عصر پابندی سے کریں

اللہ شافی کامل ہے.



Zaheer Saif ▸ الطب و الکیمیا قدیم
February 10 at 1:16am

## سردیوں کا موسم اور بچے!

سردیوں کا موسم اکثر بچوں کے لیے خاصی زحمت کا باعث بن جاتا ہے۔ نزلہ، زکام، گلے کی خراش، نمونیہ، بخار وغیرہ اس موسم کی دین ہیں ان سے بچاؤ کی تدابیر اختیار کر لیں تو آپ کے نونہال بیمار ہونے سے بچے رہیں گے۔

دراصل اپنی ناتواں قوت مدافعت کے باعث نوزائیدہ بچے موسمی سختی برداشت نہیں کر پاتے اور ماحول اور آب و ہوا کی تبدیلی سے بہت جلد متاثر ہو جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ناسمجھی کے باعث انہیں احتیاطی تدابیر کا بھی

زیادہ شعور نہیں ہوتا اور وہ نتائج سے بے پرواہو کر اپنے کاموں میں مگن رہتے ہیں، لہٰذا سردیوں میں ان کا متاثر ہونا کوئی اچنبھے کی بات نہیں۔

ایسے میں اکثر مائیں موسم کو الزام دیتی نظر آتی ہیں جو کہ نہایت عجیب امر ہے، کیوں کہ بچے تو ٹھہرے بچے، وہ کیوں کر موسم اور اس کے لیے احتیاطوں کو سمجھ سکتے ہیں؟ یہ کام تو ہے ہی سراسر ان کی ماؤں کا کہ انہیں احتیاط کرائیں۔ اگر سرد موسم کے شروع ہوتے ہی بچوں کو مناسب گرم کپڑے پہنائے جائیں۔ انہیں پانی میں کھیلنے سے دور رکھا جائے۔ ٹھنڈے پانی سے ہاتھ منہ دھونے اور نہانے سے روکا جائے۔ چاکلیٹ، غیر معیاری ٹافیوں اور مٹھائیوں سے دور رکھا جائے تو بچے سینے کی جکڑن، سانس کی تکلیف، نزلے، گلے کی خرابی یا گلے کے غدود میں سوجن کی شکایت سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

سردی کے موسم میں نوزائیدہ بچوں کے پاؤں، سینے اور خاص طور پر سر کو گرم رہنا چاہیے۔ شیر خوار اور کم از کم پانچ برس تک کے بچوں کے سر اور سینے کو ڈھانپ کر رکھیں لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ پانچ برس سے بڑے بچوں کو گرم کپڑے نہ پہنائے جائیں، اور ان کو سرد ہوا کے جھونکوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا جائے بلکہ احتیاط سب کے لیے ضروری ہے۔

ماہرین طب کا کہنا ہے کہ انسانی جسم کی چالیس فیصد حرارت سر کے راستے داخل ہوتی ہے اس لیے محتاط رہیں۔ موسم کی سختی کے حساب سے بچوں کے سر پر اونی ٹوپی اور پاؤں میں موزے پہنانے کے ساتھ ساتھ سینہ بند یا کوئی ہاف سوئٹر کپڑوں کے اندر پہنائیں۔ ہائی نیک سوئٹر پہنانا بھی مفید رہے گا، گرم کپڑے پہناتے وقت موسم کی شدت کا درست اندازہ کریں اور اسی حساب سے کپڑے پہنائیں۔ ایسا نہ ہو کہ موسم کی شدت سے زیادہ

بھاری کپڑے پہنادیے جائیں، جس سے بچہ گھبراجائے۔پانی کی بے احتیاطی سے عام طور پر بچوں کی قوت مدافعت کم زور پڑ جاتی ہے اور وہ نزلے زکام اور نمونیے کا شکار ہو جاتے ہیں۔ نمونیے کی صورت میں ان کے پھیپھڑے بری طرح متاثر ہوتے ہیں، جس کی وجہ سے پسلیاں چلنے لگتی ہیں۔ تیز بخار ہو جاتا ہے اور بچہ سانس لینے میں دقت محسوس کرتا ہے۔

نمونیے کی صورت میں فوری طور پر معالج سے رجوع کیا جائے، کیوں کہ پاکستان میں بچوں کی اموات کی بڑی وجہ نمونیہ ہے جس کی وجہ سے سالانہ 19 فیصد بچے لقمہ اجل بن جاتے ہیں۔اس لیے بہتر ہے کہ اپنے بچوں کو پہلے ہی نمونیے سے بچاؤ کی تدابیر کریں۔ بہ حیثیت ماں آپ کو اس بیماری کی علامات بھی معلوم ہونی چائییں تاکہ بر وقت تشخیص کی جاسکے۔

ماہرین کے مطابق جب بچہ کراہنا شروع کرے تو والدین کو چاہیے کہ فوری توجہ دیں، جب کہ سانس لینے میں سیٹی کی آواز نکلنا، پسلی چلنا، بچے کا نڈھال ہونا، بخار، نزلہ اور کھانسی کے ساتھ جھٹکے لگنا شدید نمونیے کی علامات ہیں، ایسی کیفیت میں ہنگامی بنیادوں پر مستند طبیب سے رجوع کریں، اور اسے حرارت پہنچائیں۔

ضرورت ہو تو کمرے میں انگھیٹی جلالیں، لیکن یہ بھی دھیان رکھیں کہ کمرے میں ہوا کی آمد ورفت میں رکاوٹ پیدا نہیں ہونی چاہیے۔اگر بچے کو پاؤڈر کا دودھ دیا جارہا ہے تو ہر بار بوتل کو گرم پانی سے اچھی طرح دھوئیں۔

سردی سے نارمل بخار ہونے کی صورت میں خود سے ادویات دینے سے گریز کریں۔بچے کو بخار سے سردی لگ رہی ہو اور وہ کانپنے لگے تو اسے روئی کا بنولہ نا بنائیں بلکہ ذرا ڈھیلے کپڑے پہنائیں اکثر مائیں بچوں کو بخار میں گرم

کپڑوں سے سر سے پیر تک ڈھانپ دیتی ہیں جس سے بعض اوقات ان کی حرارت معمول سے بھی بڑھ جاتی ہے۔ بخار کی صورت میں بچے کو سوپ اور یخنی دیں۔ وقفے وقفے سے بچے کا درجہ حرارت نوٹ کرتے رہیں اور بخار بڑھنے کی صورت میں معالج سے ضرور رجوع کریں۔

بچوں میں سردی کی وجہ سے نزلہ اور گلے میں خراش کی شکایت بھی ہوتی ہے۔ نزلہ بہ ظاہر معمولی نظر آتا ہے مگر اس کی وجہ سے ناک میں ورم کے باعث سانس لینا دشوار ہو جاتا ہے۔ زکام میں گرم پانی پینا مفید ہے۔ شیر خوار بچوں کو دودھ میں دو پیپل کے پتے، دو چھوہارے، چار کھجوریں ان میں سے کوئی ایک چیز دودھ میں ابال کر پلائیں۔ ادرک کا رس اور شہد مکس کر کے چٹائیں، گاجر پالک کا رس پلائیں، موسمی کا رس پلائیں، چنے ابال کر ان کا پانی پلائیں، سونٹھ اور گڑ پانی میں ڈال کر ابال لیں اور وقفے وقفے سے پلائیں جائفل کو پانی میں گھس کر شہد میں ملا کر صبح و شام چٹانے سے زکام وغیرہ کی شکایات دور ہو جائیں گی۔ ٹھوس غذا کھانے والے بچوں کو زکام میں گڑ اور سیاہ تل کے لڈو کھلائیں، آملے کا مربہ دیں، چائے اور جوشاندہ پلائیں۔ منقہ، امرود اور کچا پیاز کھانے سے بھی زکام ٹھیک ہو جاتا ہے۔ بچوں کو سرسوں یا زیتون کے تیل کی مالش کر کے دھوپ میں لٹائیں یا بٹھائیں۔ مناسب احتیاط اور تدابیر اختیار کر کے ہم اپنے بچوں کو سردی کے امراض اور تکلیف سے محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ بچے کے سینے کو ٹھنڈ لگ جانے کی صورت میں پرانی روئی گرم کر کے سینکیں، سینے پر تارپین کا تیل یا معیاری بام مالش کریں۔

نظام تنفس کی تکالیف کے سلسلے میں یہ بہت ضروری ہے کہ بچے کا پیٹ صاف رہے یعنی وہ قبض میں مبتلا نہ ہو اسے دور کرنے کے لیے دس دانے منقہ ایک دو خشک انجیر وغیرہ کا استعمال کافی ہوتا بچہ چھوٹا ہو تو کیسٹر آئل دینا بھی مفید ہو گا۔ نوزائیدہ بچے کو اجوائن اور ہرڑ گھس کر نیم گرم دودھ میں یا گھٹی کی صورت میں پلائیں۔

بچے کا گلا خراب ہونے کی صورت میں ذرا سی گلیسرین شہد ایک کپ دودھ میں ملا کر پینے سے افاقہ ہوگا۔ قبض کی صورت میں اسپغول پانی کے ساتھ پلائیں۔ چھینکوں کی صورت میں روغن گل دو تین قطرے کان اور ناک میں ڈالیں۔ پسلی چلنے کی صورت میں بارہ گرام لہسن کچل کر اس کا پانی نکال لیں اور شہد میں مکس کر کے چٹائیں۔

چھوٹے بچوں کو کھانسی ہو تو چھوٹی الائچی پیس کر چٹادیں ایک سیب پیس کر ایک صاف رومال میں رکھ کر اس کا پانی نچوڑ لیں اور اس میں تھوڑی سی مصری ملا کر صبح وشام پلائیں۔ اُبلے ہوئے انڈے کی زردی اور اسے شہد میں ملا کر کھلائیں، اس عمل سے سخت سے سخت کھانسی میں بھی آرام آجائے گا۔ادرک کے رس میں شہد ملا کر چٹائیں کھانسی دور ہو جائے گی۔



**Syed Sajid Hussain** ▸ طب اور کیمیا کے کمالات
February 9 at 7:45pm ·

☆ مشت زنی کی وجہ سے فوری انزال، نفس میں سختی کی کمی، منی پتلی، گھٹنوں میں چٹخنے کی آواز، صحت فٹ، معدہ کسی حد تک ٹھیک، نفس میں تھوڑا سا ٹیڑھا پن، ایسی صورتحال میں کوئی مفید علاج درکار ہے مگر سستا، کیوں کہ ہر کوئی مہنگا علاج نہیں کر سکتا؟



**Hakeem Hairan**

!! نسخہ نمبرا۔

ھوالشافی۔۔۔ معجون ارد خرما 150 گرام اور کشتہ قلعی 20 گرام یہ دونوں چیزیں خوب مکس کریں پھر ایک چمچ صبح ناشتے سے پہلے اور ایک چمچ شام کھانے سے پہلے دودھ کے ساتھ کھائیں اور حب خاص دو گولی صبح ناشتے کے

بعد اور دو گولی شام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھائیں اور اطریفل کشمشی ایک چمچ صبح ناشتے کے بعد اور ایک چمچ شام کھانے کے بعد عرق گاؤزبان کے ساتھ کھائیں اور طلاء مسکن نمبر 1 ون قرشی دواخانے کا دن میں دو بار لگائیں عضو خاص پر۔

اس کے بعد دوسرا نسخہ۔ ھوالشافی۔۔۔ معجون مغلظ اور معجون ثعلب ہر ایک سے ایک ایک چمچ صبح ناشتے سے پہلے اور شام کھانے سے پہلے دودھ کے ساتھ کھائیں اور حب عنبر مومیائی دو گولی صبح ناشتے سے پہلے اور دو گولی شام کھانے سے پہلے دودھ کے ساتھ کھائیں اور اطریفل کبیر ایک چمچ صبح ناشتے کے بعد اور ایک چمچ شام کھانے کے بعد عرق بادیان کے ساتھ کھائیں اور طلاء مقوی شاہی عضو خاص پر لگائیں مالش کریں دن میں دو بار۔

انشاءاللہ آپ کی شکایت دُور ہو جائیگی بفضلہ تعالیٰ۔



**Hakeem Ejaz Hakkeemjee**
20 hrs ·

! ! محترم توبہ کرلیں، اللہ سے دوستی کرلیں، پانچ وقت نماز بمعہ مسواک کا اہتمام کریں

بادام بیس دانے کشمش بیس دانے رات پانی میں بھگودیں صبح بعد از فجر اچھی طرح چبا کے کھائیں اور سیر کو نکل جائیں 4 کلو میٹر تیز واک 15 منٹ ہلکی ورزش کریں

ناشتے میں ایک پیالی دہی ایک نیم اُبلا انڈہ اور چپاتی کھائیں

دوپہر اور رات کے کھانے میں سادہ شوربہ دار سالن خشک چپاتی کھائیں

بازاری کھانے کافی چائے کولا مشروبات ترک کردیں

یہ دوا کھائیں، معجون شباب آور۔۔ ہمدرد

ماءاللحم۔۔۔ ہمدرد۔۔چوتھائی چمچ معجون چوتھائی کپ ماءاللحم کے ہمراہ ناشتہ سے گھنٹہ قبل کھائیں

معجون مغلظ جواھر۔۔قرشی۔۔ایک چمچ بوقت عصر ایک کپ دودھ سے کھائیں

اجمل دواخانہ کا طلا خاص نمبر 1۔۔رات سوتے وقت عضو مخصوص پر جھکاؤ کی دوسری جانب 5 منٹ مالش کریں

ایک ماہ کے بعد مطلع کریں

اللہ شافی کامل ہے.



**Mudasir Iqbal** ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 10 at 6:27pm ·

## غیر شادی شدہ مرد ایک بار ضرور پڑھیں!

## شادی شدہ اپنا تجربہ شیئر کریں!

مردانہ کمزوری جنسی کمزوری کے الفاظ آجکل ہر جگہ لکھے ہوئے ملتے ہیں اور ساتھ ساتھ علاج کے بلند و بانگ دعوے بھی ان اشتہاروں نے فائدے کے بجائے اسی مرض میں لوگوں کو مبتلاء کر دیا ہے اور یہ بھی فحاشی پھیلانے میں کمی نہیں کر رہے۔۔۔

ان اشتہارات کو دیکھ کر نوجوان سمجھنے لگے ہیں کہ عورت کوئی ایسی بلا ہے جسکے ساتھ ہم بستر ہونے کیلئے گوشت پوست سے بنے ہوئے لوتھڑے سے بڑھ کہ کسی راڈ اور لوہے کی ضرورت ہوتی ہے۔۔۔

مردانہ کمزوری کے مریضوں میں اکثریت مشت زنی اور لواطت کے عادی پائے گئے ہیں۔۔اسلام میں یہ دونوں کام گناہ کبیرہ ہیں۔۔۔ان گناہوں کی نحوست کی وجہ سے یہ لوگ ذہنی اعصابی کمزوری کیساتھ ساتھ سرعت انزال عدم انتشار جریان وغیرہ جیسے موذی امراض میں مبتلاء ہو جاتے ہیں۔۔۔۔

آج میں چند گزارشات ایسے جوانوں سے کرتا ہوں۔۔۔

گزارش نمبر۔۔1۔۔ یہ کام ابھی ابھی آج ہی سے چھوڑ دیں۔۔

نماز پڑھیں۔۔ورزش کو معمول بنائیں۔۔۔تنہائی میں ایک منٹ بھی نہ بیٹھیں۔۔۔اور واش روم وغیرہ بھی بہت کم استعمال کریں۔۔کیونکہ اکثریت وہاں جا کر گناہ کرتی ہے۔۔۔

دوسری اہم ترین گزارش۔۔2۔۔

خدارا نظر کی حفاظت کریں۔۔۔خصوصاً گندی فلموں سے۔۔۔۔یہ وہی نقطہ ہے جہاں سے مریضوں کی تباہی شروع ہوتی ہے۔۔۔۔یہیں سے یہ لوگ سب کچھ اپنی دماغوں میں پختہ کر لیتے ہیں پھر اس سوچ کے مطابق علاج کرتے ہیں مگر ٹھیک نہیں ہوتے۔۔۔

بھائیوں!۔۔۔۔کان کھول کر سُن لیں۔۔۔وہ سب مناظر جھوٹ اور دھوکہ ہیں فریب ہیں۔۔۔۔یاد رکھیں۔۔اگر کوئی اپنی شریک حیات کو ان فلموں میں کردار دکھانے والی عورت کی طرح سمجھتے ہیں تو ان سے بڑا بے غیرت کوئی نہیں۔۔۔۔

آج ہی سے اس سوچ کو دماغ سے نکالو۔۔۔ جو لوگ آٹھ یا دس انچ کا اور پوری رات لگے رہنے کا سوچ کر علاج کروانے کے خواہش مند ہیں وہ پہلے دماغ کا علاج کروائیں۔۔۔۔ پھر ان چیزوں کا علاج کریں۔۔۔۔

آخری گزارش !۔۔۔ اکثر نوجوان کہتے ہیں۔۔۔۔

علاج تو کروایا۔۔۔ لیکن فائدہ نہیں ہوا یا وقتی طور پہ فائدہ ہوا۔۔۔ تو بھائیوں !۔۔۔ شفاء اللہ کے ہاتھ میں ہے۔۔۔ گارنٹی دوا کی دی جاسکتی ہے شفاء کی نہیں دی جاسکتی۔۔۔۔ اگر معالج واقعی اچھا تھا پھر بھی فائدہ نہیں ہوا تو اس کا قصور نہیں۔۔۔ ہو سکتا ہے تمہاری گناہوں کی نحوست نے دوا کی اثر کو روک رکھا ہو۔۔۔۔۔

اور مزے کی بات ایسے کہنے والے غیر شادی شدہ ہوتے ہیں انکو کیسے پتہ چلتا ہے کا فائدہ نہیں ہوا ٹائمنگ میں اضافہ نہیں ہوا۔۔۔ اصل بات یہ ہے کہ ایسے مریض دوران علاج اور بعد از علاج بھی جلق مشت زنی کرتے رہتے ہیں۔۔ اور دوا کا فائدہ چیک کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔۔۔ بھلا انصاف سے بتاؤ اسمیں حکیم یا دوا کا کیا قصور ہے۔۔۔

بھائیوں !۔۔ اسی جلق کی وجہ سے تو قدرتی طاقت بھی ضائع کر بیٹھتے ہیں۔۔ پھر اسی جلق کو جاری رکھ کہ کہتے ہیں مرض کا علاج بھی ہو۔۔ یہ جلق طاقت ختم کرنے کی زہر ہے۔۔ جس زہر نے اصل طاقت کو ختم کیا اور علاج کیلئے مجبور ہوئے اگر علاج کے دوران پھر وہی زہر استعمال کریں گے تو اثر خاک ہو گا۔۔

اپنے استاد محترم کا شاگرد ہوں۔۔ مکتب حکمت کا طالب علم ہوں۔ حکمائے کامل بھی اپنی رائے دے سکتے ہیں۔


Mian Muhammad Ahsan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 11 at 8:52pm

## دردِ سر بوجہ ہائی بلڈ پریشر:

ترپھلہ، کشنیز، الائچی خورد، اسطخودوس، اسرول، صندل سفید، سورنجاں شیریں

ہر ایک ہموزن لے کر سفوف بنالیں چھ ماشہ سفوف رات کو ایک گلاس پانی میں بھگودیں صبح چھان کر پی لیں بقدر ضرورت میٹھا ملا سکتے ہیں.15دن کافی ہے.

Hakeem M Jalwi ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 12 at 10:01am





**Zoya Mughal** ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 4 at 12:52pm

☆ کیا کمزوری کی وجہ سے بھی مُنہ پر چھائیاں پڑ جاتی ہیں ؟



**Abdulkareem Azad**
February 4 at 3:28pm

!! جی بِلکُل کمزوری کی وجہ سے مُنہ پر چھائیاں بن جاتی ہیں.

معدہ و جگر کی کمزوری خاص وجہ ہوتی ہے.



**Zoya Mughal** ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 4 at 12:52pm

اِس کا علاج بتادیجئے ؟



**Abdulkareem Azad**
February 4 at 3:28pm

پپیتے کا جُوس اِستعمال کریں، ایک کریم بنانے کا طریقہ بتاتا ہوں وہ بنا کر چہرے پر لگائیں.

چہرے کی خُوبصورتی اور چھائیوں کیلئے:۔ کلونجی پچاس گرام ، ثابت ہلدی پانچ گرام ، حُسنِ یوسف دس گرام

اِن تینوں کا باریک سفوف بنالیں اور کپڑے سے چھان لیں، دس گرام پھُول گلاب تازہ کو اچھی طرح رگڑیں

یہاں تک کہ بِلکُل پیسٹ بن جائے.

سو گرام خالص شہد میں سب اجزاء مکس کر کے کریم بنالیں اب اِس کریم کو متاثرہ چھائیوں والی جگہ لگائیں

کچھ ہی دِنوں میں چہرے سے چھائیاں ختم ہو کر چہرے کی جلد کا رنگ گورا اور خُوبصورت ہو جاتا ہے.



Abdulkareem Azad الطب و الکیمیا جدید
February 12 at 7:58pm ·

## سفوف آنکھوں کے لیے ::

مغز سونف سو گرام

گل سُرخ سو گرام

کلونجی سو گرام

ان کا باریک سفوف بنا کر شہد ایک کلو والی بوتل مکس کر کے محفوظ رکھیں

استعمال خوراک:۔

بڑوں کے لیے ایک چمچ رات کو کھانے کے بعد استعمال کریں

بچوں کے لیے نصف چمچ چائے والا

دو سے تین ماہ مسلسل استعمال کریں

فوائد:۔ نظر کی کمزوری کے لیے بیحد مفید ہے۔

عبدالکریم آزاد



Hakeem Md Rizwanullah Rifai ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 14 at 5:01pm

## فیل پا (filariasis-elephantiatis) -

- - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - -

اس مرض کو شیلپد-ہاتھی پاؤں- فیل پا- فلیریا سس- ایلفنٹا ئٹس- کے ناموں سے جانا جاتا ہے-

اس مرض میں پاؤں معہ پنڈلی پھول کر ہاتھی کے پاؤں کی شکل کے ہو جاتے ہیں-

وجوہات:-

جب فیلیریا ایک خاص قسم کے لمبے لمبے دھاگے کی طرح کے کیڑے عروق لمفادیہ میں مر کر راستہ روک لیتے ہیں تو یہ بیماری پیدا ہو جاتی ہے. جب یہ کیڑا انسان کے خون میں داخل ہوتا ہے تو مادہ ۱ /32 انچ لمبی ہو جاتی ہے اور نر ۱ /۲ 1 انچ تک نر اور مادہ ایک دوسرے پر بل کھا ہوئے ہوتے ہیں. فیلیریا کے انڈے بیمار کے خون میں 9 بجے رات سے لے کر چھ سات بجے صبح تک ہوتے ہیں اور صبح کو اعضاء رئیسہ میں چلے جاتے ہیں. اس لئے بیمار کو اگر رات کو مچھر کاٹے تو اس بیماری کو پھیلانے کا سبب بن سکتے ہیں-

علامات:- مریض کے پاؤں معہ پنڈلی پھول کر ہاتھی کے پاؤں کی طرح ہو جاتے ہیں اور اکثر یہ مرض ٹانگ پر ظاہر ہوتا ہے. اسے لئے اسکو فیل پا کہتے ہیں. اسکے علاوہ فوطوں (فیلیریل ایلیفنٹا ئٹس آف دی سکروٹم) یعنی فوطوں کا داالفیل اور عورتوں میں رحم کا فیل پا اور ہاتھوں کا فیل پا ہاتھوں پر بھی اس کا حملہ ہو سکتا ہے- تو چلے اب نسخے کی طرف-

## نسخہ :- اکسیر فیل پا

- - - - - - - - - - - - -

سم الفار سفید 1 تولہ کی ڈلی کو لوہے کے توے پر رکھ کر کوئلوں پر رکھیں اور روغن جمالگٹہ 2 تولہ -روغن ناریل 2 تولہ -روغن بادام اصلی 4 تولہ ملا کر قطرہ قطرہ سم الفار پر ڈالیں سم الفار مومیہ ہو گا-

خوراک:-آدھا چاول ہمراہ مسکہ دیں-

غذا و پرہیز:- زود ہضم و مقوی غذائیں دیں. دیر ہضم اور خون کو خراب کرنے والی غذا سے سخت پرہیز کرائیں اور مجھے اپنی دعاؤں میں یاد فرمائیں-

حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا



Asad Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 15 at 8:10am

اسلام علیکم حکیم صاحب!

شادی کو 12 سال ہو گئے ہیں دو بچے ہیں ، ہر بار دوا کی ضرورت ہوتی ہے عمر 35 سال ہے

اپنا ٹیسٹ درج ذیل ہے ثواب سمجھ کر کوئی اچھا نسخہ لکھ دیں معاشی حالات اچھے نہیں ہیں جزاکم اللہ خیرا.

ایکٹیو 40 -- سلو جس 25 -- ڈیڈ 35 -- سپرم اکاونٹ 59 -- فس سیلز 8-1 -- والیوم 2

Hakeem Ejaz Hakkeemjee

!! سب سے پہلے غذا بدل لیں ، سادہ شوربہ دار سبزی دال گوشت کھائیں

بازاری کھانے تلی ہوئی اشیاء کولا مشروبات ترک کر دیں ، روزانہ 4 کلو میٹر سیر 15 منٹ ہلکی ورزش کریں

اطریفل شاہترہ۔۔۔چھ گرام ، معجون عشبہ۔۔چھ گرام

صبح شام قبل از غذا ایک گھنٹہ پانی سے کھائیں

لبوب جواھر خاص۔۔۔قرشی ، سفوف مغلظ۔۔قرشی

دونوں ایک ایک چمچ چائے والا دن بارہ بجے ایک گلاس دودھ سے کھائیں

ایک ماہ بعد مطلع کریں.

Razamen Lewaal ▸ الطب و الكيميا جديد
February 15 at 10:37pm

# کھانسی کا موسم ہے!

قارئین کے لئے پیشِ خدمت ہے ایک مُجرب اور آسان دوا، حکیم ہو یا نہ ہو آسانی سے بنائیں اور فائدہ حاصل کریں۔ نسخہ درج ذیل ہے

آڑوسہ کے پتے تازہ 100 گرام، ذرا کھوٹ کر ایک کلو پانی میں جوش دیں

جب آدھا پانی خشک ہو جائے تو چھان کر فلفل دراز 10 گرام سونٹھ 10 گرام کو کنار 10 گرام کلونجی 10 گرام سفوف بنائیں، آڑوسے کے پانی میں شامل کریں اور 100 گرام گڑ شامل کریں دوبارہ آگ پر رکھیں جب قوام اطریفل جیسا گاڑھا ہو جائے تو اُتار دیں سرد ہونے پر کھُلے مُنہ کے شیشے میں ڈالدیں.

استعمال خُوراک:۔ بڑوں کے لئے تین ٹائم بڑا چمچ اور بچوں کو چھوٹا چمچ دن میں تین بار دیں

دوا کے بعد پانی نہ پیئں، انشاء آللہ مہنگے دواؤں سے چھٹکارا مل جائیگا

کھانسی زُکام کے لئے اکسیر و مُجرب ہے.

حکیم رضامین لیوال (کوہاٹ مسلم آباد)



Hakeem Saleem Sumra ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 14 at 9:20am ·

## معجون مقوی وممسک

ھوالشافی ! تخم جوزماثل سیاہ، موصلی سفید، نخود بریاں، ساذج ہندی، زنجبیل، خولنجاں ہرایک دس گرام مغزبادام، مغزپستہ، مغزپنبہ دانہ ہرایک تیس گرام شہد تین گنابدستور معجون بنالیں تین گرام صبح شام ہمراہ دودھ لازمی۔ فوائد:۔ محرک وممسک ہے سرعت انزال کونافع ہے درد کمر سلسل بول مولد منی ہے، آزمودہ مجرب ہے. آپکی دعاوں کا طالب !



Hakeem Saleem Sumra الطب و الکیمیا جدید
February 14 at 9:20am ·

## سفوفِ مغلظ

ھوالشافی ! موصلی سفید، ثعلب مصری، ثعلب پنجہ، تخم قنب ہرایک بیس گرام خشخاش ایک سوپچیس گرام مصری دوسو گرام باریک پیس کر سفوف بنالیں تیار ہے.

دس گرام صبح شام ہمراہ دودھ۔۔لاجواب آزمودہ ومجرب ہے. آپکی دعاؤں کا طالب !

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا

Sher Hassan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 16 at 12:22pm

# عام معلومات !!!

1۔انسانی جسم میں 206 ہڈیاں 230 جوڑ اور 520 عضلات ہوتے ہیں.

2۔دِل جسم کا مصروف ترین عضُو ہے یہ ایک منٹ میں 72 بار دھڑکتا ہے یعنی فی گھنٹہ 4320 بار اور ایک دن میں 103680 بار یعنی ہر سال کم از کم 37843200 بار دھڑکتا ہے.

3۔دِل کے سکڑنے سے 2.5 اونس خُون سارے جسم میں پہنچ جاتا ہے اور ایک دن میں 72 مرتبہ سُکڑتا اور پھیلتا ہے اور 180 اونس خُون دل سے گزر کر سارے بدن میں پہنچتا ہے.

4۔ مرد کے دِل کا وزن 10 اونس اور عورت کے دل کا وزن اس سے کم ہوتا ہے.

5۔جِسم میں خُون کتنی تیزی سے دوڑ سکتا ہے اِس کا اندازہ اس بات سے لگا سکتے ہیں کہ ہر ایک منٹ میں جسم کا پُورا خون ایک بار دِل سے ہو کر گزرتا ہے.

6۔ایک صحت مند انسان میں 12 سے 15 پونڈ تک خُون ہوتا ہے.

7۔ صحت مند انسان عام حالات میں فی منٹ 16 یا 17 بار سانس لیتا ہے یعنی فی گھنٹہ اوسط 1020 بار اور ایک دن میں 24480 بار اس طرح سے ایک سال میں اوسطاً 8935200 بار سانس لیتا ہے.

8۔ جسم کی سب سے مضبوط ہڈی پنڈلی کی ہے جو دو ہزار چھ سو پونڈ کا بوجھ برداشت کر سکتی ہے.

9۔ایک تندرست انسان کے قد اور وزن کا حساب اوسطاً ایک سو پونڈ وزن ہو تو پانچ فٹ قد ہوتا ہے اور قد کے ہر ایک اِنچ اُونچا ہونے پر تین پونڈ کا اِضافہ ہوتا ہے.

10۔دماغ مردوں میں 49 اونس اور عورتوں میں 44 اونس ہوتا ہے.

11۔دماغ حافظہ (یاد) خواہشات اور خیالات کا مرکز ہے تمام گزرے ہوئے واقعات کی یاد دماغ میں محفوظ رہتی ہے.

12۔ایک آدمی کے جسم میں جس کا وزن ایک سو چالیس پونڈ ہو مندرجہ ذیل اجزاء دی ہوئی مقدار میں ہوتی ہیں...

(1)۔۔پانی جسم کے تمام وزن سے 59 فیصدی حصہ پانی ہوتا ہے.

(2)۔۔کاربن کی اتنی مقدار ہوتی ہے کہ اس سے سُرمہ کی 9 ہزار پنسلیں بن سکتی ہیں.

(3)۔۔چربی اِس قدر ہوتی ہے کہ اس سے سات صابُن کے ڈنڈے تیار ہو سکتے ہیں.

(4)۔۔گندھک اتنی ہوتی ہے کہ اس سے گندھک کی 25 ٹکیاں بن سکتی ہیں.

(5)۔۔فاسفورس اِتنی مقدار میں ہوتی ہے کہ اس سے دو ہزار دو سو دِیا سلائی کی تیلیوں کا مصالحہ بن سکتا ہے.

(6)۔۔چُونا اس قدر ہوتا ہے کہ اس سے ایک ڈربہ میں سفیدی کی جاسکتی ہے.

Ahsan Abdul Haseeb الطب و الكيميا جديد
February 16 at 9:01pm ·

## پچکاری برائے سوزاک کہنہ وقرحہ وغیرہ

پوست بلیلہ. پوست ہلیلہ. آملہ مکد 3 تولہ.......

سب کو نیم کوب کر کے آدھ سیر پانی میں رات بھگو کر صبح کو جوش دے کر چھان لیں.

توتیا 1 ماشہ. پھٹکڑی 3 ماشہ. خاکستر خربوزہ 5 ماشہ. خاکستر چوب انگور 6 ماشہ. خاکستر چرم بوسیدہ 6 ماشہ.

باریک کر کے اچھی طرح ہلا کر کئی مرتبہ چھان لیں. دن میں 3 بار پچکاری کریں.

خاکستر مطلب راکھ سفید، چوب مطلب لکڑی، چرم بوسیدہ مطلب چمڑا پُرانا.

عبدالحسیب احسن

Hakeem Saleem Sumra ▸ الطب و الكيميا جديد
February 18 at 10:07am ·

## معجون اصلاح معدہ

ھوالشافی :۔ گل قند پانچ سو گرام، زیرہ سفید، بادیان ہر ایک سو گرام ست پودینہ دس گرام کُوٹ کر معجون بنالیں

مقدار خوراک :۔ دس گرام صبح دوپہر شام ہمراہ عرق بادیان یا آبِ تازہ.

فوائد :۔ ترش ڈکاریں، بدہضمی، اپھارہ، فشارالدم، دل کی گھبراہٹ، گرمی معدہ جگر بھوک نہ لگنا، ہچکی دُور ہو جاتی ہے. آپکی دعاؤں کا طالب !



Hakeem Saleem Sumra ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 18 at 10:07am ·

## فشارین !

ھوالشافی ! چھوٹی الائچی، چھوٹی چندن، صندل سفید

برابروزن بارک پیس لیں، تیار ہے فُل سائز کیپسول بھرلیں بلڈ پریشر بہت زیادہ تیز ہو تو دن میں تین مرتبہ دیں پندرہ منٹ میں نارمل ہو جائے گا اور ساتھ بادیان، زیرہ سفید، کشنیز برابروزن باریک پیس لیں شوگر نہ ہو تو گلوکوز ملالیں ایک چمچ صبح شام خالی پیٹ ہمراہ پانی دیں۔ مدت کورس بیس یوم.

فوائد:۔ دل کی گھبراہٹ بے چینی ختم ہو جاتی ہے ہائی بلڈ پریشر فوراً نارمل ہو جاتا ہے.

## فشار الدم کا فوری اثر نسخہ مجرب !

ھوالشافی:۔ چھوٹی چندن، الائچی خورد، صندل سفید برابروزن فل سائز کیپسول بھرلیں

ایک کیپسول دیں ہمراہ پانی پندرہ منٹ میں بلڈ پریشر نارمل ہو گا

حسب مرض صبح شام دیں نارمل بلڈ پریشر کے مریض کو ہر گز نہ دیں

اس کے ساتھ سفوف گل سرخ ایرانی، گل نیلوفر، سونف، دھنیا خشک، گلوکوز

ہر ایک پچاس گرام ایک چمچ صبح شام دیں.

حکیم محمد سلیم سمرا ڈنیاپور



Sajid Butt ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 16 at 5:26pm

## چھوہارے_سے_قُوتِ_خاص_کی_بحالی ♡♡♡ - :

عام مشہور میوہ ہے ہر جگہ کریانہ کی دکانوں پر ہر موسم میں دستیاب ہے۔ عربی میں خرمائے یابس، تمر، فارسی میں خرمائے خشک انگریزی میں Date کے نام سے پکارا جاتا ہے- چھوہارہ کی بہت سی اقسام ہیں عام طور پر زرد چھوہارے زیادہ طاقت ور سمجھے جاتے ہیں۔ طبّی ماہرین کے مطابق سب سے اچھا چھوہارہ بصرہ کا ہوتا ہے چھوہارے کو سب بخوبی اچھی طرح جانتے ہیں- مگر اس کی قدر نہیں۔ اگر کسی محفل میں کھجور پیش کی جائے تو لوگ خوش ہو کر کھاتے ہیں-اور تعریف کرتے ہیں اگر چھوہارے پیش کیے جائیں تو کچھ لوگ ہاتھ بھی نہیں لگاتے اگر لینے بھی پڑ جائیں تو غریب بچوں کو دے دیتے ہیں۔ ہماری طرف اکثر جنازہ پڑھنے کے بعد بچوں اور مسکینوں میں تقسیم کیے جاتے ہیں- پہلے پہلے بہت رواج تھا مگر الحمدللہ کافی کمی ہو گئی ہے۔

فوائد ☆ - :

اس حقیر میوہ کے چند مجربات پیش خدمت ہیں-

اس کا مزاج گرم خشک ھے۔ چھوہارہ بلغمی امراض کیلئے نہایت فائدہ مفید ھے۔

نزلہ زکام میں دو تین چھوہارے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے تھوڑے سے پانی میں بھگو دیں جب پھول جائیں تو بمعہ پانی دیگچی میں ڈال دیں اور ایک پاؤ کے قریب دودھ ڈال کر ہلکی آنچ پر رکھ دیں جب خوب عرق نکل آئے تو اتار لیں۔ چھوہارے کھا کر نیم گرم دودھ پی کر سو جائیں۔ تین چار دن عمل کریں اس سے دماغی کمزوری بھی

دور ہو جائے گی- سرطان دم میں اسی طریقہ سے استعمال کریں۔نہایت مفید ہے۔ جن کو یہ شکایت ہو وہ براہ کرم ایک بڑا چمچ شہد ابلے ہوئے ایک پیالہ پانی میں ملا کر دن میں تین چار دفعہ پی لیا کریں۔خون میں سرخ جراثیم کی کمی کیلئے انتہائی مفید ٹانک ہے- کمزور خواتین جو سیلان رحم جیسے موذی مرض میں مبتلا ہوں۔ حمل نہ ٹھہرتا ہو کمر درد، لاغر اور کمزور ہوں۔اس کے استعمال سے صحت یاب ہو جاتی ہیں- گرم اغذیہ بند کر دیں۔اس کے چند دن کے استعمال سے عضلات رحم قوی ہو جاتے ہیں- اس کے استعمال سے کمزوری سے پیدا ہونے والا کمر درد اور پیشاب کی زیادتی جو بوجہ شوگر نہ ہو، کیلئے بھی مفید ہے۔چہرہ پر رونق آجاتی ہے-

کمزور دانتوں کو طاقت دینے کیلئے ایک پاؤ دودھ میں دس عدد چھوہارے ابال کر کھانا بے حد مفید ہوتا ہے۔

اس سے دانت مضبوط ہوتے ہیں اور مسوڑھوں سے خون بہنا رک جاتا ہے-

جوڑوں کے درد اور سوجن کیلئے سات عدد چھوہارے اور سونٹھ پسی ہوئی پانچ ماشے دودھ میں جوش دے کر صبح نہار منہ پینے سے بے حد فائدہ ہوتا ہے-

سات دانے چھوہارے ایک پاؤ دودھ میں جوش دے کر حاملہ کو پلانا بچے کی پیدائش میں آسانی پیدا کرتا ہے-

اچار_بنانے_کی_ترکیب ☆ - :

بھوک کھل کر لگانے کیلئے چھوہارے کا اچار استعمال کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔اچار بنانے کی ترکیب یوں ہے کہ چھوہارے ایک پاؤ ، رس لیموں آدھ کلو، دار چینی، سیاہ مرچ، سیاہ زیرہ، بڑی الائچی کا دانہ ہر ایک چھ ماشہ پیس کر اچار بنالیں۔ مقدار خوراک ایک تا تین دانہ چھوہارہ۔ چھوہارہ ہوا پیدا کرتا ہے اور دیر ہضم بھی ہے-

اس لیے کمزور معدہ والے احتیاط سے اس کا استعمال کریں۔

خاص_الخاص_تحفہ ☆ - :

کمزور حضرات کیلئے خاص الخاص تحفہ کالے موٹے چنے دس پندرہ دانے (ہاضمہ کو مد نظر رکھیں۔اگر معدہ کمزور ہو تو مقدار کم کردیں) دو تین چھوہارے ٹکڑے کر کے آدھ پیالہ پانی میں رات کو بھگو دیں۔

صبح چھوہارے کھائیں اور پانی پی لیں۔بعد میں ایک یا ڈیڑھ پاؤ دودھ پی لیں۔

قوت باہ میں حیران کن اضافہ ہو گا۔جسم میں طاقت عُود کر آئے گی۔چہرے پر سُرخی نمودار ہو گی۔

نوٹ: جن حضرات کو جماع کے بعد کمزوری محسوس ہو وہ مہربانی فرما کر ایک پاؤ دودھ میں ایک بڑا چمچ شہد اور پِسی ہوئی دار چینی ایک چھوٹا چمچ ملا کر بعد از جماع پی لیا کریں۔تمام ضائع شدہ طاقت بحال ہو جائیگی عجیب ٹوٹکہ ہے آزما کر دیکھیں اور دعائے خیر کریں۔



Hakeem Saleem Sumra ▸ الطب و الكيميا جديد
February 15 at 10:22am

## حیاتِ نسواں

ھوالشافی:۔ کمر کس، گوند کیکر، سپاری تیلیہ، چھلکا اسپغول ہر ایک پچاس گرام سفوف بنالیں

مقدار خوراک:۔

پانچ گرام صبح شام ہمراہ دودھ

نمبر دو:۔

زاج ابیض پچاس گرام، قرنفل دس گرام دونوں کو کُوٹ کر توے پر بریاں کریں

فُل سائز کیپسول ایک عدد ہمراہ بادام کے گھوٹا یا دودھ میں بادام گرینڈ کر کے دیں

فوائد:۔

لیکوریا دُور کر کے رحم کو مضبوط بناتی ہے اور حمل قائم کرنے میں معاون ہے درد پنڈلی کمزوری دور ہو جاتی ہے نیز جریان مردانہ میں بھی استعمال کر سکتے ہیں.

آپکی دعاؤں کا طالب !

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا دنیاپور

Hakeem Saleem Sumra ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 18 at 10:07am

## حب اینٹی ہارٹ اٹیک

ھوالشافی:۔ مروارید باریک، یاقوت، صدف، طباشیر سنگ یشب کہربا شمعی، زہر مہرہ خطائی، عقیق، شاخ مرجان ورق نقرہ ہر ایک دس گرام.

ترکیب تیاری:۔ جُملہ حجریات کوٹ کر ورق ملا کر عرق گلاب سہ آتشہ ایک بوتل کھرل کریں تیار ہے

گولی بقدر چنے کے برابر بنالیں ہمراہ خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا خالی پیٹ. اگر اٹیک ہو رہا ہو تو ایک ماشہ زبان کے نیچے رکھیں دو منٹ میں اٹیک رُک جائے گا اور اٹیک کے اثرات دور کرنے میں مجرب ہے دل کی گھبراہٹ دور کرتا ہے اور قابل طبیب اس سے بہت کام لے سکتا ہے.

Asghar Khan Chandia ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 18 at 3:13am

## گل روغن تیار کرنے کی ترکیب

کل ملزذ نسخے کی طبّی گروپوں میں پوسٹ کے دوران دوستوں کا مطالبہ تھا گل روغن بنانے کی ترکیب بتاؤ ترکیب بتانے کا وعدہ کیا تھا وعدہ کے مطابق نسخہ لکھ رہا ہوں

برگ گل گلاب صادق تازہ ایک سیر، تیل تِل خالص ایک پاؤ

ترکیب۔اول تیل کو کسی کھلے منہ کی بوتل میں ڈال کر ایک پاؤ گل گلاب کے تازہ پتوں کو جوڈوڈوں سے پاک ہوں پُر کر کے منہ مضبوط بند کر کے تیز دھوپ میں رکھ دیں دو تین دن کی دھوپ سے گلاب کا رنگ سفید

ہو جائے تو نکال کر تیل چھان لیں اور سفید شدہ پھول پھینک دیں پھر اس تیل میں پاؤ بھر تازہ گلاب ڈال کر دوبارہ دھوپ کے ذریعہ اسی طرح چار بار عمل کریں نہایت ہی اعلی قسم کا روغن گل تیار ہو گا. کام میں لائیں

اعضاء کو تقویت دیتا ہے مادہ کو تحلیل کرتا ہے قبض دُور کرتا ہے دردِ سر جو گرمی سے ہو اس کو فائدہ دیتا ہے سرسام کی ابتدا حالت میں مفید ہے.



**Hakeem Saleem Sumra** ▸ الطب و الكيميا جديد
February 19 at 11:54am ·

## سفوف اکسیر پیچش

ھوالشافی :۔ موچرس، بیل گری، انجبار، گل دھاوا، حب آلاس، کتھ مٹی برابر وزن سفوف بنالیں تیار ہے

ایک تا تین گرام دن میں پانچ بار ہمراہ آب تازہ

فوائد :۔ پیچش دُور کرنے میں مجرب ہے خونی اسہال کثرت حیض لیکوریا کے کیلیے مفید ہے

لیکوریا کے لیے دینا ہو تو کشتہ بیضہ مرغ و قلعی دو چاول فی خوراک میں مکس کر کے دیں ہمراہ دودھ اور ساتھ کوئی قبض کشاء دیں خون روکنے کے لیے شربت انجبار سے دیں.

آپکی دعاؤں کا طالب !

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا دنیاپور

Hakeem Saleem Sumra ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 19 at 11:54am

## کالی بوتل

ھوالشافی :۔ نشادر، قلمی شورہ، ہیرا کسیس، پتری فولاد، سبز کونین ہر ایک دس گرام میٹھا سوڈا بیس گرام سلفیورک ایسڈ پانچ گرام سالٹ ایک پاؤ، عرق مکو عرق کاسنی عرق اجوائن, عرق بادیان برابروزن ملا کر ڈیڑھ لیٹر عرق ملا کر اچھی طرح ہلائیں تیار ہے۔

دو تولہ شربت کالا پانی یا باقی عرق میں ملا کر پلائیں۔ نوٹ :۔ عرق نہ ڈالنا ہو تو پانی ملا کر بنا سکتے ہیں

فوائد :۔ خون کی کمی، یرقان، قبض، عظم طحال، گیس، بُھوک کی کمی دور کرتی ہے۔

Hakeem Saleem Sumra ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 17 at 9:29am

## گلے کے ٹانسلز کا مجرب علاج

ھوالشافی :۔ ملٹھی، بادیان، زرد چوب برابروزن باریک پیس کر سفوف بنالیں

پانچ گرام صبح دوپہر شام ہمراہ جوشاندہ برگ بانسہ بیس گرام، شربت توتِ سیاہ سے جوشاندہ میں دو چمچ ملالیں۔

آپکی دعاؤں کا طالب !

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا دنیاپور

Hakeem Saleem Sumra ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 19 at 11:54am

## شربت بزوری جدید

ھوالشافی :۔جڑ کاسنی، تخم کاسنی، بیخ بادیان، بادیان، مغز خربوزہ، مغز کھیرا، گوکھرو، تخم کثوث، زرشک شیریں گل نیلوفر آلو بخارہ ہر ایک سو گرام چینی پانچ کلو شربت بنالیں.

دن میں تین بار ہمراہ سفوف اکسیر جگر پانچ رتی دیں. سفوف اکسیر جگر، ریوند چینی، قلمی شورہ مصفی نمبرون نشادر نمبرون برابر وزن سفوف بنالیں۔ فوائد:۔ ہیپاٹائٹس دُور کرنے میں مجرب ہے.

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا دنیاپور

Rao Islamicshares ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 20 at 2:00am

## اکسیر ذیابیطس

چاکسو، گڑمار، تخم جامن، تخم کریلہ خشک، زنجبیل اور پوست ہلیلہ زرد

تمام دوائیں ہم وزن لیکر صاف کر کے باریک پیس لیں۔

3 گرام صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

Sameer Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 19 at 10:12pm ·

## اجینوموتوالمعروف چائینہ نمک،مزے دار مگر مضر صحت ۔

آپ اگر اہل علم حضرات سے رجوع کریں کہ چائنیز نمک حلال ہے یا حرام؟اور یہ صحت کے لیے فائدہ مند ہے یا نقصان دہ؟تو جواب ملے گا کہ اجینوموتو ایک برانڈ کا نام ہے اور اس نام سے مختلف ملکوں میں نمک بنایا جارہا ہے۔ جنوبی افریقہ میں اس نام سے پروڈکٹ بنائی جارہی ہیں۔اسے وہاں کے ایک معتمد تصدیقاتی ادارے سنحا (SANHA) نے حلال قرار دیا ہے۔اسی طرح ایک اور ادارے ''مسلم کنزیومر گروپ'' نے امریکہ اور کینیڈا میں تیار ہونے والے اجینوموتو کو بھی حلال قرار دیا ہے لیکن اس کا کیا کیجئے کہ آلو کے خستہ اور کرارے چپس کا پیکٹ جسے آپ مزے لے لے کر کھارہے ہیں،آپ سوچتے ہیں کہ بس ایک پیکٹ ہی کھائیں گے لیکن کچھ دیر بعد ہی پیکٹ خالی ہو جاتا ہے اور آپ کی انگلیاں نہ سے ٹکرانے لگتی ہیں،تو یہ خواہش ہوتی ہے کہ ایک پیکٹ اور کھانا چاہئیے۔دراصل اس میں آپ کو کوئی قصور نہیں ہے۔یہ آپ کا دشمن چینی نمک اجینوموتو ہے۔اس کے ذائقے کی بنا پر آپ چینی ریستورانوں کا رخ کرتے ہیں اور وہاں کھانا کھانے کے ایک گھنٹے بعد آپ کو پھر بھوک لگنے لگتی ہے۔اجینوموتو سے غذاؤں کا ذائقہ بڑھ جاتا ہے،اسی لئے آپ اسے ہر ڈش میں ڈالنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔بازار میں جو غذائیں تیار کی جاتی ہیں، مثلاً آلو کے چپس،سُوپ،پیکٹ میں بند مسالے دار سویّاں عرف نوڈلز،سلاد اور کیک وغیرہ،انھیں مزیدار بنانے کے لئے اجینوموتو ڈالا جاتا ہے۔اس کے علاوہ چینی ،ریستورانوں میں جو کھانے تیار کئے جاتے ہیں۔ان میں بھی لازمی طور پر اجینوموتو ڈالا جاتا ہے۔یہ جن غذاؤں میں ڈالا جاتا ہے،انھیں لوگ زیادہ سے زیادہ کھاتے ہیں۔درحقیقت اجینوموتو غذاؤں میں ڈالنے

سے مسحور کن خوشبو پیدا ہوتی ہے، جس سے یہ محسوس ہوتا ہے کہ ہم کوئی لذیذ چیز کھا رہے ہیں۔ آپ اسے رغبت سے کھائیں اور سارے کھانوں میں ڈالیں، لیکن یہ بات آپ کو فراموش نہیں کرنی چاہئے کہ یہ ایک کیمیائی جزو ہے اور آپ کو اس سے دور رہنا ضروری ہے۔ جبکہ یہ کیمیائی جزو امینو ترشہ یعنی ایمینو ایسڈ ( Amino Acid ) ہے جو جسم میں پہلے سے موجود ہوتا ہے۔ اگر جسم میں اس کی مقدار بڑھ جائے تو فالج ہو سکتا ہے۔ جب ہم اجینو موتو کو مسالے دار سویوں میں ڈالتے ہیں تو مرغی کے گوشت کا مزہ اصل مرغی کے گوشت سے زیادہ ہو جاتا ہے۔ موصولہ رپورٹ کے مطابق عابد ایک ریستوران کے مالک ہیں، وہ اپنے ہاں جو بھی کھانا پکواتے ہیں اس میں اجینو موتو قطعی نہیں ڈالتے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر میں اجینو موتو میں پکا ہوا کھانا کھالوں تو میرا مُنہ خشک ہو جاتا، سانس پھولنے لگتا اور تیزابیت بڑھ جاتی ہے۔ اس کے باوجود عام ریستورانوں کے کھانوں میں ذائقہ پیدا کرنے کے لئے اس کا استعمال کیا جاتا ہے، جبکہ ہونا یہ چاہئے کہ اگر کھانوں میں ذائقہ پیدا نہیں ہو رہا تو آپ کو کھانا پکانے کا طریقہ تبدیل کرنا چاہئے۔ آپ جو گرم مصالحے استعمال کرتے ہیں، ان کا توازن بہتر بنائیں تاکہ آپ جو گوشت اور سبزیاں پکائیں وہ مزید ذائقے دار بن سکیں۔ جبکہ اجینو موتو پہلوئی اثرات میں

: 1 سر درد کا ہونا

: 2 حد سے زیادہ تھکن

: 3 قے متلی

: 4 پسینے کی زیادتی اور

: 5 چہرے پر چکناہٹ شامل ہے۔اگر اسے مسلسل کھایا جائے تو اس سے

: 6 ہائی بلڈ پریشر

: 7 ہارمونوں میں عدم توازن

: 8 سبزیوں سے الرجی، دمہ

: 9 لعاب بننے میں کمی

: 10 سرطان اور

: 11 خواتین میں بانجھ پن پیدا ہو سکتا ہے۔

بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ غذاؤں میں گھر کے مصالحوں سے ذائقہ پیدا کریں تاکہ اجینو موتو اور بازار کی ڈبا بند غذائیں مختلف قسم کی بیماریوں کا سبب نہ بنیں۔ یہ الگ بات ہے کہ ملائیشیا کے حلال بورڈ نے بھی اسے حلال قرار دیا ہے۔تاہم اس نام کی جو پروڈکٹ چین سے دیگر ممالک میں بھیجی جارہی ہے،اس کے اجزاء کی تحقیق میسر نہیں ہے۔اس لیے اس کے بارے میں اصولی جواب یہ ہے کہ اگر اس بات کا غالب گمان ہو جائے کہ مذکورہ کھانے میں خنزیر کی چربی یا کوئی دوسرے حرام اجزاء شامل ہیں اور پروڈکٹ کی تیاری کے عمل کے دوران انقلاب ماہیت بھی نہیں ہوا تو ایسے اجینو موتو کا استعمال جائز نہیں،البتہ اگر اس درجے کا گمان نہ ہو بلکہ صرف شبہ ہو تو ایسی شبہ والی مصنوعات سے بھی عملی طور پر بچنا چاہئے۔

تاہم اعتقادی طور پر ان کو حرام سمجھنے یا کہنے سے گریز کیا جائے، کیونکہ اس طرح کے محض شبہے کی بنیاد پر کسی چیز کے حرام ہونے کا حکم لگانا جائز نہیں۔ طالب دعاء و دعاء گو۔

**Copy/paste**








**Mudasir Iqbal** ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 19 at 7:40pm ·

مریضوں کی غلط بیانیاں یا حکیموں کی گرانیاں بندہ ناچیز کا یہ دوسرا مضمون ہے پہلے مضمون کو تمام محترم حکمائے کرام نے پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا اور ممبرز نے بھی عمدہ رائے دی آج میں ایک غلطی یا غلط فہمی جو بھی سمجھیں اسکا ازالہ کرنا چاہوں گا کچھ دوستوں کو شکوہ ہوتا ہے کہ حکیموں کی دوائی مہنگی ہوتی ہے ممکن ہے یہ بات درست ہو لیکن میرا تجربہ یہ ہے کہ دوا کی قیمت اور اسکی تیاری مریض کی حالت پر منحصر ہوتی ہے۔

جہاں تک میرا خیال ہے اکثر مریض غلط بیانی سے کام لیتے ہیں۔۔۔اور جان بوجھ کر اس لالچ میں کہ حکیم اچھی دوا دے گا۔۔۔ چنانچہ جسمانی اور وزنی طور پہ فٹ مریض اپنی حالت بتاتے ہوئے کہتا ہے میرے نفس کا سائز انتشار کی حالت میں بھی دو اِنچ بھی نہیں ہوتا۔۔۔۔(میں نے خود ایسے مریض ہینڈل کیئے ہیں).

اب آپ بتاؤ ایسا ہوتا ہے؟؟ اگر مان بھی لیں کہ واقعی ایسا ہی ہے تو کیا ایک سے دو ہزار میں اس مرض کا علاج ہو سکتا ہے؟؟؟ ایک منٹ سوچیں آپ کسی ڈاکٹر کے پاس جائیں اور اسے کہیں میرا پھیپھڑا بالکل بند ہے یا جگر نے کام چھوڑ دیا ہے یا پوری طاقت کے باوجود بھی آنکھ نہیں کھلتی تو پھر دیکھیں کہ وہ دوا تجویز کرتے وقت کتنے پیسے لے گا۔۔۔اسی طرح کچھ مریض کہتے ہیں ہم اِنتشار کے نام ہی سے واقف نہیں اور دو سیکنڈ بھی خود کو منزل ہونے سے روک نہیں پاتے۔۔۔۔ یہ سب اس لالچ میں کہ حکیم اچھی دوا دے گا اور دو سیکنڈ کو ذہن میں رکھ کر دوا تیار کرے گا تو اگر پہلے دو منٹ کا دورانیہ ہے تو اب دس منٹ ہو جائے گا۔۔۔۔

اب آپ خود اندازہ کریں کہ کیا ایسے مریض کی دوا ہزار میں بن سکتی ہے؟؟؟

تمام مریضوں سے گزارش ہے خدارا اپنی دُرست حالت بتائیں اور دوا لے جائیں غلط معلومات پر دی جانے والی دوا جسمانی طور پر نقصان کا خطرہ ہوتا ہے اور حکیم اور حکمت کی بدنامی کا باعث بن سکتا ہے۔۔۔

حکمائے کرام اپنی رائے دیں۔۔

طالبِ حکمت!

Hakeem Saleem Sumra ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 22 at 10:29am

## اکسیر معدہ ٹھنڈک

ھوالشافی:۔ کشنیز، تخم کنوچہ، الائچی خورد ہر ایک دو سو گرام، گوند کتیرا سو گرام کُوٹ پیس کر سفوف بنالیں.

مقدار خوراک:۔ دو تا پانچ ماشہ صبح دوپہر شام رات ہمراہ آبِ تازہ یا عرقِ بادیان.

فوائد:۔ معدے میں تیزابیت جلن، دل کی بے چینی، گرمی قطرے آنا جلن معدہ بیس منٹ میں ختم السر دُور کرنے میں معاوِن ہے.

Asghar Khan Chandia ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 21 at 3:49pm

## چرس چھوڑنے کا اعلیٰ نسخہ

پچھلی ہیر وئن پوڈر کی پوسٹ کے دوران کافی دوستوں نے چرس کی عادت ترک کرنے کے نسخے کا مطالبہ کیا تھا آج اپنا وعدہ وفا کر رہا ہوں نسخہ حاضرِ خدمت ہے.

دہی ایک سیر صُبح لے کر کپڑے میں باندھ کر کھونٹی سے لٹکا دیں اور شام کے وقت پانی سے پاک دہی چرس کے عادی کو کھلائیں اسی طرح شام دہی لٹکا کر صبح کھلائیں اور چرس کو پہلے ہی دن چھوڑ دیں اس کو یاد بھی نہیں آئے گی پھر آہستہ آہستہ دہی میں کمی کرتے جائیں اور اس کو بھی ترک کر دیں اس میں مریض کو تاکید کر دیں کہ اگر تھوڑی سی ہمت کریں تو یہ مشکل نہیں ہے بے ہمتی کا کوئی علاج نہیں.

Hakeem Ejaz Hakkeemjee ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 21 at 3:02pm ·

## عرق النساء۔ لنگڑی کا درد۔ شیاٹیکا کا حتمی علاج

کچلہ خام پانچ تولہ کو دیسی گھی میں بریاں کریں

سُرخی مائل ہو جائے تو گرم گرم کُوٹ کر باریک سفوف کر لیں

اِس میں فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ زنجبیل۔ سہاگہ خام ہر ایک ڈیڑھ تولہ الگ الگ باریک کر کے ملا لیں

تین رتی صبح شام بعد از غذا ایک کپ نیم گرم دودھ کے ہمراہ کھلائیں

دس دن میں انشاءاللہ شفاء کُلی ہو گی

اس دوا کو فالج رعشہ و دیگر امراض بلغمیہ میں بھی استعمال کیا جا سکتا ہے

صاحبانِ فن اس سے خُوب فائدہ اٹھا سکتے ہیں

اللہ شافی کامل ہے۔

حکیم اعجاز حکیم جی

Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 18 at 8:09pm ·

## ہر قسم کے نزلہ، زکام، ڈسٹ الرجی، چھینکیں آنا اور کیرا کے لئے

ہومیو پیتھک میڈیسن

**Solanum lycopersicum 6**

**Kali bichromicum 6**

**Eucalyptus 6**

**Bryonia 6**

پانچ پانچ قطرے سب سے

آدھا کپ تازہ پانی میں ڈال کر پی لیا کریں کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے

یا سب کو ایک بوتل میں مکس کر لیں بوتل آپ کسی بڑے ہومیو پیتھک اسٹور سے مل جائے گی

**Tuberculinum 200**

ہفتہ میں ایک بار صرف رات کو سونے کے ٹائم

پانچ قطرے تھوڑے سے پانی میں جس دن ٹیوبر کولینم استعمال کریں اس دن دوسری دوا نہیں لینی

نزلہ کیرا ڈسٹ الرجی کے 2 زبردست شافی ہربل نسخے

**نزلہ زُکام کے لیے بہترین نسخہ:۔**

**اجوائن دیسی۔5 گرام**

**دار چینی۔10 گرام**

**سونٹھ۔10 گرام**

**دانہ بڑی الائچی۔7 گرام**

**سب اجزاء کو باریک پیس کر سفوف بنالیں اور محفوظ کر لیں۔**

**روزانہ آدھا گرام سفوف پودینہ کے قہوہ کے ساتھ یا تازہ پانی کے ساتھ صبح شام استعمال کریں**

**ہر قسم کے نزلہ، زکام، ڈسٹ الرجی، چھینکیں آنا اور کیرا کو جڑ سے ختم کرتا ہے،**

**دوائی تب تک جاری رکھیں جب تک آرام نہ آجائے۔**

**نسخہ نمبر2**

**قسط شیریں100 گرام**

**کلونجی25 گرام**

**ہالوں10 گرام**

**کاسنی5 گرام**

میتھرے 5 گرام

طریقہ تیاری:۔ تمام اشیاء کو پیس لیں اور اس کا سفوف بنالیں

طریقہ استعمال:۔ایک چمچہ صبح وشام ہمراہ پانی یا دودھ

ایک چمچہ صبح وشام، بلغم،ڈسٹ الرجی اور نزلہ زکام میں بھی مفید ہے اعصابی کمزوری کے لیے فائدہ مند ہے ایسے مریض جنکو چھینکیں ہر وقت آتی ہیں ان کو یہی نسخہ 2 ماہ تک استعمال کرائیں

نوٹ!!! تمام دوائیں اپنے فزیشن یا طبیب کی نگرانی اور مشورے سے استعمال کریں

تحریر!!! ڈاکٹر محمد گلزار خان صاحب

2018-02-18



Abdulkareem Azad ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 18 at 5:30pm ·

## 👉سفوف شباب👈

مالکنگنی💪 اور اسگند 💪

دونوں ہم وزن کا باریک سفوف بنا کر رکھیں

سفوف دو سے تین گرام

پچاس گرام مکھن میں مکس کر کے صبح خالی پیٹ استعمال کریں

عبدالکریم آزاد

Hakeem Saleem Sumra ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 22 at 10:14am ·

## معجون درد کش

ھوالشافی:۔اسگندھ،بدھارہ،گوکھرو،زنجبیل مغزبادام،مغزچلغوزہ مغزاخروٹ،منقی،ناریل،سورنجاں شیریں برابروزن باریک پیس کر شہد ملاکر معجون بنالیں.

مقدارخوراک:۔ایک چمچ صبح شام ہمراہ دودھ.فوائد:۔درد کمر دور ہو جاتا ہے پٹھوں کا کھنچاؤدور،اعصاب کو تقویت دیتی ہے.

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا دنیاپور

الطب و الکیمیا جدید ▸ محمد عاصم
February 22 at 9:04pm ·

السلام علیکم محترم حکماء صاحبان!

پندرہ دن سے بواسیر کا شکار ہوں ایسا لگتا ہے مقعد میں شدید سوزش ہے جلن اور درد رہتا ہے تھوڑی پیپ پانی نما نکلتی رہتی ہے پاخانے کے وقت درد کی انتہا ہو جاتی ہے مہربانی فرما کر کوئی انتہائی آزمودہ و مجرب نسخہ یا دوا بتلا دیجئے؟

Sher Hassan
Hakeem Ejaz Hakkeemjee
on Thu Like Reply More

Hakeem Ejaz Hakkeemjee

!! محترم آپ کو فشر کا مرض لاحق ہے طب میں اسے شقاق المقعد کہتے ہیں

قبض اس کا موجب ہے

سادہ سبزی شوربہ۔ ورزش۔ سیر۔ نماز اور مسواک اس کا حل ہیں

چوکر یعنی گندم کا چھلکا بازار سے لے لیں گندم کا آٹا ایک کلو چوکر 50 گرام ملا کے گوندھ لیں اس کی چپاتی بنا کے مولی شلغم کدو کے شوربہ سے کھائیں

امرود پختہ ایک پاؤ روزانہ کھائیں

انجیر 5 دانے ایک کپ نیم گرم پانی میں بوقتِ عصر بھگودیں رات سوتے وقت اچھی طرح چبا کے کھالیں ایک کپ نیم گرم دودھ پی لیں

یہ دوا کھائیں

پائیلین۔۔ گولیاں قرشی

دوعدد صبح دوپہر شام قبل از غذا ایک گھنٹہ

نیموٹیب۔۔ گولیاں ہمدرد

دوعدد صبح دوپہر شام بعداز غذا ایک گھنٹہ

اس مرض کے مکمل خاتمہ کیلئے چوکر کا استعمال ایک سال جاری رکھیں

انشاءاللہ ہدایات پر مکمل عمل کرنے سے، پہلے ایک ہفتہ میں آرام ہوگا ایک ماہ ادویات ورزش سیر پرہیز اور نماز کی پابندی کریں

پھر مطلع کریں

اللہ شافی کامل ہے.

حکیم اعجاز حکیم جی

## شوگر

Hakeem Md Rizwanullah Rifai ▸ الطب و الكيميا جديد
February 22 at 12:45pm ·

یہ نسخہ ہمارا خاندانی ہے جو برسوں سے چلا آرہا ہے اور ہمارے مطب سے مفت دیا جاتا ہے-

نسخہ :- مغز تخم نیم 25 گرام- مغز تخم کریلا 25 گرام- تخم جامن 25 گرام- میتھی دانہ 25 گرام- کلونجی 25 گرام- عربی ایلوا آدھا تولہ- کشتہ قلعی آدھا تولہ- چرائتہ 100 گرام-

ترکیب تیاری:- پہلے ان تمام خشک اشیاء کو سفوف بنا کر کپڑ چھان کریں پھر اس میں ایلوا ملا کر کھرل کر کے گولیاں مٹر برابر بنالیں گولی بنانے کیلئے گوند کیکر کا پانی استعمال کریں ایک گولی تین وقت پانی سے شوگر کیلئے مفید اور آزمودہ ہے-

حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

Hakeem Saleem Sumra ▸ الطب و الكيميا جديد
February 21 at 11:40am ·

## اکسیر سوزاک

ھوالشافی :۔ کشتہ قلعی پارہ شورہ والا بغیر غسل دیا ہوا بیس گرام، دانہ الائچی خُورد 25 گرام طباشیر 25 گرام

مقدارِ خوراک :۔ ایک تا دو گرام صبح و شام ہمراہ لسی دیں

فوائد: پہلی خُوراک میں 10 منٹ میں پیشاب کھل جائے گا اور سوزاک دُور کرنے میں مجرب ہے.

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا دنیاپور

Mazhar Hussain ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 21 at 10:16pm ·

☆ مریض:۔

عُمر 38 سال، شادی شدہ، چار بچے، دیکھنے میں صحتمند، ہسٹری مردانہ کمزوری

کمزور انتشار دخول سے پہلے انتشار کا کمزور ہو جانا، منی پتلی پانی کی طرح، خواہش میں کمی

انزال برائے نام پانی کی طرح، ایلوپیتھک و دیسی ٹوٹکے علاج کر چکا ہے کوئی فائدہ نہیں ہوا

ویاگرا Viagra گولیاں کافی عرصہ استعمال کر چکا ہے، بیوی کے نزدیک ہو تو بھی حرکت انتشار نہ ہو،

برائے مہربانی علاج تجویز کریں نوازش ہو گی، دواء کی طاقت مقدار خوراک اور کتنے دن استعمال کرائیں۔؟؟

Jamil Araf Jani
2 hrs ·

!! اسلام علیکم... سر پہلے جلاب دیں.. جوارش جالینوس دیں ایک ہفتہ صبح شام..

پھر گروپ میں رجوع کریں.. اللہ شفا دے گا.

Ahsan Abdul Haseeb
2000 ·

!! حب عنبر مومیائی جواہر مہرہ والی استعمال کریں.



Hakeem Ejaz Hakkeemjee

**!! سادہ غذا ورزش سیر اور نماز شفاء کی کنجیاں ہیں**

**یہ دوا کھائیں**

**لبوب خاص جواھر۔۔۔قرشی**

**سفوف مغلظ۔۔۔۔قرشی**

**دونوں ایک ایک چمچ چائے والا ناشتے سے گھنٹہ قبل ایک پاؤ دودھ سے کھائیں**

**جوارش شاہی۔۔قرشی**

**ایک چمچ صبح شام کھانے کے بعد ایک گھنٹہ پانی سے کھائیں**

**روزانہ ایک پاؤ دہی کھائیں**

**پندرہ دن جماع سے پرہیز رکھیں پھر مشغول ہوں**

**ایک ماہ دوا کھائیں**

**اللہ شافی کامل ہے۔**

**حکیم اعجاز حکیم جی**

Azmat Mirza ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 23 at 5:11am

☆ اسلام و علیکم... معزز حکماء صاحبان....

میرے بائیں بازو اور اُوپر سینے میں درد ہوتا ہے, 2,3 دن سے ہو رہا ہے. کل ECG بھی کروائی ہے.. ڈاکٹرز کہتے ہیں ECG ٹھیک ہے آپ کی.. وہ کہتے ہیں مسکلر pain ہے.. لیکن اب رات کو بازو کے بائیں جانب درد ختم ہو گیا ہے, لیکن اب دِل کے قریب یعنی دل کے نیچے جکڑن اور ہلکا ہلکا سا درد محسوس ہوتا ہے... گبراہٹ ہوتی ہے... Bp بھی low رہتا ہے... عمر 33 سال ہے میری... کوئی مشورہ یا علاج تجویز فرمائیں.؟؟

Hakeem Ejaz Hakkeemjee


!! دار چینی ادرک سونف کا قہوہ پئیں

آلو چاول گوبھی بڑا گوشت جُوس بوتل بند کردیں.

DrNaeem Shahid

!! محترم یہ مسئلہ دل کا نہیں ہے آپ کا نظام انہضام خوراک کو اچھے سے ہضم نہیں کر پاتا جسکی وجہ سے خوراک جسم کا حصہ نہیں بن رہی اور یہ مسائل پیش آ رہے ہیں۔ اگر مین وجہ کا علاج کروائیں تو مستقل مسئلہ حل ہو جائے گا۔ مزید تفصیلات کے لئے آپ اپنی مکمل تفصیلات بمعہ ٹیسٹ رپورٹس انباکس فرمائیں۔

**CBC . LFT . Lipid profile . uric acid .**



**Ihsanelahizaheer Ihsanelahizaheer**
**post**.
February 26 at 7:10pm ·

## مقوی اعضائے تناسل

کچلہ مدبر، جائفل، کونین جاوتری، مومیائی، لبن الخشخاش، جدوار خطائی زعفران، ثعلب مصری، شقاقل، ہر ایک 6ماشہ.

سم الفار 1ماشہ زنجفر مدبر 3ماشہ،

آئرن فاسفیٹ 9ماشہ

تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ سفوف کر کے ملالیں

اور شہد ملا کر گولیاں بنالیں چنے برابر

ایک گولی صبح وشام ہمراہ دودھ

مجلوقین کیلئے آبِ حیات ہے اور نامرد کو مرد بنادیتی ہے

سُستی، کمزوری کو دُور کر کے عضو میں قُوت اور چُستی وامساک پیدا کرتی ہے.

حکیم احسان الٰہی ظہیر

Sameer Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 26 at 8:19pm

## موبائل اُٹھائیں، میسج کریں اور کپاس کی مفت بیج اسکیم میں شامل ہو جائیں.

اگر آپ حکومتِ پنجاب سے کپاس کا خالص اور مستند بیج مفت میں یا معمولی قیمت پر حاصل کرنا چاہتے ہیں تو فوراً اپنا موبائل اٹھائیں اور ایک میسج ٹائپ کریں. میسج میں آپ سب سے پہلے CS0319 لکھیں، پھر اس کے ساتھ سپیس ڈالیں اور اپنا قومی شناختی کارڈ لکھیں. اب یہ میسج 8070 پر بھیج دیں.

مثال کے طور پر اگر راقم خود اس سکیم میں حصہ لینا چاہے تو اس طرح سے میسج ٹائپ کرے گا،

CS0319 3110345385573 اور پھر اس میسج کو 8070 پر بھیج دیا جائے گا.

میسج بھیجنے کے ساتھ ہی آپ اس سکیم میں شامل ہو جائیں گے. ایک بات کا دھیان رہے کہ میسج آپ نے اس سم سے کرنا ہے جو آپ کے نام پر ہو. بصورت دیگر گڑبڑ ہو سکتی ہے اور آپ اس سکیم سے باہر ہو سکتے ہیں.

ابھی حکومتِ پنجاب نے اس سے زیادہ کسی قسم کی مزید کوئی معلومات نہیں دی ہیں. ہو سکتا ہے حکومت نے ابھی بیج تقسیم کرنے کا طریقہ کار وضع کرنا ہو.

پچھلے سال کیا ہوا تھا؟ البتہ گزشتہ سال حکومتِ پنجاب نے درخواست دینے والے کسانوں کو 5 کلو بیج والا ایک ایک پیکٹ بالکل مفت دیا تھا.

گزشتہ برس کسانوں میں 5 مختلف اقسام کی ورائٹیاں تقسیم کی گئی تھیں جن میں ایف ایچ 142، آئی یو بی 2013 اور ایف ایچ لالہ زار کے علاوہ دو اور ورائٹیاں بھی شامل تھیں.

اس سال کیا ہو سکتا ہے؟ اگر موجودہ سال کی صورتِ حال کو دیکھا جائے تو حکومت نے سال 18-2017 کے بجٹ میں کسانوں کو ترقی دادہ کپاس کے بیج کی طرف راغب کرنے کے لئے 11 کروڑ روپیہ رکھا تھا.

امید کی جا سکتی ہے کہ حکومت اسی رقم سے اپنی سرپرستی میں بیج خرید کر کسانوں میں مفت تقسیم کرے گی. اور اسکیم میں حصہ لینے والے کسانوں کو کم از کم 5 کلو والا ایک پیکٹ تو ضرور ملے گا. البتہ بہت زیادہ کسان اگر اسکیم میں آ گئے تو پھر قرعہ اندازی بھی ہو سکتی ہے. بیج حاصل کر کے کسانوں کو مالی فائدہ تو اگرچہ زیادہ نہیں ہو گا لیکن ایک بات ضرور ہے کہ بیج ممکن حد تک تسلی بخش ہو گا. جسے کاشتکار حضرات اگلے سالوں میں کاشت کے لئے استعمال کر سکتے ہیں.

لٰہذا ایک میسج کرتے ہوئے کون سی دیر لگتی ہے. موبائل اٹھائیں اور میسج کر دیں. قسمت یا نصیب!

تحریر! ڈاکٹر شوکت علی... ماہرِ توسیعِ زراعت، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

**Copy/paste**



Saif Ali Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
February 26 at 6:30pm

## Epigea repens

یہ دوا پیشاب میں درد، پیشاب کا قطرہ قطرہ ہونا

اور پیشاب کے ساتھ اینٹھن کو دُرست کرنے میں مفید ثابت ہوئی ہے

ایک مریض کو جس کے پیشاب میں خُونی رسوب آرہا تھا اور جس کو درد کی حد سے زیادہ تکلیف تھی اس دوا کے دس قطرے دن میں چھ بار دیئے اس کے پیشاب میں مٹیالے رنگ کی بہت سی باریک ریت خارج ہوئی اور اس کی تمام تکلیف رفع ہو گئیں

مثانہ کا دیرینہ ورم پیشاب کے بعد اینٹھن، پیشاب میں پیپ مثانہ میں پتھری اور گردہ میں پتھری، پیشاب میں باریک رنگ کی باریک ریت، مثانہ کے منہ پر پیشاب کرتے وقت جلن، پیشاب کی نالیوں کا ورم اور پیشاب کا زیادہ مقدار میں آنا وغیرہ

پیشاب کی تکالیف کے لئے بہت مفید ہے نیز یہ دوا مثانہ اور گردہ میں پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے (یعنی ریت بنا کر) نکال دیتی ہے

طاقت: مدر ٹنکچر پانچ قطرے ہر تین گھنٹے بعد

تعلق: مقابلہ کرو:

مچیلا، یووا ارسی، ارٹیکا یورنس، چما فیلا، لائیکو پوڈیم، پریرا بریوا، کلکیریا رینالس، کینابس، اربوٹس

**نوٹ!!**

**ہومیوادویات اپنے قریبی ہومیو فزیشن کے مشورے سے استعمال کریں**

**اپنے علاج کے لیئے مکمل کیفیت عمروزن بلڈپریشر قبض گیس کی کیفیت سمیت مکمل معلومات کے ساتھ انباکس کریں**

**تحریر!**

**ڈاکٹر محمد گلزار خان صاحب**

**26-02-2018**



**Abd Ullah** ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 26 at 6:53pm ·

☆ اسلام علیکم !

حکماء حضرات سے رہنمائی کی درخواست ہے

رات کے وقت پیروں اور تلووں میں جلن ہوتی ہے

اس کی کیا وجہ ہو سکتی ہے اور علاج کیا ہے؟؟

**Saif Ali Khan**

!! عُمر وزن بلڈپریشر کی ریڈنگ ؟

**Saif Ali Khan**

!! اور یہ ٹیسٹ کروائیں.

**CBC +Esr**

**LFT**

**Uric acid**

**Lipid profile**

**Cratinin**

**Sugar**

Hakeem Saleem Sumra ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 25 at 8:53am ·

## اکسیرِ لُقمانی جریانی کیپسول

ھوالشافی:۔ مغزِ تمرِ ہندی، اجوائن خراسانی، تخم تالمکھانہ، سنگھاڑے خشک، کمرکس، بیج بند، لاجونتی ہر ایک سو گرام، کشتہ سہ دھاتہ پچیس گرام کُوٹ پیس کر اچھی طرح یکجان کرلیں تیار ہے. پانچ سو ملی گرام کیپسول بھر لیں ایک صبح و شام ہمراہ دودھ دیں.

فوائد:۔ احتلام، جریان، ذکاوتِ حِس، سرعتِ انزال، گرمی مثانہ دُور۔ مدت کورس پندرہ یوم کافی ہے.

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا ڈنیاپور

Rahman Khalil Kaler Adv ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 26 at 8:25pm ·

گوجرانوالہ کے مشہور عالم دین والد مرحوم حکیم مولانا شہباز احمد سلفی کے محترم دوست حکیم محمد بشیر چشتی چشتیہ دواخانہ سمن آباد فیصل آباد کی بیاض سے ایک امساک کا نسخہ گرم مزاجوں کے لئے.

عقر قرحا-1تولہ، تخم ریحان-2تولہ، چینی-3تولہ. تینوں اجزاء باریک پیس لیں

ترکیبِ استعمال:۔ چائے والی 1 چمچ رات کھانے کے بعد

بلغم والے مریضوں کو اِس سے فائدہ نہیں ہوگا اور مرحُومین کی مغفرت کے لئے دُعا کی درخواست ہے.

Sajid Butt ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 27 at 4:25pm ·

## گنّا_سستا_اور_میٹھا_علاج ♡♡♡ - :

گنّا کھانے کو ہضم کرتا ھے-

اور نظام ہاضمہ کو طاقت دیتا ھے۔

یہ جسم کو طاقت اور خون دینے کے ساتھ ساتھ موٹا بھی کرتا ھے- خشکی دور کرتا ھے- پیٹ کی گرمی اور جلن کو دور کرتا ھے- پیشاب کی جلن کو دور کرتا ھے-

اس کا بیلنے سے نکلا ہوا رس دیر سے ہضم ہوتا ھے-

چنانچہ اسے دانتوں سے چُوسنا زیادہ مفید ھے۔

اس طرح اس میں لعاب دہن شامل ہو جاتا ھے- جو ہاضم ھے۔

پوری دنیا میں شکر-گلوکوز-فروٹوز- گنّے سے حاصل کی جاتی ہیں۔اس کی گنڈیریاں بنا کر چُوسنے سے گرمی دور کرنے ،بدن سے زہریلی کثافتیں باہر نکالنے ،بدنی مشنری چلانے کے لئے گرمی پیدا کرنے والی شکر بنانے اور دانتوں کی میل کچیل صاف کر کے مسوڑوں کو حرکت دے کر مضبوط بنانے میں مدد ملتی ھے۔

2 گلاس گنّے کے رس میں 2 ہلکی چپاتیوں کے برابر غذائیت ہوتی ھے۔

جوان اور گرم مزاج رکھنے والے اگر کھانے کے بعد چند گنڈیریاں چوس لیں تو معدہ ہلکا، دانت صاف، اور طبعیت چُست اور ہشاش بشاش ہو جاتی ھے۔

گنے کے رس کا ایک گلاس پینے سے قبض ختم اور معدے کی تیزابیت میں کمی ہو جاتی ھے۔ ساتھ ساتھ بدنی تناؤ کم اور خون کا دباؤ گھٹ کر کم ہو جاتا ھے۔

اطباء کا کہنا ھے کہ دل کی گرمی اور دھڑکن کی زیادتی کو دُور کرنے لئے آدھا پاؤ سے آدھا سیر تک گنڈیریاں رات کو شبنم میں رکھ کر صبح کو بطور ناشتہ چوس لی جائیں تو چند ایام میں گرمی دُور اور دل مضبوط ہو جاتا ھے۔

بعض لوگ نیند کی کمی، طبعیت کے بھاری پن اور چڑ چڑے مزاج کا شکار رہتے ہیں۔ ایسے افراد بھی اگر صبح کے وقت گنڈیریاں چُوسیں تو نیند کی کمی دور طبعیت ہلکی پھلکی اور چڑ چڑا پن جاتا رہتا ھے۔

گلا بیٹھ جائے اور آواز بھاری ہو جائے تو گنے کو پانچ ساتھ منٹ بھوبل میں دبا کر چوسنے سے آواز صاف ہو جاتی ھے

گنّے کا رس بادی طبعیت رکھنے والوں کے لئے بے حد مفید ھے۔ اس سے قبض دور ہو جاتی ھے۔

ہرے پیلے رنگ کے قے ہو تو گنّے کا ٹھنڈا میٹھا رس بہت فائدہ دیتا ھے۔

اس کے سُونگھانے سے نکسیر بھی بند ہو جاتی ھے۔

خشک کھانسی دور ہو جاتی ھے بلغم صاف ہوتا ھے۔

یرقان کی بیماری میں آنکھیں اور پیشاب کا رنگ ذرد ہو جاتا ھے، بعض کا سارا بدن پیلا اور بدن میں خارش بھی ہو جاتی ھے۔اس کے لئے اگر تین تین گھنٹے کے بعد گنڈیریاں چُوسیں اور علاج کے ساتھ ساتھ گنّے کا رس بھی پئیں تو چند روز میں پیلاہٹ ختم اور صحت اچھی ہو جاتی ھے۔

بدن میں جابجا گلٹیاں اور گانٹھیں نمودار ہوں تو عمُر اور جسمانی طاقت کے مطابق چند روز تک صبح ہر ڑ کے ساتھ گنّے کا رس پیا جائے تو بڑھے ہوئے غدودوں اور گلٹیوں کا نام و نشان مٹ جاتا ھے۔



AD Dahiyo AD ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 27 at 10:58am ·

☆۵ ماہ سے کمر اور ٹانگوں میں شدید درد تھا اللہ پاک کا کرم ہوا اُستاد محترم عبدالکریم آزاد صاحب نے نسخہ عنایت کیا ۵ دن استعمال کیا مکمل فائدہ ہوا اللہ پاک سے دُعا ہے اُستاد محترم خُوش و آباد رہے۔

**Abdullah Abdullah**
Nuskha batladen mjhe bhi dard rahta he 1

**Umar Umarhayat**
Muje be send kry plz Mara be yhe maslha ha

**Sultan Sultan**
Bhi jaan mujhy bi send karu

**Zoya Mughal**
نسخہ بتایے

**Saif Ali Khan**
**Abdulkareem Azad** 1


**Abdulkareem Azad**

ماشاءاللہ! رب پاک نے آپ کو شفاء عطاء فرمائی بہت خُوشی ہوئی۔

## سفوف جوڑوں کے درد کے لئے:۔

سفید موصلی دو تولہ، اسگند دو تولہ، سورنجان شرین ایک تولہ، سونٹھ ایک تولہ، کلونجی ایک تولہ، گوند کیکر ایک تولہ، گوند مقل ایک تولہ سب کا باریک سفوف بنا کر پانچ سو ملی گرام کے کیپسول بھریں

استعمال خوراک:۔ ایک صُبح ناشتے کے بعد پانی سے، ایک رات کو کھانا کھانے کے بعد پانی سے پندرہ سے بیس دن استعمال کریں۔



**Ihsanelahizaheer Ihsanelahizaheer**
February 27 at 9:58pm ·

**نسخہ نوجوان نسل کے چہروں پر نکلنے والی پیپ بھری پھنسیوں کیلئے جو لڑکوں اور لڑکیوں کیلئے یکساں مفید ہے۔**

**نسخہ:**

**کوڑ 50 گرام**

**کچور 50 گرام**

**مجیٹھ 50 گرام**

**بل کتھ 50 گرام**

**تمام ادویات کوٹ چھان کر سفوف بنالیں، صبح دوپہر شام ایک ٹی سپون پانی کے ساتھ غذا کے بعد کھالیا کریں دنوں میں یہ بگڑا ہوا چہرہ پھر سے دمکنے لگ جائے گا.**

**اگر پھنسیاں نشان چھوڑ جائیں تو ہرگز گھبرانا نہیں مکئی کے آٹے کو کسی دوپٹے سے چھان کر میدہ سا نکال کر رات سونے سے قبل ایک دو چمچ دودھ میں گھول کر چہرے پر ماسک لگائیں پھر چند دنوں اس کا جادو ملاحظہ فرمائیں، بڑی بڑی قیمتی کریمیں اس کے سامنے عاجز نظر آئیں گی، آج ہی بنائیں....**

**Dr. Jamil Aqeel**



Hakeem Saleem Sumra ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 28 at 1:49pm

## حب ٹائیفائیڈ

ھوالشافی :۔خوب کلاں، منقٰی،انجیر برابروزن باریک پیس کر گولی بقدرِ نخودی بنالیں تیار ہے.

دو گولی دن میں تین بار ہمراہ پانی.. فوائد :۔ٹائیفائیڈ بُخار کی وجہ سے بھوک نہ لگنا کمزوری اور جراثیم فنا کرکے مریض تندرُست ہو جاتاہے اور بُھوک کھل جاتی ہے.



Saeed M. Ahmad ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 28 at 3:31pm

## خُوراک اور ہم

اللہ پاک نے قدرتی خوراک جگہ جگہ اگائی.اورانسان کے لئے سبزیاں، پھل اوراناج کے ساتھ بہت قلیل مقدار میں گوشت کو خوراکی طور پر پسند فرمایا.

انسان کی Demand پر Supply کو مکمل رکھنے کے جہاں اور کئی طریقے وضع فرمائے وہاں انسانوں کے نراورمادہ میں شادی کے رشتہ کو محبوب ترین فرمایا.

انسان نے خواہشات کے پیچھے پڑ کر مختلف جنسی طریقے ایجاد کئے. جس سے Demand کرنے والے بڑھتے چلے گئے.اس Demand کو پورا کرنے کے لئے انسان نے قدرتی اشیاء میں مصنوعی طریقے شامل کر کے مصنوعی اشیاء جو کہ فوائد میں کم اوراکثر نقصاندہ تھیں کو مارکیٹ کیا.

نقصان دہ اشیاء کی بہتات اور Demand اور Supply کو جاری رکھنے کے لئے انسان نے ان مصنوعی طریقوں کا انسانی جسم کو عادی کرنے کا پروگرام کامیابی سے نکالا، اور مضر صحت اشیاء کا انسانی جسم بظاہر عادی ہوتا گیا لیکن یہ Taste Developer تک تو کامیاب رہا مگر مضر صحت ہی رہا. جس سے نئی نئی بیماریاں جنم لیتی رہیں.

ان نئی نئی بیماریوں کی طرف سے ذہن ہٹانے کے لئے میڈیا پر طرح طرح کے خواہشات، اشتہا، اور نئی اقدار کے تعارف والے اشتہار عام کئے گئے.

وہ ہمارے ایک بزرگ سیاستدان کا مشہور مقولہ ہے ناں کہ "برائی اور جھوٹ کو لوگوں کے درمیان اتنا دہراؤں کہ وہ اسے سچ اور حق سمجھنے لگیں."

تو یہ ہو رہا ہے مسلسل ایک ہی چکر میں سب بیلوں کی طرح بندھے گھومے جا رہے ہیں. اور کوئی میڈیا کی بندھی پٹی کے پار دیکھنا پسند نہیں کر رہا.

اللہ پاک نے دھوپ، پانی، آگ، مٹی، اور ہوا ہمیشہ سے Free دئے ہوئے ہیں اور انہی میں انسانی صحت بھی رکھی ہے.

ہے کوئی اِن پر ریسرچ کرنے والا؟

ہے کوئی اِن سے فوائد اٹھانے والا؟

ہے کوئی انسان؟

Saif Ali Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
February 27 at 8:24am

# Neggla Stiva Q

میں خُود بناتاہوں آپ بھی بنالیں اِس میں موت کے علاوہ ہر مرض کی شفاء ہے کلونجی سے بنتی ہے ہر ماہ دو لیٹر بناتاہوں بہت آسان ہے آپ یقین کریں کہ 100 فیصد نتائج ہیں آپ ہر کمزور اور لاغر مریض کو دیں انشاءاللہ شفاء ہو گی.

20 روپے کی کلونجی لیں اور ڈیڑھ لیٹر صاف پانی میں ڈالدیں. 15 دن اندھیرے میں رکھیں روزانہ بوتل کو ہلاتے رہیں 15 دن کے بعد پہلے اس کو کپڑے سے چھان لیں پھر فلِٹر پیپر سے یا 3 ٹِشو کے تہہ لگا کر فلِٹر کر لیں ایک لیٹر دوائی میں 100 ml ڈائیلوشن (الکوحل) ڈال کر دس جھٹکے دیں.

آپ کے پاس خالص Neggla Stiva Q تیار ہے بے دھڑک ہو کے استعمال کریں کوئی سائیڈ ایفیکٹس نہیں ہیں. ہر قسم کی کمزوری، پُرانے امراض، کینسر، یرقان، یہاں تک کہ ہر مرض میں استعمال کریں.

10 قطرے 1/4 کپ پانی میں ملا کر پینا ہے، دن میں 3 بار خالی پیٹ.

میری کوشش ہوتی ہے کہ آپ کے لئے اس طرح عام لکھوں اور آپ ایک اچھے ہومیو پیتھک بن جائیں تو میں سمجھونگا کہ میرے دُنیا میں پودے لگ گئے جب ہوا دینگے مجھے ثواب ملتا رہیگا۔ (راناا سلم)



Ashraf Saanji ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 26 at 11:29am · Karachi ·

## کیا_آپ_جانتے ہیں؟

ہماری ناف اللہ سبحان تعالیٰ کی طرف سے ایک خاص تحفہ ہے۔

62 سال کی عمر کے ایک بوڑھے آدمی کو لیفٹ آنکھ سے صحیح نظر نہیں آرہا تھا، خاص طور پر رات کو تو اور نظر خراب ہوجاتی تھی۔ڈاکٹروں نے انہیں بتایا کہ آپ کی آنکھیں تو ٹھیک ہیں بس ایک پرابلم ہے کہ جن رگوں سے آنکھوں کو خون فراہم ہوتا ہے وہ سُوکھ گئی ہیں۔

سائنس کے مطابق سب سے پہلے اللہ کی تخلیق انسان میں ناف بنتی ہے جو پھر ایک کارڈ کے ذریعے ماں سے جڑ جاتی ہے۔اور اس ہی خاص تحفے سے جو باظاہر ایک چھوٹی سی چیز ہے ایک پورا انسان فارم ہو جاتا ہے۔ سبحان اللہ،

ناف کا سوراخ ایک حیران کن چیز ہے۔سائنس کے مطابق ایک انسان کے مرنے کے تین گھنٹے بعد تک ناف کا یہ حصہ گرم رہتا ہے وجہ اس کی یہ بتائی جاتی ہے کہ یہاں سے بچے کو ماں کے ذریعے خوراک ملتی ہے۔بچہ پوری طرح سے 270 دن میں فرم ہو جاتا ہے یعنی 9 مہینے میں۔

یہ وجہ ہے کہ ہماری تمام رگیں اس مقام سے جڑی ہوتی ہیں۔اس کی اپنی ایک خود کی زندگی ہوتی ہے۔ پیچوٹی ناف کے اس سوراخ کے پیچھے موجود ہوتی ہے جہاں تقریبا 72،000 رگیں موجود ہوتی ہیں۔ہمارے جسم میں موجود رگیں اگر پھیلائی جائیں تو زمین کے گرد دو بار گھمائی جا سکتی ہیں-

آنکھ اگر سوکھ جائے، صحیح نظر نا آتا ہو، پِتہ صحیح کام نا کر رہا ہو، پاؤں یا ہونٹ پھٹ جاتے ہوں، چہرے کو چمک دار بنانے کے لیے، بال چمکانے کے لیے، گھٹنوں کے درد، سستی، جوڑوں میں درد، سکن کا سوکھ جانا۔ آنکھوں کا سوکھ جانا، صحیح نظر نہ آنا، گلوئنگ کھال اور بال کے لیے روزرات کو سونے سے پہلے تین قطرے خالص دیسی گھی کے یا ناریل کے تیل کے ناف کے سوراخ میں ٹپکائیں اور تقریباً ڈیڑھ انچ ناف کے ارد گرد لگائیں۔

گھٹنوں کی تکلیف دور کرنے کے لیے تین قطرے ارنڈی کے تیل کے تین قطرے سوراخ میں ٹپکائیں اور ارد گرد لگائیں جیسے اوپر بتایا ہے۔ کپکپی اور سستی دور کرنے کے لیے اور جوڑوں کے درد میں افاقہ کے لیے اور سکن کے سوکھ جانے کو دور کرنے کے لیے سرسوں کے تیل کے تین قطرے اوپر بتائے گئے طریقے کے مطابق استعمال کریں۔

ناف کے سوراخ میں تیل کیوں ڈالا جائے؟

ناف کے سوراخ میں اللہ نے یہ خاصیت رکھی ہے کہ جو رگیں جسم میں اگر کہیں سوکھ گئی ہیں تو ناف کے ذریعے ان تک تیل پہنچایا جا سکتا ہے۔ جس سے وہ دوبارہ کھل جاتی ہیں۔

بچے کے پیٹ میں اگر درد ہو تو ہینگ پانی اور تیل میں مکس کر کے ناف کے ارد گرد لگائیں چند ہی منٹوں میں انشاءاللہ، اللہ کے کرم سے آرام آجائے گا۔

دعاؤں میں پوری امت کو یاد رکھیں۔ جزاک اللہ خیرا۔ طالبِ دُعا۔

بشکریہ: توصیف احمد قریشی

Tanveer Shahid ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 28 at 10:38pm ·

## پبلک میسج!!

احباب سے گزارش ہے کہ نسخہ بتاتے وقت مریض کی کیفیت ومزاج کے ساتھ ساتھ مرض کی وجہ بھی جان لیا کریں جب وجہ ختم کی جائے گی تو مرض نہ صرف ختم ہو گا بلکہ مستقل مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔۔۔

مگر اندھاؤ ھند نسخہ بازی سے طب بھی بدنام ہوتی ہے بلکہ مریض بھی بے چارہ مایوس ہو جاتا ہے

اور پھر پہنچا ہوا حکیم سونا بھی دے تو پیتل لگتا ہے۔۔۔۔۔

اسی طرح مستند حکیم اگر سونا ہوتا ہے تو اسکا نسخہ بھی یقیناً ہیرا ہوا کرتا ہے۔۔۔

گروپ میں ملنے والا کوئی نسخہ اگر پسند آئے تو بہتر ہے کسی قریبی حکیم سے مل کر اسے اپنے مزاج کے مطابق ایڈجسٹ کروالیا جائے.

اس سے پیسہ بھی بچے گا اور وقت بھی اور سائیڈ ایفیکٹ کے خطرات بھی ختم ہو جاتے ہیں.

ایڈمنز گروپ ہذا!

ڈاکٹر تنویر شاہد

Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 28 at 11:54pm

## جوارِش بِسباسہ (جاوتری)

وجہ تسمیہ اپنے جزءخاص جاوتری سے منسوب ہے.

افعال وخواص اور محل استعمال برودت معدہ اور بد ہضمی کو رفع کرتی ہے. ریاحی دردوں میں مفید ہے۔ کھانے کے بعد اِس کا استعمال ہضم طعام میں مدد دیتا ہے. ریاح کی پیدائش اور کلانی شکم (پیٹ بڑھنے) کو روکتی ہے. نافع بواسیر، دافع ریاح غلیظہ ہے.

جزءخاص بسباسہ (جاوتری)

دیگر اجزاء مع طریقۂ تیاری:۔

بسباسہ، تج قلمی، ہیل خرد، زنجبیل، فلفل دراز، دار چینی، اساروں ہر ایک ۱۰۔۱۰ گرام، قرنفل ۲۰ گرام فلفل سیاہ ۲۵ گرام، ہیل کلاں ۵۰ گرام.

تمام ادویہ کو کُوٹ پیِس کر قندِ سفید ۵۰ گرام کے قوام میں ملائیں اور مرکب بنائیں.

مقدار خوراک ۵تا۱۰ گرام




**Haadia Fatima**